تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ہی ہے جو عقل شعور اور ہمت عطا کرتا ہے (حدیث)

ABC CERTIFIED

کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی، اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ

فون نمبر: 2834643
فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

روزنامہ ہمت کوئٹہ

بانی زمرد حسین (مرحوم)

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 25 | جمعرات 24 ستمبر 2026ء | 11 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 344

شعبان، کیچ اور کوئٹہ میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 19 دہشتگرد ہلاک

فائرنگ کے تبادلے کے دوران محمد جمیل فرض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا، ایپکس کمیٹی کی منظور کردہ "عزم استحکام" مہم کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی

ہلاک دہشتگردوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور 3 موٹر سائیکلیں برآمد، دہشتگرد عناصر بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، دہشتگردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے شعبان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی کینیا کے صدر ولیم روٹو سے ملاقات، مشرقی افریقی برادری سے روابط میں دلچسپی کا اظہار

نیویارک (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پوری پشتون قوم کو مبارکباد دیتا ہوں، گورنر

انسانی تہذیب کا سفر دراصل انسان کی مسلسل تخلیقی، فکری اور سماجی ترقی کی داستان ہے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پوری پشتون قوم بالخصوص نوجوانوں کو مبارکباد دیتے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشتون کلچر ڈے 23 ستمبر بدھ کو جوش و خروش سے منایا گیا

جہانیاں (آن لائن) پشتون کلچر ڈے 23 ستمبر

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم خصوصی فیول ریلیف سکیم، حمزہ شہباز کی زیر صدارت اہم اجلاس

لاہور (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ پنجاب اور مسلم

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ثقافتی ورثے کا تحفظ نئی نسل کو اپنی تاریخ سے جوڑنے کا ذریعہ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

پشتون ثقافت میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، بھائی چارے اور انسان دوستی کی اعلیٰ روایات نمایاں ہیں

بلوچستان میں بسنے والی تمام اقوام کی ثقافتیں اور زبانیں صوبے کے مشترکہ ثقافتی ورثے کا حصہ ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا ایک اہم اور خوبصورت حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پشتون ثقافت میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، بھائی چارے اور انسان دوستی کی اعلیٰ

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عالمی سطح پر توجہ کا مرکز توانائی کے تحفظ پر مرکوز ہو چکا ہے، سینیٹر اورنگزیب

وزیر خزانہ اورنگزیب کی نیویارک میں عالمی رہنماؤں، کاروباری شخصیات اور بین الاقوامی اداروں کے سربراہان سے اہم ملاقاتیں

توانائی کا تحفظ، پی آئی اے کی جدید کاری، بیپا ٹائٹس سی کے خاتمے کے قومی پروگرام میں تیزی اور موسمیاتی فنانسنگ تک رسائی پر تبادلہ خیال

نیویارک (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے سلسلے میں نیویارک کے دورے کے دوران عالمی رہنماؤں، کاروباری شخصیات اور بین الاقوامی اداروں کے سربراہان سے اہم

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دینی مدارس کے بینک اکاؤنٹس کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا، علامہ اشرفی

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سلامتی کونسل کی کوہاٹ میں 18 ستمبر کو مسجد میں ہونے والے دہشتگردی کے واقعے کی شدید مذمت

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی حکومت کا سول ایوارڈز کے نظام میں اصلاحات کا فیصلہ، 16 رکنی کمیٹی تشکیل

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے ملک

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شہباز شریف کی بوسنیا کے صدارتی کونسل کے چیئرمین سے ملاقات

سیاسی، اقتصادی، دفاعی، تعلیمی اور ثقافتی تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال

نیویارک (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کیساتھ برادرانہ تعلقات پر فخر ہے، وزیراعظم

سعودی قومی دن، وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی فرمانروا، ولی عہد اور عوام کو مبارکباد، پاک سعودی برادرانہ رشتہ مضبوط اسٹریٹجک شراکت داری میں تبدیل ہو رہا ہے، شہباز شریف

دونوں ممالک نے مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے ہیں، حالیہ حوثی حملوں، بالخصوص مقدس شہر مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی قابل مذمت کوشش کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر سعودی فرمانروا، ولی عہد اور سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی ترقی اور تبدیلی کا شاندار سفر نہ صرف سعودی قوم بلکہ پاکستان کے لیے بھی باعث فخر اور قابل تحسین ہے۔ وزیراعظم نے اپنے پیغام میں کہا کہ ولی عہد محمد بن سلمان کی متحرک اور بصیرت افروز قیادت میں سعودی عرب خوشحالی اور جدت کی جانب متاثر کن

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس سے ملاقات کر رہے ہیں

جموں و کشمیر تنازع اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود ہے، اسحاق ڈار

او آئی سی رابطہ گروپ اجلاس، اسحاق ڈار کا کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت پر زور، اقوام متحدہ کی قراردادوں کو اہمیت دیجائے

کوئی قانون سازی، عدالتی فیصلہ یا انتخابی عمل کشمیریوں کے حق خودارادیت کا متبادل نہیں، کشمیر کی ثقافت تبدیل کرنیکی کوشش کی جارہی ہے

نیویارک (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کشمیری عوام کے حق

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک فورسز کی جانب سے طالبان کی جانب سے بھیجے گئے ڈرون گرائے جانے کا منظر

پاکستان دہشتگردی کیخلاف دنیا اور دہشتگردی کے درمیان مضبوط دیوار ہے، محسن نقوی

محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر کی ملاقات، پاک امریکا تعلقات اور سرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال

امریکی سفیر کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین، ملاقات میں سیکورٹی امور پر رابطے جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی، جس میں

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پولیو سیکورٹی پولیس ٹیم پر حملہ قابل مذمت ہے، بلاول بھٹو زرداری

شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ سے گہرے دکھ اور دلی تعزیت کا اظہار

لاہور/اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے نوشکی میں پولیو ورکرز کی حفاظت پر مامور پولیس ٹیم پر ہونے والے

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شہباز شریف کی بل گیٹس سے ملاقات

نیویارک (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک سعودی تعلق محض سفارت کاری نہیں، مضبوط بندھن ہے

پاک سعودی تعلقات دفاع، سلامتی، معیشت اور اسٹریٹجک تعاون تک وسعت اختیار کر چکے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) سعودی عرب کے 96 ویں

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشکان میں بڑی اسمگلنگ کی کوشش ناکام

نیویارک (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی قابل تحسین ہے، بابر یوسفزئی

صوبے میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں

کوئٹہ (یو این اے) معاون خصوصی وزیر داخلہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹیکس دہندگان کیلئے ٹیکس نظام کو شفاف اور سہل بنایا جا رہا ہے

پالیسی سازی میں تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مؤثر بنایا جائیگا، چیئرمین ایف بی آر

لاہور (آن لائن) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے کہ ٹیکس دہندگان کیلئے ٹیکس نظام کو مزید آسان، شفاف اور سہل بنایا جا رہا

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلاول بھٹو زرداری نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام سمیت پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد پیش

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پشتون کلچر ڈے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نعمان محمود مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے پہلے سیکرٹری جنرل مقرر

اتحاد کا جنرل سیکرٹریٹ ریاض میں قائم کیا جائے گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت پاکستان نے

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ریاست دشمن عناصر کیلئے بلوچستان میں کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں، شاہد رند

مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں ایک جوان زخمی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث خطرات کا سامنا ہے، وزیر خزانہ

موسمیاتی سرمایہ کاری کے منصوبوں کو مؤثر بنانے کی ضرورت ہے، سینیٹر اورنگزیب

نیویارک (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید خطرات کا سامنا ہے، موسمیاتی سرمایہ کاری

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حکمرانوں کی سلامتی اور کامیابی کے لیے دعا کی گئی، وفاداری اور حب الوطنی کا اہم اظہار، الشیخ ایاد بن احمد الشکری

اسلام آباد (آن لائن) مسجد نبوی کے مؤذن الشیخ ایاد بن احمد الشکری نے سعودی عرب کے 96 ویں

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

طالبان رجیم کے 8 ڈرونز پاک ایئر ڈیفنس نے مار گرائے

چار ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں جبکہ 4 ڈرونز کوہاٹ سے متصل سرحد پر گرائے گئے

گزشتہ رات افواج پاکستان نے کرم سیکٹر میں طالبان رجیم کے متعدد مورچوں کو نشانہ بنایا تھا

اسلام آباد (آن لائن) افواج پاکستان کے فعال اور مستعد ایئر ڈیفنس سسٹم نے بدھ کی صبح افغان طالبان رجیم کی جانب سے پاکستان کی فضائی حدود میں داخل

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خواتین کمیشنز کے سربراہان کی تقرری میں تاخیر پر قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی برہم

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی برائے جینڈر مین اسٹریمنگ نے قومی کمیشن برائے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشنز پوری قوت سے جاری رہیں گے، محسن نقوی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ کے چارٹر اور عالمی قوانین کے اصولوں کی پاسداری ضروری ہے، اسحاق ڈار

نیویارک (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی آسٹریا کی وزیر خارجہ بیٹ مینکل رائزنگر سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان اور آسٹریا کے مابین دوطرفہ تعلقات کے مثبت سفر پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور تجارت، سرمایہ کاری، اقتصادی تعلقات اور تعلیم میں تعاون بڑھانے پر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات کا باضابطہ آغاز

موجودہ دورے کے دوران پاکستان کے ساتھ اہم مالیاتی پروگرامز کا جائزہ لیا جا رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سیکرٹری داخلہ کا نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی ہیڈکوارٹرز کا دورہ

اسلام آباد (آن لائن) سیکرٹری داخلہ احمد رضا سرور نے نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کرم سیکٹر میں دراندازی کی کوشش ناکام، بھرپور جوابی کارروائی

متعدد افغان پوسٹیں خالی، مارٹر پوزیشنز اور دفاعی چوکیوں کو نشانہ بنایا گیا، سیکیورٹی ذرائع

راولپنڈی (آن لائن) کرم سیکٹر سے پاکستان میں

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کی معیشت پر تازہ جائزہ

پاکستان کی معاشی نمو برقرار، مہنگائی 7.1 فیصد، 2027 میں شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی

اسلام آباد (آن لائن) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کی پاکستان کی معیشت کے بارے میں تازہ جائزہ رپورٹ میں مالی سال 2026 کے دوران

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بیرون ملک نیشنلٹی کا حصول اور آزاد کشمیر کا امن، ذاتی مفادات کے لیے انتشار پھیلانے کا مکروہ کھیل بے نقاب

مظفر آباد (آن لائن) آزاد کشمیر میں احتجاج اور دھرنوں کی آڑ میں چھپے حقیقی محرکات ایک بار پھر بے نقاب ہو گئے ہیں، جہاں مظفر آباد کی رہائشی سمیرا جہانگیر کے ایک ہوشربا اعتراف نے اس فسادی جتھے کے پشیدہ اصل مقاصد کو دنیا کے سامنے عیاں کر دیا ہے۔ ذاتی اور بیرونی مفادات کے لیے خطے کے امن کو داؤ پر لگانے کا یہ گھناؤنا چہرہ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بی این پی عوامی کا تمام پشتون قوام کو پشتون کلچر ڈے کی مبارکباد

ثقافت کی تحفظ آنے والی نسلوں کے ساتھ اپنے تہذیبی رشتے کو مضبوط بنانے کے مترادف ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پارٹی کے مرکزی صدر سابق سینیٹر

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بحریہ اور کوسٹ گارڈز کا مشترکہ آپریشن، بڑی مقدار میں ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ ناکام

انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں شراب اور غیر قانونی ادویات برآمد، ممنوعہ اشیا تحویل میں لے لی گئیں، مشترکہ کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا

مشترکہ کارروائی ادارہ جاتی رابطہ کاری اور مؤثر تعاون سے اسمگلنگ کی روک تھام میں اداروں کے فعال کردار کی عکاس، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے بلوچستان کے علاقے پشکان میں مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ انسداد اسمگلنگ آپریشن کرتے ہوئے بڑی مقدار میں ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ کارروائی جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈینیشن سینٹر کی معاونت سے کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق مشترکہ کارروائی کے دوران

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، اردوان

جنوبی ایشیا میں امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے، جنرل اسمبلی سے خطاب

ترک صدر نے فلسطین سمیت تمام مظلوم اقوام کا مقدمہ بھی جنرل اسمبلی میں پیش کیا

نیویارک (آن لائن) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ جنوبی ایشیا

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک بنگلہ دیش کا متعدد شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تعاون کو مزید وسعت دے سکتے ہیں، رانا تنویر حسین

روم (آن لائن) پاکستان اور بنگلہ دیش نے ٹیکنالوجی اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں زراعت، لائیو سٹاک، ماہی گیری، زرعی تحقیق، جدید

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق یورپی پارلیمنٹ کے وفد کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سپیکر نیشنل اسمبلی مالدیپ کا پی آئی اے ہیڈ آفس کا دورہ، براہ راست پروازیں شروع کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) بحر ہند کے برادر ملک مالدیپ کی نیشنل اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ کی

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کے قومی دن پر آئی ایس پی آر کا خصوصی نغمہ "ایک دوجے کے دل دھڑکن" جاری

راولپنڈی (آن لائن) سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں غزہ کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس، اسحاق ڈار کا دو ریاستی حل پر زور

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں غزہ کی صورتحال اور فلسطین کے مسئلے کے حل کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، جس میں پاکستان سمیت مختلف ممالک کے وفود نے شرکت

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بجلی چوری کی نشاندہی اور نقصانات میں کمی کے لیے تمام ڈسکوز کے تکنیکی آڈٹ کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ اور وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے بدھ کو وزیراعظم کی ہدایت پر ڈسکوز

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خیبرپختونخوا کے حالات انتہائی خراب ہیں، بیرسٹر عقیل

خیبر پختونخوا کے اندر گورننس کے ایشوز ہیں، صوبے کے عوام کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے حالات خراب ہیں اور وہاں گورنر راج کے حوالے سے غور ہو رہا ہے۔ ایک

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نئے صوبے، 76 فیصد نوجوانوں نے رائے دے دی

بلوچستان میں 71 فیصد نوجوان نئے صوبوں کے حق میں؛ سندھ میں 59 فیصد حمایت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے چاروں

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حوثی دہشتگرد ملیشیا کا مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانا گھناؤنا جرم ہے، شاہ سلمان

سعودی فوج اور سیکیورٹی اداروں کو مقدس مقامات، زائرین اور شہریوں کے دفاع پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

سعودی پریس ایجنسی کے مطابق شاہ سلمان نے کہا ہے کہ مقدس شہر کو نشانہ بنانا دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو مشتعل کرنے کی کوشش ہے

ریاض (آن لائن) سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے یمنی حوثیوں کو "دہشت گرد ملیشیا" اور ان کی مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کو گھناؤنا جرم

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عطاء اللہ تارڑ کی تاج محمد آفریدی اور جنت شیر آفریدی کے انتقال پر تعزیت

پشاور (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ سابق سینیٹر تاج محمد آفریدی اور الحاج جنت

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں پاکستانیوں کو سیاسی سرگرمیوں سے دور رہنے کی ہدایت

سعودی عرب کے مقامی قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

ریاض (آن لائن) سعودی عرب میں پاکستانی سفارتخانے نے وہاں مقیم پاکستانی شہریوں کو سیاسی سرگرمیوں، مظاہروں اور سیاسی نظریات کی تشہیر سے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران جنگ میں ایک امریکی فوجی کی ہلاکت کی تصدیق

ایران جنگ میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی مجموعی تعداد 19 ہو گئی ہے، پینٹاگون

واشنگٹن (آن لائن) امریکی محکمہ دفاع نے ایران کے خلاف جنگ میں ایک اور امریکی فوجی کی ہلاکت کی تصدیق کر دی۔ پینٹاگون کے مطابق ایران جنگ میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی مجموعی تعداد 19 ہو گئی ہے۔ واضح رہے کہ رواں ماہ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے سید ظفر آغا اور سابق وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی انجینئر احمد فاروق بازئی ملاقات کر رہے ہیں

ایران نے اپنا موقف اور شرائط امریکا تک پہنچا دیں، اسماعیل بقائی

نیو یارک میں امریکی فریق کے ساتھ رابطہ قطری ثالث کے ذریعے ہوا ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کی میڈیا سے گفتگو

شرائط میں بحری ناکہ بندی، معاشی جنگ کا خاتمہ اور ایرانی اثاثوں کی بحالی بھی شامل ہے، دوطرفہ ملاقاتوں کا سلسلہ جاری

تہران (آن لائن) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ نیو یارک میں امریکی فریق کے ساتھ رابطہ قطری ثالث کے ذریعے ہوا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ایران نے اپنا موقف اور شرائط

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پولیس آپریشنز، فائرنگ کے تبادلے کے بعد 10 ملزمان گرفتار

سنیچرز اور اشتہاری عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، اسلحہ اور مسروقہ سامان برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل سنیچرز، مطلوب، مفرور، اشتہاری اور سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان سے دہشت گردی پاکستان کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے، ایاز صادق

اسپیکر قومی اسمبلی سے یورپی یونین کے وفد کی ملاقات: پاک۔ ایورپی یونین پارلیمانی فرینڈشپ گروپ بنانے کی تجویز

پاکستان کا خطے میں امن کیلئے کردار قابلِ ستائش ہے، یورپی یونین پاکستان کے ساتھ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، وفد کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے یورپی پارلیمنٹ کی رکن ماریہ خان کی قیادت میں یورپی یونین کے ایک اعلیٰ سطحی پارلیمانی وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلقات، علاقائی و عالمی امور، دہشت گردی کے چیلنجز، موسمیاتی تبدیلیوں اور اقلیتوں کے حقوق سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس موقع پر

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چمن اور پاک افغان سرحدی علاقوں میں 3.8 شدت کا زلزلہ

زلزلے کی گہرائی 12 کلومیٹر، مرکز چمن کے قریب پہاڑی سلسلے میں جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں

چمن (یو این اے) بلوچستان کے سرحدی شہر چمن اور گردونواح سمیت پاک افغان سرحدی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 3.8 ریکارڈ کی گئی، جبکہ اس کی گہرائی 12 کلومیٹر تھی۔ زلزلے کا مرکز چمن کے قریب واقع پہاڑی سلسلے میں بتایا گیا ہے۔ زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر حفیظ اللہ لطیف سے متعلق تقریب کے دوران فن پاروں کا معائنہ کر رہے ہیں

پشتون کلچرل ڈے تہذیبی و ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتا ہے، حاجی ولی محمد نورزئی

پشتون ثقافت، روایات، زبان اور تاریخی اقدار کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر پشتون قوم سمیت صوبے بھر کے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط شاندار تاریخ، روایات، اقدار، زبان، مہمان نوازی اور رواداری کی آئینہ دار ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پشتون کلچرل ڈے منانے کا مقصد اپنی ثقافتی شناخت اور تاریخی ورثے کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ نئی نسل کو اپنی تہذیب وروایات سے روشناس کرانا ہے۔ پشتون معاشرے کی روایتی اقدار میں عزت، اخوت، مہمان نوازی، جرگہ، برداشت اور باہمی احترام کو نمایاں مقام

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شعیب نوشیروانی سے توبہ کاکڑی اور برشور کے قبائلی عمائدین کی ملاقات

مقامی زمینوں کی ملکیت، الاٹمنٹ اور اس حوالے سے درپیش تحفظات سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے توبہ کاکڑی اور برشور سے تعلق رکھنے والے قبائلی عمائدین نے ملاقات کی، جس میں پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کو مقامی زمینوں کی الاٹمنٹ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے صوبائی وزیر کو مقامی زمینوں کی ملکیت، الاٹمنٹ اور اس حوالے سے درپیش تحفظات سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ وفد نے اپنا موقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ زمینیں مقامی قبائل اور مقامی مالکان کی ملکیت ہیں، اس لیے ان

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ماہی گیروں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہرممکن کوشش کی جائیگی، سائرہ عطاء

ماہی گیروں کے ساتھ ہونے والی زیادتیاں کسی صورت برداشت نہیں، کمشنر لسبیلہ

وندر (یو این اے) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ساحلی علاقے ڈام بندر میں منعقدہ کھلی کچہری اور محکمہ فشریز و فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اپنے خطاب میں کہا کہ ماہی گیروں کے ساتھ ہونے والی زیادتیاں کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی ڈام بندر میں صرف کشتے موجود ہیں لیکن ان میں سانس اور روح نہیں ایمرجنسی کی صورت میں کسی کو ریسکیو کرنے تک کے آلات موجود نہیں صوبائی حکومت ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈام بندر اور سونمیانی میں جاری منصوبوں

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں پاکستان نیوی اور کوسٹ گارڈز کی کارروائی اسمگلنگ ناکام بنادیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے علاقے پشوکان میں پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈینیشن سینٹر کے اشتراک سے کی۔ آپریشن

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد

کوئٹہ (آن لائن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے گزشتہ روز ایک سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں ژوب سے تعلق رکھنے والے قبائلی رہنماء عبداللہ خان کاکڑ، ملک نصیر مندوخیل، ملک نصیر خان مندوخیل، ملک سردار خان مندوخیل، میر عطا اللہ احمدزئی، جمعہ خان اچکزئی اور پیرزادہ میر خان نے گورنر بلوچستان

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خاران مغوی ڈپٹی کمشنر کے دو محافظ بازیاب

کوئٹہ (آن لائن) خاران کے مغوی ڈپٹی کمشنر کے دو محافظ بازیاب ہوگئے جبکہ ڈپٹی کمشنر اور ایک محافظ تا حال لاپتہ ہے پولیس کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو گزشتہ دنوں مسلح افراد کے ہاتھوں اغواء ہونے والے گن مین ڈرائیور بیبرک اور یوسف بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے جبکہ ڈپٹی کمشنر اور ان کا ایک حوالدار تا حال لاپتہ ہے جن کی بازیابی کیلئے حکومت اور سیکورٹی فورسز کارروائی کر رہی ہے۔

ناقص پالیسیوں کی بدولت ملک دلدل میں پھنس چکا ہے، قاسم بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی بدولت ملک دلدل میں پھنس چکا ہے ملک کو بحرانوں سے پاکستان غریبوں کی پارٹی ہی باہر نکال سکتی ہے، سیاسی و مذہبی پارٹیوں سے عوام مایوس ہو چکے ہیں جنہوں نے عوام کی خدمت

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلعہ سیف اللہ 85 کروڑ روپے سے زائد کے 53 ترقیاتی منصوبے مکمل

کوئٹہ/قلعہ سیف اللہ (آن لائن) بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے میں ترقیاتی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں، اور اس سلسلے میں ضلع قلعہ سیف اللہ میں فیز ون اور فیز ٹو کے مجموعی طور پر 53 ترقیاتی منصوبے کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیے گئے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ضلع

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق ڈپٹی سپیکر ثمینہ لہڑی، ایڈووکیٹ فرید و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

پشتون کلچر ڈے امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے، صادق سنجرانی

ملک کی تمام ثقافتیں باہمی احترام، رواداری، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کا خوبصورت مظہر ہیں

نوکنڈی (آن لائن) سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ پشتون کلچر ڈے ثقافتی روایات، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین سینیٹ حاجی محمد صادق خان سنجرانی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر نوکنڈی "آن لائن" انٹرنیشنل نیوز نیٹ ورک کے نمائندہ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، رواداری اور بھائی چارے کے باعث منفرد مقام رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ ثقافتی دن منانے کا مقصد اپنی تہذیب، روایات اور اقدار کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو اپنے شاندار ثقافتی ورثے سے روشناس کرانا ہے محمد صادق خان سنجرانی نے پشتون

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشتون ثقافت بھائی چارے کی خوبصورت عکاس ہے، کوہیار ڈومکی

بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے، صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس، چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی قدیم روایات، تہذیب، زبان، ادب، مہمان نوازی، رواداری، بہادری اور بھائی چارے کی خوبصورت عکاس ہے۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ پشتو زبان، ادب، روایتی لباس اور ثقافتی اقدار پشتون قوم کی قیمتی تاریخی ورثے کا حصہ ہیں، نئی نسل کو اپنی ثقافت اور روایات سے روشناس کرانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاک ایران اعلیٰ سطحی مذاکرات علاقائی امن کیلئے بریک تھرو ہیں، سینیٹر عبدالقادر

بارڈر مینجمنٹ اور بارڈر مارکیٹس کے تحرک سے بلوچستان کی معاشی بحالی اور مقامی آبادی کو روزگار میسر آئے گا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاک ایران اعلیٰ سطحی مذاکرات علاقائی امن، بارڈر سیکیورٹی اور معاشی ترقی کیلئے بریک تھرو ہیں تہران مذاکرات سے دونوں ممالک کے سفارتی، معاشی اور دفاعی تعلقات کو نئی جلا ملے گی پاک ایران بارڈر مینجمنٹ اور بارڈر مارکیٹس کے تحرک سے بلوچستان کی معاشی بحالی اور مقامی آبادی کو روزگار میسر آئے گا۔ 900 کلومیٹر طویل مشترکہ سرحد کو امن اور تجارت کی راہداری بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ بات جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ میں 349 جوانوں کی بھرتی کا عمل مکمل

بھرتی کے دوران تمام امیدواروں کے لیے یکساں مواقع اور مقررہ قواعد وضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل آئی جی پی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد کی سربراہی میں قائم ریکروٹمنٹ کمیٹی اور ڈپٹی کمانڈنٹ، ڈی آئی جی پولیس محترمہ شہلا قریشی کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ میں جوانوں کی بھرتی کا عمل انتہائی شفاف انداز میں میرٹ کی بنیاد پر مکمل کرلیا گیا۔ بھرتی کے دوران تمام امیدواروں کے لیے یکساں مواقع اور مقررہ قواعد وضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا۔ بھرتی کے عمل کے نتیجے میں جنرل کیڈر میل کوٹہ کے تحت 298، لیڈیز کوٹہ میں 44 جبکہ اقلیتی کوٹہ کے تحت 07 جوانوں کی بھرتی عمل میں لائی گئی، یوں مجموعی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشتون ثقافت صدیوں پر محیط تاریخ کی امین ہے، شیخ بلال مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، اور سینیٹر پاکستانی و کامرس کمیٹی کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلات میں ایدھی ایمبولینس اغوا کرلیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) صوبہ بلوچستان میں ایدھی ایمبولینس اغوا کرلیا گیا صوبہ بلوچستان کی ایدھی ایمبولینس بی ایس EA2008 سول اسپتال قلات سے 110 کلومیٹر کے فاصلے پر گیڈر کے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سکیورٹی فورسز نے 103 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا

کوئٹہ (آن لائن) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دانا سرہائی پاس پر کارروائی کرتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 103 غیر قانونی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بی ٹیوٹا اور ایشیائی ترقیاتی بینک ہنر مند افرادی قوت کی تیاری کیلئے اقدامات کریگے، خرم

کوئٹہ (آن لائن) مینجنگ ڈائریکٹر بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (BTEVTA) عبدالکبیر زرکون اور ایشیائی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشتون ثقافت تاریخی، تہذیبی ورثے کا اہم حصہ ہے، ظہور بلیدی

ثقافتی روایات اور ورثے کا تحفظ نئی نسل کی اپنی شناخت سے وابستگی کو مضبوط کرتا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے۔ اپنے پیغام میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، رواداری اور بھائی چارے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

محکمہ جیل کے ذمے کیسکو کے 19 کروڑ 60 لاکھ روپے واجب الادا

کیسکو کی صوبے کی مختلف جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو ادائیگی کے نوٹسز جاری نقد نہ ملنے پر واجبات ادا کرنے کی یقین دہانی

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ جیل بلوچستان کے ذمے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے بجلی کے واجبات 19 کروڑ 60 لاکھ روپے تک پہنچ گئے۔ جس پر کیسکو حکام نے صوبے کی مختلف جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو واجبات کی ادائیگی کے لیے نوٹسز

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے سابق ضلعی چیئرمین خاران صغیر بادینی ملاقات کر رہے ہیں

پشتون کلچر ڈے امن، محبت، رواداری اور ثقافتی ورثے کا خوبصورت اظہار ہے، بشریٰ رند

پشتون کلچر ڈے اپنی ثقافت، زبان، روایات اور تاریخی ورثے سے وابستگی کا دن ہے

کوئٹہ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر محترمہ بشریٰ رند نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، احترام اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد شناخت رکھتی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا خوبصورت گلدستہ ہے، مینا بلوچ

پشتون کلچر ڈے ہمیں اپنی ثقافتی شناخت اور بین الثقافتی ہم آہنگی کو مزید فروغ دینے کا پیغام دیتا ہے

کوئٹہ (خ ن) پشتون کلچر ڈے کے موقع پر صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کی پاکستان سمیت دنیا بھر میں آباد تمام پشتون بہن بھائیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ پشتون ثقافت امن، محبت، رواداری، مہمان نوازی،

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبے میں ثقافتی ہم آہنگی پائیدار امن اور ترقی کی ضمانت ہے، نور محمد دمڑ

پشتون کلچر ڈے ہماری شاندار تاریخ اور ثقافتی روایات کو اجاگر کرنے کا دن ہے، دنیا بھر کے پشتونوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں

پشتون قوم کی ثقافت ایک عظیم اور تابناک ورثہ ہے، جس کی بنیاد امن، محبت، رواداری، جرگہ، باہمی احترام جیسی اعلیٰ اقدار پر رکھی گئی

کوئٹہ (یو این اے) قائد کاروان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون کلچر ڈے صرف ایک دن نہیں بلکہ ہماری صدیوں پر محیط شاندار ثقافت، تاریخی روایات، زبان، لباس، بہادری، عزت، مہمان نوازی اور بھائی چارے کو

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

باشعور قومیں ثقافتی، روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں، نسیم الرحمن

پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونولی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارات ہے

ثقافت ایک تاریخی تسلسل ہے جسکے ذریعے ہمارا ماضی اور حال جڑا ہوا ہے، جس کی بنیاد پر ہم اپنے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں تمام پشتون اقوام کو مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں اور اس دن کو منانے کا اصل مقصد ان تمام روایات، ثقافت اور منفرد طرز زندگی کو بہتر طور پر سمجھنے اور اسے ہمیشہ زندہ رکھنے کی کوشش ہے انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونولی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارات ہے۔ ہماری ثقافت دنیا

بقیہ 46 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون سے جرمن سفیر Ina Lepal ملاقات کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر ژوب کی کا انسدادِ پولیو مہم کے دوسرے روز مختلف ٹیموں کا معائنہ

پانچ سال تک عمر کے ہر بچے تک رسائی یقینی بنائی جائے، رہ جانے والے بچوں کو دوبارہ کور کیا جائے

ژوب (خ ن) ڈپٹی کمشنر ژوب فضل الرحمن کبدانی کا انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز مختلف ٹیموں کا معائنہ پانچ سال تک عمر کے ہر بچے تک رسائی یقینی بنائی جائے، رہ جانے والے بچوں کو دوبارہ کور کیا جائے، ڈپٹی کمشنر ژوب فضل الرحمن کبدانی نے جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ضلع کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کا فیلڈ میں معائنہ کیا اور مہم

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سرکاری ترقیاتی منصوبے عوامی سہولیات میں بہتری کا اہم ذریعہ ہیں، بشیر ناصر

تمام منصوبوں میں معیار، پائیداری اور مقررہ مدت کی تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

استامحمد (خ ن) نصیرآباد زون میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے وژن اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کی ہدایت پر تعمیراتی عمل کو بہتر معنوں میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کا سلسلہ جاری مفادِ عامہ کی اسکیموں کی کڑی مانیٹرنگ کے لیے چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات بشیر ناصر کے دورے تمام ترقیاتی امور کا باریک بینی کے ساتھ جائزہ لیا اور معیار کے مطابق منصوبوں کو مکمل کرنے کی سخت ہدایات دیں چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کیچ 'پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کو منظم بنانے کی ضرورت ہے' تابش علی

کیچ کے تمام نجی اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے، ڈپٹی کمشنر

تربت (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن کمیل شاہت حاصل، پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کے صدر سدھید لقمان، معراب خان سمیت متعلقہ افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے نجی تعلیمی اداروں کی صورتحال، اسکولوں کی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

تربت، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

تربت (یو این اے) کلاتک کے علاقے اللہ بخت میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ مقتول کی شناخت عبیداللہ ولد ابراہیم کے نام سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق عبیداللہ کو تین موٹر سائیکلوں پر سوار چھ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہ

بقیہ 36 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کا پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کا فیلڈ جائزہ

قلعہ عبداللہ (خ ن) سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کا پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کا فیلڈ جائزہ، اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت ضلع قلعہ عبداللہ میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوران سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (SP) نے آج مختلف علاقوں کا فیلڈ دورہ کرکے پولیو ٹیموں کے لیے کیے گئے سیکیورٹی انتظامات کا

بقیہ 37 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے ہرنائی میں شاندار تقریب کا انعقاد

ہرنائی (خ ن) عالمی پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے ایف سی پبلک ہائی اسکول ہرنائی میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد پشتون ثقافت، شاندار روایات، اقدار اور تاریخی ورثے کو اجاگر کرنا تھا اس اہم تقریب میں ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی، ایف سی ہرنائی 81 ونگ کے کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مولانا عبدالقادر لونی کا صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی امیر قاری مہر اللہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشتونوں نے اپنی ثقافت کے تحفظ کیلئے قربانیاں دی ہیں، نواب ثناء اللہ زہری

پشتون کلچر ڈے ثقافتی روایات، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں پشتون ثقافتی دن کے موقع پر پشتون قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومیں اپنی ثقافت کو زندہ رکھ کر ہی اپنی شناخت برقرار رکھتی ہیں پشتونوں نے اپنی ثقافت اور شناخت کے تحفظ کے لیے قربانیاں بھی دی ہیں سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے ثقافتی روایات، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے۔ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری اور بھائی چارے کے باعث منفرد مقام رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ ثقافتی دن منانے کا مقصد اپنی تہذیب، روایات اور اقدار کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس

اجلاس میں بی ایس اکنامکس پروگرام سے متعلق اہم تعلیمی امور اور مجوزہ نصابی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا

گوادر (پ ر) جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس پی سی ڈی آئی کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا، جس میں بی ایس اکنامکس پروگرام سے متعلق اہم تعلیمی امور اور مجوزہ نصابی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت جامعہ گوادر کے ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر جان محمد نے کی۔ شعبہ معاشیات کی چیئرپرسن محترمہ شیخ سلیمان نے مختلف تعلیمی امور پر ہونے والی گفتگو کی قیادت کی۔ اجلاس میں بی ایس معاشیات پروگرام کے طلبہ کے لیے پیشہ ورانہ سرٹیفکیشن کو لازمی قرار دینے کی تجویز پر غور کیا

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر برشور کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کا ایک اجلاس

نئے ضلع کی تعمیر و ترقی اور پبلک سروس ڈیلیوری کے نظام کو مثالی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام ضلعی لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان اور انتظامی افسران نے شرکت کی، اجلاس کا بنیادی مقصد نو تشکیل شدہ ضلع برشور کے انتظامی ڈھانچے کو مکمل طور پر فعال بنانا اور عوامی فلاح و بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانا تھا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ نئے ضلع کی تعمیر و ترقی اور پبلک سروس ڈیلیوری کے نظام کو مثالی بنانا انتظامیہ کی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر گوادر کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

اسکول میں اساتذہ کی کمی یا غیر حاضری کے باعث تدریسی سرگرمیاں متاثر نہیں ہونی چاہئیں

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، ضلعی افسر تعلیم زاہد حسین بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کمیل زراحاتون، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کی پرنسپل سین بلوچ، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کے پرنسپل نصیر احمد بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران اور اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری اسکولوں کی فعالی، اساتذہ کی حاضری و کمی، ایجنسیز کی منسوخی کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال اور دور دراز علاقوں میں تدریسی عمل کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ کسی بھی اسکول میں اساتذہ کی کمی یا غیر حاضری کے باعث تدریسی سرگرمیاں متاثر نہیں ہونی چاہئیں ڈپٹی کمشنر نے ضلع بھر کے ہائی، مڈل اور

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے' محمد حبیب شجاع

ترقیاتی منصوبوں یا ٹینڈرنگ کے عمل میں غفلت کے ذمہ دار افسران و اہلکاروں کا تعین کیا جائے گا

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی اسکیمات اور آئندہ منصوبوں کے ٹینڈرنگ کے عمل پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلع لورالائی میں بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری مختلف ترقیاتی اسکیمات کی عملی پیش رفت، کام کی رفتار، تعمیراتی معیار اور ٹینڈرنگ کے مراحل کا منصوبہ وار تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز نے جاری منصوبوں اور آئندہ اسکیمات کے ٹینڈرز سے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

تونسی: میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیاب، خیریت سے گھر پہنچ گئے

نوشکی (آن لائن) میونسپل کمیٹی نوشکی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیابی کے بعد بخیریت کوئٹہ سے نوشکی اپنے گھر پہنچ گئے۔ ان کی بحفاظت واپسی پر اہل خانہ، عزیز و اقارب اور حلقہ احباب میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ جانان بڑیچ کے اہل خانہ نے ان کی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

WIDA گریجویشن و اعزاز تقریب، خواتین کی سیاسی و شہری شرکت کے فروغ پر زور

کوئٹہ (آن لائن) ہیلتھ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ (HARD) نے نیشنل انڈومنٹ فار ڈیموکریسی (NED) کے تعاون سے ویمن انفارمل ڈسٹرکٹ اسمبلی (WIDA) کی گریجویشن و اعزاز تقریب کا انعقاد کیا، جس کا مقصد WIDA اقدام کی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشتون ثقافت ہماری مشترکہ تہذیبی میراث کا اہم حصہ ہے، محمد زرین خان

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے پشتون عالمی کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پشتون ثقافت ہماری مشترکہ تہذیبی میراث کا ایک اہم حصہ ہے، جو اپنی روایات،

بقیہ 32 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شمشاد رائٹرز فورم کا سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے مرکزی صدر اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی، جنرل سیکرٹری غلام محمد مخلص، سیکرٹری اطلاعات اختر محمد عسکر، شیر محمد سلیمان خیل، گل ترین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے ایکسپریس نیوز

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چمن، پشتون کلچر ڈے کے موقع عظیم الشان ثقافتی میلے کا انعقاد کیا جائیگا

چمن (خ ن) ضلعی انتظامیہ چمن کے زیر اہتمام پہلی مرتبہ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر ایک عظیم الشان ثقافتی میلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد پشتون قوم کی قدیم روایات، ثقافتی ورثے،

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اوستہ محمد بند ترین سروس فوری طور پر بحال کی جائے' عوامی حلقے

اوستہ محمد (سونا جمالی) کئی سالوں سے بند ترین سروس بحال کرنے کا مطالبہ اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے کئی عرصے سے بند ترین سروس فوری طور پر بحال کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اوستہ محمد، جیکب آباد اور گڑھی خیرو کے درمیان

بقیہ 35 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر سیوی کا انسدادِ پولیو مہم کے تیسرے روز مختلف علاقوں کا دورہ

مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کے ہمراہ گھر گھر جا کر بچوں کی پولیو ویکسینیشن کا جائزہ لیا

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے جاری انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور فیلڈ میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور بچوں کی ویکسینیشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر عالمی ادارہ صحت (WHO) کے ڈاکٹر آغا ہارون بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کے ہمراہ گھر گھر جا کر بچوں کی پولیو ویکسینیشن کا جائزہ لیا اور متعدد بچوں کو اپنے ہاتھوں سے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ انہوں نے ٹیموں سے مہم کی پیش رفت، کوریج اور فیلڈ میں درپیش مسائل کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے لاک ہاؤسز کا بھی معائنہ کیا اور مقامی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مولانا ہدایت الرحمٰن کی زیرِ صدارت ہفتہ روزہ شجرکاری مہم کا انعقاد

شجرکاری، پھولوں کی نمائش اور ماحولیاتی و شجرکاری سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے گی

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت گزشتہ روز گوادر میں ہفتہ روزہ شجرکاری مہم کے انعقاد کا اعلان کیا گیا تھا، جس کے تحت شجرکاری، پھولوں کی نمائش اور ماحولیاتی و شجرکاری سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے گی مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے معاون خصوصی وسیم صد اور ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات اسداللہ نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کے پرنسپل، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول جدید سمیت دیگر تعلیمی اداروں کے سربراہان سال تھے کے افسران سے ملاقاتیں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر برشور کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ نارکوٹکس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

منشیات کی روک تھام، غیر قانونی کاشت کے خاتمے اور انسدادی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ نارکوٹکس کنٹرول کمیٹی (DNCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع برشور میں منشیات کی روک تھام، غیر قانونی کاشت کے خاتمے اور انسدادی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ پولیس برشور عبدالستار دستی، نمائندہ اینٹی نارکوٹکس فورس، حساس اداروں کے افسران، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سمیت دیگر متعلقہ ضلعی آفیسران نے شرکت کی، اجلاس میں چرس/بھنگ تلفی مہم 2026 کے حوالے سے ضلع برشور میں غیر قانونی منشیات کی کاشت کے خاتمے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

27 ستمبر سے قبل مسافر کوچز کی بندش ظالمانہ اقدام ہے، ٹرانسپورٹرز

قومی شاہراہوں پر فوری طور پر آمدورفت بحال کی جائے، طاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات طاہر شاہ کاکڑ نے 27 ستمبر کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر کوئٹہ سے خیبر پختونخوا جانے والی مسافر کوچز، بسوں اور دیگر گاڑیوں کی بندش اور انہیں ژوب کے قریب علاقے طور ناصر میں مسافروں سمیت روکے جانے کے اقدام کو ظالمانہ اور شدید قابل مذمت قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مسافر گاڑیوں کو روکنے کا سلسلہ فوری طور پر ختم کرکے آمدورفت بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا براستہ پنجاب جانے والی مسافر کوچز، بسوں اور لو

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشتون کلچر ڈے کے موقع پر نصر اللہ زیرے و دیگر تصویری نمائش کا دورہ کر رہے ہیں

لورالائی' ڈاکٹروں کے انٹرویوز کا عمل دوسرے روز بھی جاری

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی نگرانی میں محکمہ صحت کے تحت کنٹریکٹ کی بنیاد پر خالی آسامیوں پر ڈاکٹروں کے انٹرویوز کا عمل دوسرے روز بھی جاری رہا۔ انٹرویوز کے دوران لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع سے تعلق

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں سیکیورٹی بحران سنگین، طالبان رجیم مخالف مسلح کارروائیوں میں تیزی

یونائیٹڈ فرنٹ اور نیشنل ریزسٹنس فرنٹ نے محض اگست میں افغان طالبان کیخلاف کم از کم 50 مزاحمتی کارروائیاں کیں، میڈیا رپورٹ

دراندازی کے بڑھتے خطرے نے تاجکستان سمیت دیگر اجتماعی سلامتی معاہدہ تنظیم کے رکن ممالک کو جنگی مشقوں کے انعقاد پر مجبور کیا

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان مخالف مسلح کارروائیوں میں تیزی کے بعد سکیورٹی

بقیہ 47 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کو ٹی ڈی اے پی کی جانب سے WXNET کے انعقاد کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

ہمت کوئٹہ / مستونگ

پرنٹر و پبلشر نادر حسین زمرد نے روزنامہ ہمت کوئٹہ / مستونگ قلات پریس کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ ہمت جٹیل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

081 - 2005129
081 - 2011314

نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس آفس: 081-2827323

کوئٹہ، اولس آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ زیرے، عیسیٰ روشان، سید عبدالقادر آغا اور دیگر تصویری نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کیخلاف حالیہ بیانات کی شدید مذمت کرتے ہیں' منظور کاکڑ

پشتون خواہ ایس او کے خلاف سخت تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے



کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنما سندھ بلوچستان نے پشتون خواہ ایس او لورالائی کی جانب سے صوبہ بلوچستان کے مایہ ناز ماہر تعلیم قابل احترام نظم و ضبط کے پابند اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ وائس چانسلر لورالائی یونیورسٹی کے خلاف حالیہ بیانات کی شدید مذمت کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا پشتون خواہ ایس او کی بلیک میلنگ تنگ نظری اور علاقائی سیاست کی مکروہ سازشیں کرنے والے عناصر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کی ہرزہ سرائی کر رہے ہیں انہوں نے کہا ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے لورالائی یونیورسٹی کو ایک جدید اعلیٰ معیاری یونیورسٹی کا درجہ دلانے میں اہم کردار ادا کیا ان کی قابلیت اور دیانت داری مسلمہ ہے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کی پیشہ وارانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ایک قابل قدر استاد کے ساتھ ایک نام نہاد طلبہ تنظیم کا رویہ نہایت شرمناک ہے انہوں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا پشتون خواہ ایس او کے خلاف سخت تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے تاکہ اس بہترین تعلیمی ادارے کے ماحول کو تباہ ہونے سے بچایا جا سکے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا نہ صرف وہ بلکہ پورا کاکڑ قبیلہ ان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔

بیلا، کلین لسبیلہ ڈرائیو کا شاندار افتتاح، میونسپل کمیٹی کی کارکردگی قابلِ تحسین

ڈپٹی کمشنر حمیرہ بلوچ کے وژن کے مطابق شہر بھر میں صفائی ستھرائی کا عمل مزید مؤثر بنایا گیا، اسسٹنٹ کمشنر

بیلا (یو این اے) کلین لسبیلہ ڈرائیو کا شاندار افتتاح، میونسپل کمیٹی بیلہ کی مثالی کارکردگی قابل تحسین تفصیل کے مطابق ڈپٹی کمشنر لسبیلا میڈم حمیرہ بلوچ کی خصوصی ہدایت اور وژن کے مطابق کلین لسبیلا ڈرائیو کا شاندار افتتاح کر دیا گیا افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر بیلا نصیب اللہ بزنجو چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ نے باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر کلرک اے سی آفس عبدالغنی بلوچ کلرک ایم سی بیلا نصیر احمد رونجھو جمعدار عالم موندرو جمعدار امتیاز بلوچ شفقت حمید کھوسہ اللہ بخش زہری اور میونسپل کمیٹی بیلہ کا عملہ بھی بڑی تعداد میں موجود تھا اس ڈرائیو کے تحت شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے عمل کو مزید بہتر اور مؤثر بنانے کا آغاز کر دیا جائے گا شہر کی سڑکوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر کچرا اٹھانے اور کوڑا کرکٹ کے مناسب انتظام کو یقینی بنایا جائے گا اسسٹنٹ کمشنر بیلا نصیب اللہ بزنجو نے اپنے خطاب میں کہا کہ صاف اور صحت مند ماحول ہر شہری کا بنیادی حق ہے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں دوسری جانب میونسپل کمیٹی بیلا کی کارکردگی کو شہری حلقوں کی جانب سے بے حد سراہا اور کہا کہ چیئرمین میر مبشر عزیز کھوسہ کی قیادت میں میونسپل عملہ جس جانفشانی سے شہر کو صاف ستھرا بنا رہا ہے وہ قابل ستائش ہے میونسپل کمیٹی بیلا کے عملے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہر میں صفائی کا عمل باقاعدگی سے جاری رکھا جائے گا۔

حرمین شریفین کا تحفظ پوری امتِ مسلمہ کی دینی ذمہ داری ہے' جے یو آئی

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات تاریخی اور گہرے مذہبی رشتوں میں بندھے ہیں

سرانان (یو این اے) جمعیت علما اسلام تحصیل سرانان کے امیر مولوی سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ، سینئر نائب امیر و چیئرمین مولانا محمد صادق، قاری عطاء اللہ شاہ اور دیگر کابینہ اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حرمین شریفین اور مدینہ منورہ مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں، جن کے تقدس اور سلامتی کا تحفظ پوری امت مسلمہ کی دینی ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کی جانب کسی بھی قسم کی جارحیت یا خطرے کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے اور ریاست پاکستان کو اپنے آئینی و قانونی دائرہ کار میں رہتے ہوئے حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب سفارتی، سیاسی اور دیگر جائز وسائل بروئے کار لانے چاہئیں، جمعیت علما اسلام تحصیل سرانان کے رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات تاریخی اور مذہبی بنیادوں پر قائم ہیں اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان گہرے جذباتی روابط موجود ہیں۔ انہوں نے مسلم ممالک سے بھی مطالبہ کیا کہ مقدس مقامات کے تحفظ، امن و سلامتی اور مذہبی احترام کے لیے مشترکہ سفارتی کوششیں کی جائیں، انہوں نے مزید کہا کہ حرمین شریفین کے تقدس کے خلاف کسی بھی اقدام کی مخالفت پرامن، آئینی اور قانونی ذرائع سے کی جائے گی اور عالمی برادری کو مقدس مقامات کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی چاہئیں۔

نال گردونواح میں آوارہ کتوں کی بہتات، بیزن پور میں تعداد میں اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) نال اور گردونواح کے مختلف علاقوں، بالخصوص بیزن پور ایریا میں آوارہ کتوں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا ہے، جس کے باعث خواتین اور بچے خوف میں مبتلا ہیں۔ علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام اور میونسپل کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ بیزن پور سمیت نال کے دیگر علاقوں میں فوری طور پر آوارہ کتوں کے خلاف مؤثر مہم شروع کی جائے تاکہ شہریوں کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

پشتو زبان ادب اور روایتی لباس قوم کا قیمتی تاریخی ورثہ ہیں' منظور کاکڑ



کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنما سندھ بلوچستان نے 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا پشتون ثقافت قدیم روایات تہذیب زبان ادب مہمان نوازی بہادری اور بھائی چارے کی خوبصورت عکاسی ہے پشتو زبان ادب اور روایتی لباس قوم کا قیمتی تاریخی ورثہ ہیں جن سے نئی نسل کو روشناس کرانا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے کہا یہ دن تمام اقوام کے درمیان باہمی احترام اتحاد اور ہم آہنگی کے فروغ کا پیغام دیتا ہے بلوچستان مختلف ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور یہاں آباد تمام اقوام کی ثقافتیں صوبے کی خوبصورتی اور پہچان ہیں۔

نصیرآباد، 2022 کے سیلاب سے متاثرہ تحصیل باباکوٹ کے مکین امداد اور ازالے کے منتظر

نصیرآباد (یو این اے) 2022 کے تباہ کن سیلاب اور طوفانی بارشوں میں تحصیل باباکوٹ میں بڑے پیمانے پر نقصانات، متاثرین تاحال ازالے کے منتظر نصیرآباد ڈویژن میں 2022 کے تباہ کن سیلاب اور طوفانی بارشوں کے دوران تحصیل باباکوٹ میں بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے، تاہم سیلاب گزرنے کے کئی سال بعد بھی متاثرین اپنے نقصانات کے ازالے کے منتظر ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ اسلامک ریلیف کی جانب سے سیلاب متاثرین کے لیے گھروں اور کمروں کی تعمیر کے منصوبے شروع کیے گئے، تاہم شکایات سامنے آرہی ہیں کہ تعمیراتی کام اور مالی معاونت کے لیے زیادہ تر بینیفشریز کا انتخاب نصیرآباد کے ہیڈکوارٹر سٹی کے گردونواح یا مبینہ طور پر من پسند اور سفارشی علاقوں سے کیا جا رہا ہے، جبکہ تحصیل باباکوٹ کے حقیقی سیلاب متاثرین کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔

نصیرآباد، سیلاب متاثرین چار سال گزرنے کے باوجود بنیادی امداد سے محروم

باباکوٹ کا سیلابی پانی تباہی کے بعد سندھ جاتا ہے مگر امدادی سرگرمیاں صرف ہیڈکوارٹر تک محدود ہیں، متاثرین

نصیرآباد (یو این اے) تحصیل باباکوٹ کے سیلاب متاثرین گزشتہ 4 سالوں سے مکمل نظرانداز متاثرین کے لیے کام کرنے کے لیے آنے والے این جی اوز کو ہر بار ہیڈکوارٹر شہر کے نزدیکی علاقوں اور من پسند علاقوں میں کام کی اجازت، دینا اور باباکوٹ کے سیلاب متاثرین کو گزشتہ چار سال سے مکمل نظرانداز کرنا سمجھ سے بالاتر۔ باباکوٹ کے سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں۔ نصیرآباد میں سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے آنے والی ملکی و غیر ملکی این جی اوز کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہر بار ہیڈکوارٹر سٹی اور اس کے گردونواح سمیت دیگر من پسند علاقوں میں کام کرنے کے لیے این او سی جاری کرنا سیلاب متاثرین تحصیل باباکوٹ کی سمجھ سے بالاتر ہے۔ سیلاب متاثرین کا کہنا ہے کہ 2022 کے تباہ کن سیلاب سے اب تک چار سال گزر چکے ہیں، مگر تحصیل باباکوٹ کے متاثرین کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ واضح رہے بولان، بی جھل مگسی، یا پھر ڈیرہ بگٹی سمیت مختلف پہاڑی اور میدانی علاقوں سے آنے والا سیلابی پانی تحصیل باباکوٹ میں جمع ہو کر تباہی مچانے کے بعد سندھ کا رخ کرتا ہے مگر انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہر بار اور ہر این جی اوز کو ہر بار ہیڈکوارٹر سٹی کے نزدیکی علاقوں یا پھر دیگر مخصوص اور سفارشی علاقوں میں کام کرنے کی اجازت دی جاتی ہے، جبکہ سیلاب سے شدید متاثر ہونے والے باباکوٹ کے دیہی علاقوں میں آج بھی متاثرہ خاندان بنیادی سہولیات اور بحالی کے منتظر ہیں۔ متاثرین نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر این جی اوز سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے آتی ہیں تو پھر انہیں ان علاقوں میں کام کرنے کی اجازت کیوں نہیں دی جاتی جہاں سیلاب نے سب سے زیادہ تباہی مچائی اور لوگ آج بھی مشکلات کا شکار ہیں؟ سیلاب متاثرین تحصیل باباکوٹ نے حکام بالا سے فوری نوٹس لینے، این جی اوز کو جاری کیے جانے والے این او سیز اور ان کے منصوبوں کی شفاف نگرانی کے ساتھ باباکوٹ کے حقیقی سیلاب متاثرین کے لیے امدادی و بحالی کے منصوبے شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اوتھل بازار میں مال بردار ہیوی گاڑیوں کی آمدورفت کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا

اوتھل (این این آئی) اوتھل کے مین بازار میں مال بردار ہیوی گاڑیاں شہریوں کے لیے وبال جان بن گئیں، شہریوں کو پریشانی کا سامنا، تفصیلات کے مطابق ڈویژنل ہیڈکوارٹر اوتھل کے مرکزی بازار میں اکثر دن کے اوقات میں مال بردار ہیوی گاڑیوں کی آمدورفت کے باعث شہریوں کو خریداری میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بازار میں دن کے وقت شہریوں کا رش ہوتا ہے۔ تاہم اس کے باوجود بڑی ہیوی گاڑیاں دیدہ دلیری سے بازار کے اندر داخل ہو کر سامان اتارتی ہیں، جس کے باعث ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہوتی ہے اور شہریوں کو آمدورفت اور خریداری میں دشواری پیش آتی ہے۔ اوتھل کے عوامی حلقوں نے مقامی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ دن کے اوقات میں بڑی ہیوی گاڑیوں کے بازار میں داخلے پر فوری پابندی عائد کی جائے تاکہ ٹریفک کے مسائل میں کمی آئے اور شہریوں کو درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔

لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں سولر واٹر بورز کی تنصیب جاری

گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ کے مکینوں کا سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہار تشکر

بیلا (یو این اے) لسبیلا مختلف علاقوں میں سولر واٹر بور کی تنصیب کا سلسلہ جاری، گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ کے مکینوں کا سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہار تشکر چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر، گلگت بلتستان و سفران سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے ضلع لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی کے لیے سولر واٹر بورز کی تنصیب کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں تحصیل بیلا کے گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ میں بھی سولر واٹر بور کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ اس اقدام پر گوٹھ کے مکینوں نے سینیٹر اسد قاسم رونجھو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی ایک اہم بنیادی ضرورت ہے، اور سولر واٹر بور کی سہولت سے علاقے کے لوگوں کو پانی کے حصول میں درپیش مشکلات میں کمی آئے گی علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی کہ سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے لسبیلہ کے دیگر علاقوں میں بھی عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی و فلاحی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

گڈانی، محکمہ فشریز کی ٹیم کی گشت، غیر قانونی گجا نیٹ ٹرالرز فرار

گڈانی (یو این اے) محکمہ فشریز کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالہادی کی خصوصی ہدایت پر گڈانی فشریز پٹرولنگ ٹیم پٹرولنگ میں مصروف عمل ہیں گڈانی کے ساحل قریب سے گجانیٹ ٹرالرز بھاگنے پر مجبور اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز عبدالہادی نے ٹیم کو ہدایت دی ہیں کہ گجانیٹ ٹرالرز کو کسی صورت حدود سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں ہے اگر وہ پھر بھی حدود سے تجاوز کرتے ہیں تو انہیں گرفتار کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی کیونکہ سمندری حیات کی تحفظ و ماہیگیروں کی حقوق کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کسی قسم کی کوئی کوتاہی نہیں برتی جائے۔

ایس ایس ٹی اساتذہ کی آسامیوں میں چمن اور قلعہ عبداللہ کو نظرانداز کیا گیا

حکومت فوری نظرثانی کرے، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن کا سخت ردعمل

چمن (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن کے ضلعی رہنماؤں نے محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے 17 اضلاع میں سیکنڈری اسکول ٹیچرز (SSTs) کی خالی آسامیوں کے اعلان پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اشتہار میں ضلع چمن اور ضلع قلعہ عبداللہ کو شامل نہ کرنا سراسر ناانصافی اور دونوں اضلاع کے عوام کے ساتھ امتیازی سلوک کے مترادف ہے۔ پشتونخوا ایس او ضلع چمن کے رہنماؤں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ ضلع چمن اور قلعہ عبداللہ بھی بلوچستان کے اہم اضلاع ہیں، جہاں تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی، تعلیمی سہولیات کا فقدان اور طلبہ و طالبات کو درپیش مشکلات کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ایسے حالات میں ان اضلاع کو اساتذہ کی بھرتیوں کے عمل سے باہر رکھنا قابل تشویش اور ناقابل قبول ہے۔ پشتونخوا ایس او ضلع چمن کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ محکمہ تعلیم بلوچستان ایس ایس ٹی اساتذہ کی آسامیوں کے جاری کردہ اشتہار پر فوری نظرثانی کرے، ضلع چمن اور ضلع قلعہ عبداللہ کو بھی بھرتیوں میں شامل کیا جائے اور دونوں اضلاع کی تعلیمی ضروریات کے مطابق مناسب تعداد میں آسامیاں مختص کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ضلع چمن اور قلعہ عبداللہ کو نظرانداز کرنے کا فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنے آئینی، جمہوری اور پرامن احتجاج کے حق کو استعمال کرتے ہوئے طلبہ، نوجوانوں اور عوام کے ساتھ مل کر آواز بلند کرے گی۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ تعلیمی حقوق کے تحفظ، نوجوانوں کے مستقبل اور اضلاع کے ساتھ مساوی سلوک کو یقینی بناتے ہوئے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔

نال میں مرغی فروش کم وزن گوشت فراہم کرنے لگے، اے سی نال سے نوٹس لینے کا مطالبہ

نال (آن لائن) نال میں بعض مرغی فروشوں کی جانب سے صارفین کو مقررہ وزن سے کم گوشت فراہم کیے جانے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق مرغی فروش ایک ہزار گرام گوشت کی قیمت وصول کرتے ہیں، تاہم اس کے بدلے بعض اوقات 700 یا 800 گرام گوشت فراہم کیا جاتا ہے۔ عوامی حلقوں نے اے سی نال اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مرغی فروشوں کے ترازو اور وزن کی جانچ کی جائے اور اگر کم وزنی ثابت ہو تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ عوام کو مکمل وزن کے مطابق گوشت کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

چاغی، پی ٹی سی ایل سسٹم کی تباہی کے بعد ضلع بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل

دالبندین سمیت مختلف علاقوں میں یوفون، ڈی ایس ایل اور انٹرنیٹ سروسز بند، معمولاتِ زندگی درہم برہم

چاغی (یو این اے) چاغی کے علاقے پدگ میں پی ٹی سی ایل کے مواصلاتی نظام کو نقصان پہنچنے کے بعد دالبندین سمیت ضلع بھر میں مواصلاتی اور انٹرنیٹ سروسز چوتھے روز بھی مکمل طور پر معطل ہیں، جس کے باعث عام شہریوں اور کاروباری طبقے کو شدید ترین مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے پدگ کے مقام پر پی ٹی سی ایل کے سسٹم کو دھماکے کا نشانہ بنا کر شدید نقصان پہنچایا تھا، جس کے نتیجے میں دالبندین اور گردونواح میں یوفون، ڈی ایس ایل، فائبر آپٹک اور لینڈ لائن سروسز معطل ہو کر رہ گئی ہیں۔ مواصلاتی نظام کی طویل بندش کے باعث شہریوں کا بیرونی دنیا سے رابطہ منقطع ہو چکا ہے، جبکہ انٹرنیٹ کی غیر موجودگی کی وجہ سے روزمرہ کے معمولات زندگی اور کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہوئی ہیں۔ پی ٹی سی ایل کے مقامی حکام کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ متاثرہ سسٹم کی مرمت اور بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کوششیں جاری ہیں اور جلد از جلد سروسز کو بحال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

مینا لوتھر کو چیئرمین رانا بشارت علی خان کی میڈیا کوآرڈینیٹر مقرر کرنے کا اعلان

مس مینا لوتھر اس نئی ذمہ داری کے تحت چیئرمین سے متعلق مجاز میڈیا اور ابلاغی سرگرمیوں کی رابطہ کاری کریں گی

کوئٹہ (پ ر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ نے مینا لوتھر کو چیئرمین رانا بشارت علی خان کی میڈیا کوآرڈینیٹر مقرر کرنے کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ ان کی تقرری 23 ستمبر 2026 سے مؤثر ہوگی اور اس سلسلے میں باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ مس مینا لوتھر اس نئی ذمہ داری کے تحت چیئرمین سے متعلق مجاز میڈیا اور ابلاغی سرگرمیوں کی رابطہ کاری کریں گی۔ وہ سرکاری بیانات، اعلانات، پریس، مواد، میڈیا بریفنگز، انٹرویوز، عوامی پیغامات اور دیگر ابلاغی امور کی تیاری اور رابطہ کاری میں چیئرمین کے دفتر کی معاونت کریں گی۔ وہ صحافیوں، میڈیا اداروں، نمائندوں، انسانی حقوق سے متعلق نیٹ ورکس اور دیگر متعلقہ حلقوں کے ساتھ پیشہ ورانہ رابطوں کو مؤثر بنانے میں بھی کردار ادا کریں گی۔

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کو بی ایس پروگرام کیلئے سہولیات کی اشد ضرورت ہے

کالج کو کمپلیکس امتحانات کے لیے مناسب ہال، فرنیچر اور دیگر ضروری سہولیات کی اشد ضرورت ہے

اوستا محمد (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کو بی ایس پروگرام کے لیے سہولیات کی اشد ضرورت ہے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج اوستا محمد کے پرنسپل عبیداللہ زہری نے کہا ہے کہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کا شمار صوبے کے قدیم اور معیاری تعلیمی درسگاہوں میں ہوتا ہے جہاں طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کالج میں بی ایس پروگرام کے آغاز اور اسے مزید بہتر انداز میں چلانے کے لیے بنیادی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے کالج کو کمپلیکس امتحانات کے لیے مناسب ہال، فرنیچر اور دیگر ضروری سہولیات کی اشد ضرورت ہے، تاکہ طلبہ کو امتحانات کے دوران بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے پرنسپل عبیداللہ زہری نے متعلقہ حکام اور محکمہ تعلیم سے مطالبہ کیا کہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج اوستا محمد کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے امتحانی ہال کی تعمیر، فرنیچر کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ طلبہ کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے اور تعلیمی سرگرمیاں مزید بہتر انداز میں جاری رہیں۔

مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے' منظور کاکڑ

پھل آٹا گھی اور دیگر روزمرہ کی خوراک کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں

کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنما سندھ بلوچستان نے ملک کی حالیہ صورتحال کے حوالے سے اپنے ایک بیان میں کہا پاکستان میں مہنگائی اور معاشی دباؤ نے عام آدمی کی زندگی کو انتہائی مشکل بنا دیا ہے بڑھتی ہوئی قیمتوں کے اثرات براہ راست غریب اور متوسط طبقے پر پڑ رہے ہیں پٹرولیم مصنوعات اور توانائی پٹرول ڈیزل اور بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے ہر چیز کو مہنگا کر دیا ہے۔ اشیائے ضروریہ کی چیزیں ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھنے سے سبزیوں پھل آٹا گھی اور دیگر روزمرہ کی خوراک کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں آمدنی اور اخراجات کا عدم توازن تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے کے باعث غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے معاشی دباؤ اور ملک پر بڑھتے ہوئے قرضوں اور معاشی حالات کی وجہ سے متوسط طبقہ بھی شدید مالی مشکلات کا شکار ہے پاکستان میں مہنگائی سے پریشان عوام کو اب ایک وقت کا کھانا بمشکل میسر ہے پاکستان میں غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مہنگائی کی لہر سے یکساں طور پر پریشان نظر آتے ہیں سردار منظور احمد خان کاکڑ نے کہا نہایت افسوس کا مقام ہے حکومت اس سنجیدہ مسئلہ کو سمجھنے کے لیے تیار ہی نہیں ہے حکمرانوں کی عیاشیاں بدستور جاری ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے ذاتی استعمال کے لیے اربوں روپے کا جہاز خریدا چیئرمین سینٹ کے لیے نو کروڑ روپے کی گاڑی خریدی گئی جب کہ ان لوگوں کی کارکردگی صفر ہے حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں نے ملک کو تباہی کے دہانے لا کھڑا کیا ہے زرداری اور شریف فیملی امیر سے امیر تر ہوتی جا رہی ہے جب کہ عوام کو بھکاری بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا وہ دن دور نہیں جب عوام کے ہاتھ ان کے گریبانوں میں ہوں گے آج کے حکمران اپنی عوامی حمایت کھو چکے ہیں اور ناجائز طور پر اقتدار پر قابض ہیں جو جلد زوال پذیر ہوں گے۔

کلی دیرہ گئی تانکڑی روڈ کو دوبارہ بحال کر کے اس پر کام شروع کیا جائے

ژوب (آن لائن) کلی دیرہ گئی تانکڑی روڈ کو دوبارہ بحال کر کے اس پر کام شروع کیا جائے روڈ کی ژوب سے کوئٹہ منتقلی علاقے کے عوام سے ظلم و زیادتی ہے سخت احتجاج کریں گے ان خیالات کا اظہار کلی دیرہ گئی تانکڑی کے مختلف دیہاتوں سے تعلق رکھنے والے اشرف خان مندوخیل داد گل مندوخیل خواجہ مندوخیل جار گل مندوخیل محمد خان لالا گل زمان عبدالحلیم امیر محمد مشا خان اور دیگر نے پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ PSDP 2026-27 میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کلی دیرہ گئی تانکڑی بلیک ٹاپ روڈ منظور کیا تھا جس پر ہم سب نے گورنر کا تہہ دل سے شکریہ بھی ادا کیا اور اس پر کام بھی شروع ہونے والا تھا مگر ہمیں پتہ چلا ہے کہ مذکورہ روڈ کو پہلے کلی شیتان اور بعد میں کوئٹہ شفٹ کیا گیا جو علاقے کے عوام کے ساتھ ظلم و ناانصافی ہے جس پر تمام دیہاتوں کے عوام میں سخت تشویش پائی جاتی ہے اور علاقے کے عوام سخت ناراض ہیں ہم اس پریس کانفرنس کے ذریعے گورنر بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری اور کمشنر ژوب ڈویژن سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے منظور شدہ روڈ کو دوبارہ بحال کر کے اس پر جلد کام شروع کیا جائے ہمارے جائز مطالبہ پر عمل نہ کیا گیا تو ہم سخت احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

نصیرآباد، این ایچ اے کی غفلت سے ڈیرہ مراد جمالی کی مین قومی شاہراہ خستہ حالی کا شکار

سڑک پر گندا پانی جمع ہونے اور بڑے گڑھے بننے سے ٹریفک کی روانی متاثر، حادثات کا خدشہ، فوری مرمت کا مطالبہ

نصیرآباد (یو این اے) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث ڈیرہ مراد جمالی سے گزرنے والی مین قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر سڑک شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے، جس کے باعث مسافروں، عام شہریوں اور کاروباری حضرات کو شدید نوعیت کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شاہراہ کے دونوں اطراف قائم سیوریج نالوں کے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے اور ناقص نکاسی آب کے نظام کے نتیجے میں گندا پانی سڑک پر آ کر جمع ہو جاتا ہے، جو کئی مقامات پر تالاب کا منظر پیش کرتا ہے۔ سڑک پر ہر سو گندا پانی کھڑا ہونے کے باعث جہاں ایک طرف ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہو رہی ہے، وہیں دوسری طرف پیدل چلنے والے شہریوں اور قریبی دکانداروں کو بھی آمدورفت میں بڑی دشواریوں کا سامنا ہے، جس سے کاروباری سرگرمیاں بھی ماند پڑتی جا رہی ہیں۔ علاقہ مکینوں اور شہریوں کا کہنا ہے کہ روڈ پر بڑے بڑے خطرناک گڑھے بن چکے ہیں، اور قومی شاہراہ کی اس مسلسل خستہ حالی اور نکاسی آب کے ابتر نظام کے باعث کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ رونما ہونے کا خدشہ ہے۔ شہریوں اور کاروباری حلقوں نے این ایچ اے کے اعلیٰ حکام اور متعلقہ ضلعی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی کی مین قومی شاہراہ کی فوری طور پر مرمت کی جائے، ٹوٹے ہوئے سیوریج نالوں کی بحالی کا کام شروع کیا جائے اور نکاسی آب کا مؤثر نظام یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش ان اذیت ناک مشکلات کا فوری خاتمہ ہو سکے۔

اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، میر فائق جمالی

عوام کے پہلے بھی خادم تھے اور اب بھی خادم کی حیثیت سے خدمت کا عمل جاری رکھیں گے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد مسلم لیگ (ن) نے جماعت اسلامی کی بڑی وکٹ اڑا دی جماعت اسلامی کے حلقے این اے 266 کے ٹکٹ ہولڈر سردار رفیق بھٹی اپنے سینکڑوں افراد کے ہمراہ میر فائق خان جمالی کے کاروان میں شمولیت اختیار کر لی گی حادثے طور پر اقتدار میں آنے والے مداری نے ڈیرہ اللہ یار کے عوام کو پیاسا مار دیا انکی نااہلی کی وجہ سے پورا جعفرآباد کربلا بنا ہوا ہے جھوٹ فریب کی سیاست مزید نہیں چل سکتی عوام کے پہلے بھی خادم تھے اور اب بھی خادم کی حیثیت سے خدمت کا عمل جاری رکھینگے میر فائق خان جمالی کا شمولیت پروگرام میں خطاب جعفرآباد کی سیاست میں بڑی پیش رفت جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما اور حلقہ این اے 266 کے ٹکٹ ہولڈر سردار محمد رفیق بھٹی مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء اور قائد جعفرآباد سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی کی قیادت میں اپنے دیگر سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ شمولیت اختیار کر لی بھٹی ہاؤس میں ہونے والے شمولیت اجتماع میں میر غلام رسول لہڑی عطاء اللہ گولہ سمیت معززین قبائلی معتبرین عمائدین و علاقائی ورکرز کی بڑی تعداد شریک ہوئے سردار رفیق بھٹی نے کہا میر فائق خان جمالی کا گھر میرا اپنا گھر ہے اور میرا گھر میر فائق جمالی کا گھر ہے سیاسی اختلاف کے باعث سیاسی راہیں جدا ہوئیں تاہم اب دوبارہ میر فائق خان جمالی کے کاروان میں شامل ہوئے ہیں میرے ساتھ قران پاک پر مجید بادینی نے بڑے وعدے کیے میری بات انکے لیے حروف آخر تھی تاہم الیکشن جیتنے کے بعد انہوں نے یکسر نظر انداز کر دیا بہت ساری باتیں ہیں جلد عوام اور میڈیا کے سامنے لائیں گے تاکہ عوام کو انکے فریب مکروہ چہرہ سامنے آسکے فائق جمالی کی قیادت میں عوام کی خدمت اور شہر کی بہتری کیلئے مؤثر و بھرپور کردار ادا کرینگے اس موقع پر میر فائق خان جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سردار رفیق بھٹی کی شمولیت ہمارے لیے ایک بڑے اعزاز کی بات ہے اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے رفیق بھٹی نے اختلاف اور الیکشن میں مخالفت کر کے ثابت کر دیا کہ وہ جمہوری پسند شخص ہے حادثاتی طور پر اور ہماری فیملی کے باہمی ایک دوسرے کی مخالفت کی وجہ سے بادینی کا اقتدار میں آنا محض حادثہ کے سوا کچھ نہیں وہ کہتا پھر رہا ہے کہ ستر سالہ اقتدار کا خاتمہ کیا آج ڈیرہ اللہ یار اور جعفرآباد کی عوام کی بوند بوند کو ترس رہی ہے علاقے کربلا کا منظر پیش کر رہے ہیں جھوٹ فریب اور دھوکہ دہی کی سیاست مزید نہیں چل سکتی عوام باشعور ہیں انہوں نے کہا اقتدار سے زیادہ عوام و علاقے کے مفادات عزیز ہیں بھٹی کھوسہ لاشاری مری گولہ و دیگر تمام اقوام کی مشاورت و باہمی تعاون سے ہر سطح پر لائحہ عمل طے کرینگے مسلم لیگ ن عوام کی بلا امتیاز خدمت پر یقین رکھتی ہے شمولیت اجتماع سے میر غلام رسول لہڑی میر عطاء اللہ گولہ و دیگر نے خطاب کیا

کوئٹہ، ہیلتھ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ (ہارڈ) کے زیر اہتمام این ای ڈی کے تعاون سے ویمن انفارمل ڈسٹرکٹ اسمبلی وائے آئی ڈی اے کی گریجویشن و اعزازی تقریب کے اختتام پر سیما بتول، عاصم سعید خان خواتین میں طالبات تقسیم کر رہے ہیں

پنجگور، ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

10 کلو کا سلنڈر 4 ہزار روپے تک میں فروخت ہونے لگا

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں گیس اور ایندھن کے دیگر ذرائع نہ ہونے سے علاقے کے لوگ ایل پی جی گیس سلنڈر پر گزارہ کر رہے ہیں تھے مگر قیمتوں میں اضافے سے عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے گیارہ کلو والا گیس سلنڈر کی قیمت عام مارکیٹ میں 3700 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے ذرائع کے مطابق چیدگی بارڈر پر ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں نمایاں کمی کی اطلاع ہے تاہم پنجگور سٹی ایریا میں مہنگے داموں گیس کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے حالانکہ پنجگور انتظامیہ ایل پی جی ہیں سلنڈر کی قیمت فی کلو 380 روپے مقرر کی ہے اسکے علاوہ مارکیٹ میں 3800 اور 4000 میں فروخت ہو رہی ہے عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ پنجگور میں گیس کی قیمتوں میں کمی کے لئے احکامات کیے جائیں دوسری جانب چھوٹے گیس کے دکانداروں کے مطابق گیس پنجگور سے باہر جا رہا ہے اور مہنگے مل رہا ہے اسلئے مہنگے فروخت کر رہے ہیں اس سلسلے میں حکومت اور دیگر ذمہ داران کو اقدامات کرنا چاہیے۔

محکمہ سوشل ویلفیئر مستحق افراد کی معاونت کیلئے پرعزم ہے، شگفتہ گل عمرانی

خواتین، بچوں اور خصوصی افراد کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، اسسٹنٹ ڈائریکٹر

باباکوٹ (یو این اے) اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شگفتہ گل عمرانی نے کہا ہے کہ محکمہ سوشل ویلفیئر عوامی فلاح و بہبود اور مستحق افراد کی معاونت کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہا ہے معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ خواتین، بچوں، بزرگوں، خصوصی افراد اور دیگر مستحق افراد کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے اور تعاون کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے اس کے ساتھ ساتھ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام فلاحی مراکز میں دستیاب سہولیات کو بہتر بنانے اور مستحق افراد کو بروقت خدمات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے شگفتہ گل عمرانی نے کہا کہ عوامی شکایات اور مسائل کے ازالے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ فلاحی اداروں کی کارکردگی اور انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستحق افراد کی مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ حکام اور اداروں کے ساتھ رابطہ رکھا جا رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر کے فلاحی منصوبوں کے ثمرات حقیقی مستحق افراد تک پہنچانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سماجی بہبود کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور مستقبل میں بھی عوامی فلاح، خواتین کی معاونت اور ضرورت مند افراد کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

لورالائی، تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری

لورالائی (یو این اے) لورالائی شہر میں ٹریفک کی روانی میں حائل تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری رہی۔ ایس ڈی پی او صدر غلام اکبر کی سربراہی میں ٹریفک پولیس اور میونسپل کمیٹی کے عملے نے ہزارہ محلہ، تحصیل روڈ اور گردونواح میں دکانوں کے سامنے سڑکوں پر قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر سڑکوں پر رکھا گیا سامان، نو پارکنگ ایریاز میں موجود رکاوٹیں اور دیگر تجاوزاتی اشیاء ہٹا کر ٹریفک پولیس نے تحویل میں لے لیں، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں پر جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ حکام نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھنے اور غیر قانونی پارکنگ سے گریز کریں، بصورت دیگر مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایس ڈی پی او غلام اکبر نے کہا کہ شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی روانی اور سڑکوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے کارروائی بلاامتیاز اور مسلسل جاری رہے گی۔ انہوں نے عوام اور تاجر برادری سے اپیل کی کہ وہ انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور سرکاری و عوامی راستوں پر غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں۔

بیلفور اعلامیہ اور پہلی جنگِ عظیم: برطانوی سامراجی پالیسی اور عربوں سے فریب



گریٹ گیم کا نیا باب

احمد خان اچکزئی

محترم قارئین، جنگ عظیم اول کا موڑ اور بیلفور اعلامیہ کا تاریخی فریب عالمی سیاست کے ان چند سیاہ بابوں میں سے ہے جن کی ہولناک گونج آج بھی مشرق وسطیٰ کے میدانوں میں سنائی دیتی ہے۔ برطانیہ میں صیہونی رہنما چیم وائز مین عثمانیوں کی شکست کی صورت میں حکومت پر اس بات کے لیے زور دے رہے تھے کہ وہ فلسطین میں یہودی ہجرت کی ضمانت دے۔ 1917 کے اوائل تک یہودیوں کو عالمی سطح پر بااثر سمجھنے کی وجہ سے لائیڈ جارج کو یقین ہو گیا تھا کہ صیہونیت ایک اور قوم پرست تحریک ہے جسے اتحادی مقصد کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ مارچ میں مارک سائکس نے وائز مین سے مذاکرات شروع کیے اور اس حقیقت کو واضح کیا کہ مارک سائکس جیسے لوگوں کے ذہن میں ایک بات ہے لیکن اصل میں یہودی ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں اور اپنے مفاد کو دیکھتے ہیں، اور اگر وہ مفاد وہی ہے جو انہیں وائز مین بتا رہے ہیں یعنی فلسطین، تو وہ اس پر یقین کرنے کے لیے تیار ہیں اور اس کے ساتھ چلنے کے لیے تیار ہیں۔ وائز مین سے مذاکرات اگلے کئی مہینوں تک جاری رہے اور اس دوران اتحادیوں کے لیے جنگ تیزی سے خراب ہوتی گئی۔ جرمن آبدوزوں کی مہم برطانیہ کے تجارتی بیڑے کو شدید نقصان پہنچا رہی تھی اور اگرچہ امریکہ اتحادیوں کی طرف سے جنگ میں شامل ہو چکا تھا، صدر ووڈرو ولسن ابھی تک خاطر خواہ فوجیں بھیجنے کے لیے تیار نہیں تھے۔ مغربی محاذ پر دباؤ برقرار رکھنے کی برطانیہ کی تازہ ترین کوشش جلد ہی پاسچینڈیل کی کیچڑ بھری خندقوں میں پھنس گئی، جہاں ہزاروں نوجوانوں کی جانیں ایک اور بے نتیجہ مہم میں ضائع ہو گئیں اور فوجیوں کا حوصلہ گر گیا۔ لیکن اتحادی جنگی مشین کے لیے سب سے سنگین خطرہ مشرق سے آیا کیونکہ روس تباہی کے دہانے پر تھا۔ جرمنوں کے ہاتھوں بڑی شکستوں کے بعد، جنگ سے تھکا ہوا ملک خوراک کی قلت، ہڑتالوں اور مظاہروں کے ساتھ ٹوٹ رہا تھا۔ جب زار کو ایک انقلاب میں معزول کر دیا گیا تو برطانیہ اور فرانس بہت گھبرا گئے کیونکہ ایک بار جب روس اور اس کی جنگی کوششیں گرنا شروع ہو جائیں، تو بنیادی طور پر جرمنوں نے پہلی جنگ عظیم جیت لی ہے جب تک کہ وہ امریکہ کو شامل نہ کریں۔ برطانیہ اور فرانس اپنے طور پر جرمنی کو کبھی شکست نہیں دے سکیں گے۔ اکتوبر میں برطانوی حکومت کو ایک انٹیلیجنس رپورٹ ملی جس میں بتایا گیا تھا کہ یہودی بولشویک پارٹی کی قیادت میں ایک اہم اثر رکھتے ہیں جو روس میں ابھرتی ہوئی نئی انقلابی تحریک تھی۔ لائیڈ جارج کو ڈر تھا کہ یہ کمیونسٹ روس کو جنگ سے باہر نکال دیں گے اور امریکہ کے ابھی تک کافی فوجیں نہ بھیجنے کی وجہ سے وہ جانتے تھے کہ اب عمل کرنے کا وقت ہے۔ انہوں نے اپنے وزیر خارجہ آرتھر بالفور کو یہودی عوام کے دل و دماغ جیتنے کے لیے ایک عہد جاری کرنے کی ہدایت دی کہ ان کی عظمت کی حکومت فلسطین میں یہودی عوام کے لیے ایک قومی گھر کے قیام کے حق میں ہے اور اس مقصد کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے اپنی بھرپور کوششیں کرے گی۔ بیلفور اعلامیہ 2 نومبر 1917 کو جاری کیا گیا، بالکل اسی وقت جب برطانوی فوجیں فلسطین پر قبضہ کر رہی تھیں۔ بیلفور اعلامیہ کو ایک مثالی اقدام کے طور پر نہیں سمجھا جانا چاہیے بلکہ اسے برطانوی سامراجی پالیسی کے فریم ورک کے اندر سمجھا جانا چاہیے اور لائیڈ جارج اس کے بنیادی محرک تھے کیونکہ وہ مانتے تھے کہ یہ برطانیہ کے مفادات کی خدمت کرے گا۔ لیکن یہ پہلی بار تھا کہ کسی بڑی یورپی طاقت نے صیہونی مقصد یعنی فلسطین کو یہودی وطن بنانے کے لیے سرکاری حمایت دی تھی۔ دریں اثنا شریف حسین یہ سمجھ چکے تھے کہ عرب آزادی کے اپنے معاہدے کے حصے کے طور پر فلسطین کا وعدہ کیا گیا تھا۔ عربوں کے غصے کی پیشگی توقع کرتے ہوئے کہ ایک بڑی حد تک عرب صوبے میں یہودی وطن کے امکان پر، بیلفور اعلامیہ میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ فلسطین میں موجودہ غیر یہودی برادریوں کے شہری اور مذہبی حقوق کو نقصان پہنچانے کے لیے کچھ نہیں کیا جائے گا۔ اعلامیہ بظاہر یہودی ہجرت کے لیے برطانوی حمایت کی نشاندہی کرتا تھا حالانکہ اس وقت فلسطین میں صرف 80 ہزار یہودی تھے، جبکہ کل آبادی تقریباً 7 لاکھ تھی۔ فلسطین کے مقامی باشندوں کو 'غیر یہودی باشندے' کہا گیا اور اس وقت بھی فلسطین کی شناخت ایک یہودی سرزمین کے طور پر کی جا رہی تھی اور باقی سب کی کوئی واضح شناخت نہیں تھی، وہ صرف 'غیر یہودی' تھے۔ بیلفور اعلامیہ وہی تھا جو اس کے نام سے ظاہر ہے یعنی ایک اعلامیہ۔ یہ کوئی معاہدہ نہیں تھا، یہ کوئی دستخط شدہ معاہدہ نہیں تھا، یہ فلسطین میں یہودی عوام کے لیے ایک قومی گھر کے قیام کی حمایت میں ایک اعلامیہ تھا۔ درحقیقت فلسطین کے حوالے سے برطانیہ کا واحد معاہدہ فرانسیسیوں کے ساتھ تھا جو خفیہ سائکس۔ پیکو معاہدہ تھا۔ 7 نومبر کو، بیلفور اعلامیہ کے چند دن بعد، بولشویکوں نے روس میں اقتدار سنبھال لیا۔ لائیڈ جارج کو امید تھی کہ اس کا مطلوبہ اثر ہوگا یعنی کمیونسٹ قیادت میں یہودیوں کو مطمئن کرنا۔ وہ مبینہ طور پر کیا چاہتے ہیں؟ بطور یہودی، فلسطین۔ اب یہ دلیل مکمل طور پر منطقی لگتی تھی لیکن یہ ایک بے بنیاد دلیل تھی کیونکہ ان کے خاص لوگ، اگر کوئی ٹراٹسکی، زینوویف یا یوفے جیسے روسی انقلاب کے اہم یہودی رہنماؤں کے بارے میں سوچے، تو یہ لوگ یقیناً بین الاقوامی تھے۔ بولشویک پارٹی کے اعلیٰ عہدوں میں 15 سے 20 یہودی تھے جن میں سے اکثر صیہونیت مخالف تھے اور اقتدار میں آنے کے فوراً بعد انہوں نے ایک اعلامیہ جاری کیا کہ صیہونیت ایک سرمایہ دارانہ چال اور ایک سرمایہ دارانہ نظریہ ہے۔ وہ انتہائی غلط انٹیلیجنس رپورٹ جس پر لائیڈ جارج نے اپنی حکمت عملی بنائی تھی، برطانیہ کے لیے بڑے اثرات رکھتی تھی۔ ہفتوں کے اندر روس کے نئے رہنماؤں نے بالکل وہی کیا جو اس نے توقع نہیں کی تھی۔ نہ صرف انہوں نے جنگ سے دستبرداری اختیار کی، بلکہ انہوں نے زار کے دفتر خارجہ کے آرکائیوز کھولے اور خفیہ معاہدے شائع کر دیے، وہی معاہدے جنہیں برطانیہ نے اپنے اتحادیوں کے ساتھ عثمانی سلطنت کو تقسیم کرنے کے لیے تیار کیے تھے اور جن سے روس واقف تھا۔ یہ یقیناً مغربی اتحادیوں کے لیے ایک بہت بڑی شرمندگی تھی کیونکہ اتحادیوں نے پردے کے پیچھے ہر طرح کے سودے کیے تھے جن میں انہوں نے آپس میں دنیا کے بڑے حصے بانٹ لیے تھے۔ دریں اثناء وہ کھلم کھلا یہ تبلیغ کر رہے تھے کہ وہ جمہوریت کے دفاع میں جنگ لڑ رہے ہیں اور یقیناً دوسروں کے ساتھ عربوں کو بھی بتا رہے تھے کہ وہ عثمانی سلطنت کے لوگوں کے لیے خود ارادیت کے حامی ہیں۔ بولشویکوں کی طرف سے خفیہ معاہدوں کی اشاعت نے یقیناً عرب دنیا میں بہت زیادہ شک پیدا کر دیا اور اس کا مطلب یہ تھا کہ شریف حسین اور دوسرے رہنماؤں نے سوال اٹھایا کہ انہیں آزادی کیوں نہیں دی جا رہی اور انہیں زون A اور زون B میں کیوں تقسیم کیا جا رہا ہے۔ اس وقت عربوں کو احساس ہوا کہ نہ صرف برطانویوں کے اپنے مفادات ہیں بلکہ انہوں نے فرانسیسیوں سے بھی وعدے کر رکھے ہیں۔ عربوں کی الجھن اور شک کے درمیان، جنرل ایلنبی دسمبر 1917 میں پیدل یروشلم میں داخل ہوئے جبکہ عرب بغاوت کے رہنما کہیں نظر نہیں آ رہے تھے۔ برطانوی حکومت نے انہیں پیغام بھیجا کہ عرب نسل کو دنیا میں ایک قوم کے طور پر دوبارہ تشکیل پانے کا مکمل موقع دیا جائے گا تاکہ ان کا اعتماد قائم رہے سفارتی چالاکیوں، غلط اندازوں اور سامراجی مفادات کے اس جال نے خطے کو ایک دائم الوجود بحران میں دھکیل دیا جو بعد میں خونی تنازعات کی شکل میں ظاہر ہوا۔ طاقت کے توازن کو قائم رکھنے اور اپنے نوآبادیاتی پنجے مضبوط کرنے کی خاطر جس طرح بین الاقوامی قوانین اور مقامی آبادیوں کی خواہشات کو پامال کیا گیا، اس کی کوئی دوسری مثال نہیں ملتی۔ برطانوی مدبرین کا یہ غلط تخمینہ کہ ایک ہنگامی سیاسی اعلامیہ عالمی طاقتوں اور اندرونی انقلابی تحریکوں کے دھاروں کو موڑ سکتا ہے، تاریخ کا ایک بھیانک ترین موڑ ثابت ہوا۔ عربوں کے ساتھ کیے گئے زبانی اور تحریری وعدوں کی دھجیاں اڑاتے ہوئے جس طرح جغرافیائی حدود کو ازسرنو ترتیب دیا گیا، اس نے مشرق وسطیٰ کی دھرتی کو ایک ایسے دہکتے ہوئے آتش فشاں میں بدل دیا جس کی تپش ایک صدی گزر جانے کے بعد بھی کم نہیں ہو سکی۔ آج کا فلسطین، غصے اور محرومی کی وہی فصل کاٹ رہا ہے جس کا بیج 1917 کی ان پرفریب تاریک راہداریوں اور دوہرے معیار پر مبنی پالیسیوں میں بویا گیا تھا۔

نوٹ: اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

ہمت
چاند تارے پھول کلیاں

بچوں کی اخلاقی تعلیم و تربیت



تمام قومی عروج کی جڑ بچوں کی تعلیم ہے۔ اگر طریق تعلیم علمی اصولوں پر مبنی ہو تو تھوڑے ہی عرصے میں تمام تمدنی شکایات کافور ہو جائیں اور دنیوی زندگی ایک ایسا دل فریب نظارہ معلوم ہو کہ اس کے ظاہری حسن کو ملعون کرنے والے فلسفی بھی اس کی خوبیوں کے ثنا خواں بن جائیں۔

انسان کا سب سے پہلا فرض یہ ہے کہ دنیا کے لیے اس کا وجود زینت کا باعث ہو اور جیسا کہ ایک یونانی شاعر کہتا ہے: اس کے ہر فعل میں ایک قسم کی روشنی ہو، جس کی کرنیں

علامہ محمد اقبال

اوروں پر پڑ کے ان کو دیانت داری اور صلح کاری کے ساتھ زندگی بسر کرنے کا سبق دیں۔ اس کی ہمدردی کا دائرہ روز بروز وسیع ہونا چاہیے، تاکہ اس کے قلب میں وہ وسعت پیدا ہو، جو روح کے آئینے سے تعصبات اور توہمات کے زنگ کو دور کر کے اُسے مجلا و مصفا کر دیتی ہے۔

صدہا انسان ایسے ہیں، جو دنیا میں زندگی بسر کرتے ہیں، مگر اپنے اخلاقی تعلقات سے محض جاہل ہوتے ہیں۔ ان کی زندگی بہائم [جانوروں] کی زندگی ہے، کیوں کہ ان کا ہر فعل خود غرضی اور بے جا خودداری کے اصولوں پر مبنی ہوتا ہے۔ ان کے تاثرات کا

دائرہ زیادہ سے زیادہ اپنے خاندان کے افراد تک محدود ہوتا ہے اور وہ اس مبارک تعلق سے غافل ہوتے ہیں جو بحیثیت انسان ہونے کے، ان کو باقی افراد بنی نوع سے ہے۔ حقیقی انسانیت یہ ہے کہ انسان کو اپنے فرائض سے پوری پوری آگاہی ہو اور وہ اپنے آپ کو اس عظیم الشان درخت کی ایک شاخ محسوس کرے، جس کی جڑ تو زمین میں ہے مگر اس کی شاخیں آسمان کے دامن کو چھوتی ہیں۔ اس قسم کا کامل انسان بننے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہر انسانی بچے کی تربیت میں یہ غرض ملحوظ رکھی جائے، کیوں کہ یہ کمال، اخلاقی تعلیم و تربیت ہی کی وساطت سے حاصل ہو سکتا ہے۔ جو لوگ بچوں کی تعلیم و تربیت کے صحیح اور علمی اصول کو مدنظر نہیں رکھتے، وہ اپنی نادانی سے سوسائٹی کے حقوق پر ایک ظالمانہ دست درازی کرتے ہیں، جس کا نتیجہ تمام افراد و سوسائٹی کے لیے انتہا درجے کا مضر ہوتا ہے۔

اس مضمون کی تحریر سے ہماری یہ غرض ہے کہ علمی اصولوں کی رُو سے بچپن کا مطالعہ کر کے یہ معلوم کریں کہ بچوں میں کون کون سے قوا کا ظہور پہلے ہوتا ہے اور ان کی تعلیم و تربیت کس طرح ہونی چاہیے۔ ہم ایک ایسا طریق پیش کرنا چاہتے ہیں جو محض خیالی ہی نہیں ہے، بلکہ ایک قابلِ عمل طریق ہے، جس سے بچوں کی تعلیم کے لیے ایسے آسان اور صریح اصول ہاتھ آ جاتے ہیں، جن کو معمولی سمجھ کا آدمی سمجھ سکتا ہے اور ان کے نتائج سے مستفید ہو سکتا ہے۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ ناظرین ان سے فائدہ اٹھائیں گے اور اپنے بچوں کی ابتدائی تعلیم میں ان اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھیں گے کیوں کہ

خشتِ اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

(اگر معمار، پہلی اینٹ ہی ٹیڑھی رکھتا ہے تو دیوار، آسمان کی وسعتوں تک ٹیڑھی ہی چلی جائے گی)

سب سے پہلے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ وہ کون سے اُمور ہیں جو عالمِ طفلی کے ساتھ مختص ہیں، تاکہ بچوں کی تعلیم و تربیت میں اُن کو ملحوظ رکھا جائے اور ان سے بااحسن وجوہ فائدہ اُٹھانے کی کوشش کی جائے:

۱- اس ضمن میں پہلی بات جو ہر مطالعہ کرنے والے کو صاف دکھائی دیتی ہے، یہ ہے کہ بچوں میں ایک قسم کی اضطراری حرکت کا میلان ہوتا ہے، جو نہ صرف انسان کے ساتھ ہی خاص ہے بلکہ ہر حیوان میں پائی جاتی ہے۔ دیکھیے بلی کا بچہ کیا مزے سے خود بخود کھیلتا ہے۔ چھوٹے کتے کی زنجیر کھول

دو تو اضطراری حرکت کی خوشی میں پھولے نہیں سماتا۔

..... انیسویں صدی کے مشہور حکما ..... اس اضطراری جوش کو بچے کی نشوونما کے لیے بڑا ضروری جزو خیال کرتے ہیں، کیوں کہ اس حالتِ اضطرار میں اُس کے اعضا حرکت میں آنے کے لیے کسی بیرونی محرک کے محتاج نہیں ہوتے۔ بچوں میں اعصابی قوت کی ایک زائد مقدار ہوتی ہے، جو کسی نہ کسی راہ سے صرف ہو کر اُن کی خوشی کا موجب ٹھہرتی ہے۔ اگرچہ بسا اوقات ان کے ماں باپ کو اس سے تکلیف بھی اُٹھانی پڑتی ہے۔

بعض دفعہ اعصابی قوت کی یہ زائد مقدار رونے چلانے میں صرف ہو جاتی ہے، بعض دفعہ بے تحاشا ہنسنے اور کھیلنے کودنے میں۔ پس، جو لوگ بچوں کے رونے سے تنگ آتے ہیں، ان کو یاد رہے کہ یہ بھی اُن کے جسمانی اور روحانی نمو [ترقی یا بڑھوتری] کے لیے ایک ضروری جزو ہے۔ اس کے علاوہ اس قوت کے صرف ہونے کی اور بھی راہیں ہیں۔ من جملہ ان کے ایک یہ ہے کہ بچے کے حواس خود بخود حرکت میں آتے ہیں، جس کی وجہ سے اسے خارجی اشیا کا رفتہ رفتہ علم ہوتا جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بچہ ایک منتظم ہستی نہیں بلکہ سراپا ایک متحرک ہستی ہے، جس کی ہر طفلانہ حرکت سے کوئی نہ کوئی تعلیمی فائدہ اُٹھانا چاہیے، مثلاً اینٹوں کے گھر بنانا، لڑی میں منکے پرونا، گانا وغیرہ۔ وہ زائد اعصابی قوت جو رونے اور بے جا شور کرنے میں صرف ہوتی ہے، ایک باقاعدہ شور یا راگ میں آسانی سے منتقل ہو سکتی ہے اور وہ قوت جو ضرر رساں اشیا کے چھونے اور دیگر چیزوں کو اِدھر اُدھر پھینکنے میں صرف ہوتی ہے، اینٹوں کے گھر بنانے میں سہولت سے صرف ہو سکتی ہے۔

۲- بچپن کا ایک اور خاصہ یہ ہے کہ اس عمر میں کسی شے پر مسلسل توجہ نہیں ہو سکتی۔ جس طرح اُس کے جسمانی قوا کو ایک جگہ قرار نہیں ہو سکتا، اسی طرح اُس کے قوائے عقلیہ بھی ایک نکتے پر عرصے کے لیے قرار پذیر نہیں رہ سکتے۔ جس طرح ہاتھ نچلے [آرام سے] نہیں رہ سکتے، اسی طرح اُس کی توجہ میں بھی ایک طرح کی بے قراری ہے، جو اُسے ایک مقام پر جمنے نہیں دیتی۔ لہٰذا، ہر طریق تعلیم میں اس بات کو ملحوظ رکھنا چاہیے کہ سبق طویل نہ ہوں اور چھوٹے چھوٹے حصوں پر منقسم ہوں، تاکہ پڑھتے وقت بچوں کے مختلف قوا کو تحریک ہو۔ اس کے علاوہ یہ بھی لازم ہے کہ ہر سبق میں ایک خاص مشترک بات ہو، تاکہ ایک خاص مقام پر توجہ لگانے کی عادت بھی ترقی کرتی جائے۔

۳- بچوں کو اشیا کے غور سے دیکھنے اور بالخصوص ان کے چھونے میں لطف آتا ہے۔ تین مہینے کی عمر کا بچہ ہو اور اُس کی توجہ روشنی کی طرف منتقل ہو جائے تو ہاتھ پھیلاتا ہے اور شمع کے شعلے کو پکڑنے کی کوشش کرتا ہے۔ نظر کے فعل سے اُس کی تسلی نہیں ہوتی۔ حسِ لامسہ [چھونے کی حس] سے بھی مدد طلب کرتا ہے، کیوں کہ اُسے قدرتاً اشیا خارجی کے چھونے میں مزا آتا ہے۔ یہ بات تو ہر شخص کے تجربے میں آئی ہوگی کہ جب بچے کی نظر دیوار کی کسی تصویر پر جا پڑے تو بے اختیار چلانے لگتا ہے اور چاہتا ہے کہ تصویر اُتار کر اُس کے ہاتھوں میں دے دی جائے۔ چلانے سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے میاں اب چپ ہونے میں نہیں آئیں گے، مگر جب مطلوبہ شے سامنے رکھ دی جائے تو چپ ہو جانا، تو ایک طرف بعض اوقات آپ کی ہنسی بھی نکل جاتی ہے۔ پس، جس شے کے متعلق سبق دو، اس کو بچے کے سامنے رکھو اور جب سبق ختم ہو جائے تو شے مذکور اُس کے ہاتھ میں دے دو۔ مشاہدے سے حسِ بصر [دیکھنے کی صلاحیت] کی تربیت ہوتی ہے۔ چھونے سے قوتِ لمس معتد بہ فروغ پاتی ہے۔ گفتگو اور راگ وغیرہ

سے قوتِ سامعہ [سننے کی صلاحیت] ترقی کرتی ہے۔ اس طرح لمس اور بصر کے متحدہ استعمال سے بچے کو صورتِ شے کا ادراک ہوتا جائے گا۔

۴- بچے کی توجہ صورتِ شے سے زیادہ رنگِ شے کی طرف لگتی ہے۔ جن اشیا کا رنگ شوخ ہو، اُس کا دھیان زیادہ تر انھی کی طرف رہتا ہے۔ کسی اعلیٰ درجے کے مصور کی بنائی ہوئی تصویر اس کے سامنے رکھ دو۔ اگر اُس کا رنگ شوخ اور چمکیلا نہیں تو اُسے اس کی پروا بھی نہیں ہوگی۔ برخلاف اس کے اپنی چھوٹی سی کتاب کی رنگین تصویروں پر جان دیتا ہے۔ بول چال میں ملاحظہ کیجیے: لفظ سرخ، نیلا وغیرہ تو پہلے سیکھ جاتا ہے اور لفظ مربع، مثلث وغیرہ کہیں بعد میں جا کر۔ اس سے یہ اصول قائم ہوا کہ بچے کے ابتدائی سبق رنگین اشیا کے متعلق ہونے چاہییں۔

۵- بچے میں بڑوں کی مدد کرنے کا مادہ خصوصیت سے زیادہ ہوتا ہے۔ ماں ہنستی ہے تو خود بھی بے اختیار ہنس پڑتا ہے۔ باپ کوئی لفظ بولے تو اُس کی آواز کی نقل اُتارے بغیر نہیں رہتا۔ ذرا بڑا ہو جاتا ہے اور کچھ باتیں بھی سیکھ جاتا ہے، تو اپنے ہم جولیوں کو کہتا ہے: "آؤ بھئی، ہم مولوی بنتے ہیں، تم شاگرد بنو"۔ کبھی بازار کے دکان داروں کی طرح سودا سلف بیچتا ہے۔ کبھی پھر پھر کر اونچی آواز دیتا ہے کہ: "چلے آؤ! انار سستے لگا دیے"۔ اس وقت میں بڑا ضروری ہے کہ استاد اپنی مثال بچے کے سامنے پیش کرے، تاکہ اُسے اُس کے ہر فعل کی نقل کرنے کی تحریک ہو۔

۶- قوتِ متخیلہ یا واہمہ بھی بچوں میں بڑی نمایاں ہوتی ہے۔ شام ہوئی اور لگا جتانے اپنی ماں کو: "اماں جان! کوئی کہانی تو کہہ دو"۔ ماں چڑیا یا کوّے کی کہانی سناتی ہے تو خوشی کے مارے لوٹ جاتا ہے۔ ذرا بڑا ہوا، اور پڑھنا سیکھ گیا تو ناولوں اور افسانوں کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ استاد کو چاہیے کہ قوتِ واہمہ کی نمو [اَن دیکھی چیزوں کو تصور میں لانے کے اضافے] کی طرف بالخصوص خیال رکھے۔ ایسا نہ ہو کہ یہ قوت بے قاعدہ طور پر بڑھ جائے اور اس سے قوائے عقلیہ کی ترقی میں نقص پیدا ہو۔ بعض حکما کی رائے ہے کہ اس قوت کی تربیت کی اتنی ضرورت نہیں، جس قدر کہ اُسے مناسب حدود کے اندر رکھنے کی ہے۔ بچے کی اس خصوصیت سے بے انتہا تعلیمی فائدہ ہو سکتا ہے۔ اکثر مکتبوں میں لڑکے کاغذ کی کشتیاں دن رات بنایا کرتے ہیں۔ قوتِ واہمہ کے لیے یہ اچھی مشق ہے۔

۷- بچوں میں ہمدردی کی علامات بھی ظاہر ہوتی ہیں، جن سے بچے کی اخلاقی تعلیم میں ایک نمایاں فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔ کسی کو ہنستا دیکھے تو خود بھی ہنستا ہے۔ ماں باپ غمگین نظر آئیں تو خود بھی ویسی ہی صورت بنا لیتا ہے۔ تجربے اور مشق سے یہ جبلی قوت بڑھتی جاتی ہے۔ ابتدا میں اوروں کے غم سے متاثر ہوتا معلوم ہوتا ہے۔ استاد کو چاہیے کہ اُسے ہمدردی کے متعلق عمدہ عمدہ کہانیاں سنائے اور یاد کرائے۔ جس حیوان کے متعلق اسے سبق دینا ہو، اُس کے ساتھ اچھا سلوک کرے، تاکہ بچے کے لیے ایک عمدہ مثال تقلید کرنے کے لیے قائم ہو جائے۔

۸- الفاظ یاد رکھنے کے لیے بچے کا حافظہ حیرت ناک ہے۔ اپنی مادری زبان کی پیچیدگیاں کس آسانی سے سیکھ جاتا ہے اور یاد کر لیتا ہے۔ معلم کو لازم ہے کہ اپنے شاگردوں کو عمدہ عمدہ اشعار اور نظمیں یاد کرائے اور پڑھے ہوئے سبقوں کے مضامین کی طرف بار بار اشارہ کرے۔

۹- اس عمر میں قوتِ متمیزہ [تمیز اور فرق کرنے کی صلاحیت] کمزور ہوتی ہے۔ اشیا کے باریک باریک فرق تو معلوم نہیں کر سکتا، ہاں بڑے ظاہر اور نمایاں اختلافات، مثلاً: اختلافاتِ صورِ اشیا [مختلف چیزوں کی صورت میں فرق] معلوم کر لیتا ہے۔ لہٰذا، ابتدا میں ظاہر اختلافات کی طرف اُسے توجہ دلانی

چاہیے، مثلاً: دو چیزیں ایک گیند اور ایک پہلودار شے اس کے سامنے رکھ دو اور دونوں کے اختلافات مندرجہ ذیل طور سے بیان کرو:

گیند	پہلودار شے
ایک ہی سطح ہے	بہت سی سطحیں ہیں
کوئی گوشہ نہیں ہے	بہت سے گوشے ہیں
کوئی کنارا نہیں	بہت سے کنارے ہیں

ان نمایاں اور ظاہری اختلافات کا علم دے چکنے کے بعد، کسی اور شکل کی شے پیش کرو اور علیحدہ علیحدہ گیند اور پہلودار شے سے اس کا مقابلہ کر کے باریک باریک اختلافات واضح کرو۔

۱۰- قوائے عقلیہ، مثلاً تصدیق اور استدلال کا کمزور ہونا۔ بچے سے ایسی فہمید [سمجھ] کی توقع نہ رکھو، جو ابھی تجربے اور علم سے بڑھتی ہے۔ ان قوا کے مدارج ترقی کا لحاظ استاد کے لیے نہایت ضروری ہے۔ وہ عام اشیا اس کے سامنے رکھو اور ان کے بڑے بڑے اختلافات بیان کرو۔ اسی طرح مقابلہ کرتے کرتے تصدیق پیدا کرو۔ مگر یہ یاد رکھنا

چاہیے کہ تصدیق بغیر تصورات کے محال ہے، کیوں کہ یہ اصل میں دو تصورات کے مقابلہ کرنے سے پیدا ہوتی ہے، جو خود مختلف مدرکات کا مقابلہ کرنے سے پیدا ہوتے ہیں، مثلاً: بہت سے افراد نوعِ انسان کا مقابلہ کرنے سے ان میں بعض مشترک اوصاف معلوم ہوتے ہیں، جن کے اشتراک کی وجہ سے ہم ان سب افراد کو ایک مشترک اور [سب کے لیے مناسب] نام دے دیتے ہیں، جو ہر فرد پر صادق آتا ہو۔ پس، معلوم ہوا کہ بچے سے ایسے تصورات کے علم کی توقع نہیں رکھنی چاہیے، جس کے ضمنی مدرکات [ذیلی] کا علم ہی اس کو نہیں ہے۔ ایک برس کے بچے کو کیا علم کہ 'حبِ وطن' کس جانور کا نام ہے؟ ہمارے بعض معلم، بچے کے ہاتھوں میں ایسی ابتدائی کتابیں رکھ دیتے ہیں، جن کا پہلا باب، مثلاً: 'خدا کی صفات' سے شروع ہوتا ہے۔ مگر انھیں یہ معلوم نہیں کہ خدا ایک ایسا مجرد تصور ہے، جو قوائے عقلیہ کی حدِ کمال پر پہنچنے اور بہت سا علم حاصل کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے اور صفاتِ شے کا اُس شے سے علیحدہ تصور کرنا ایک ایسا فعل ہے، جو بچے سے کسی صورت میں ممکن ہی نہیں ہے۔ لہٰذا، اس قسم کا علم دینا ممکن ہے کہ بعض وجوہ سے اچھا ہو، مگر علمی اصولوں کی رُو سے بچے کے حافظے پر ایک بے جا اور غیر مفید بوجھ ڈالنے سے زیادہ نہیں ہے۔

۱۱- آخری خاصہ بچے کا یہ ہے کہ اخلاقی محرکات سے یا تو بچہ متاثر ہی نہیں ہوتا، یا اگر ہوتا ہے تو نہایت اقل [تھوڑے یا معمولی] درجے پر۔ کیوں کہ اس قسم کی تحریکوں سے متاثر ہونا اور اس اثر کو عملی زندگی کے دائرے میں ظاہر کرنا، ایک ایسا امر ہے کہ جو اعلیٰ درجے کی تعلیم و تربیت کا نتیجہ ہے۔ معلموں کا فرض ہے کہ ابتدا سے ہی بچے میں اخلاقی تحریکوں سے متاثر ہونے کی قابلیت پیدا کرنے کی کوشش کریں، مثلاً: شروع سے ہی اُن کو ہمدردی کرنا سکھائیں اور نیز اس امر کی طرف پوری توجہ دیتے رہیں کہ بچہ اپنے سبق کے متعلق ضروری ترتیب کا لحاظ رکھے، کیوں کہ امن اور صلح کاری کی عادت انھی چھوٹی چھوٹی باتوں سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ نفسِ ناطقہ قوا کا ایک مجموعہ نہیں ہے، بلکہ یہ اپنی ذات میں ایک واحد غیر منقسم شے ہے اور اس کی ہر ایک قوت کا نشوونما ہر دوسری قوت کے نشوونما پر منحصر ہے۔ جس طرح جسمانی اعضا تناسب کے اصولوں کے مطابق بڑھتے ہیں، اسی طرح نفسِ ناطقہ کی قوا کا نشوونما بھی انھی اصولوں کے تحت ہے۔ لہٰذا، طریق تعلیم کامل وہی ہوگا، جو نفسِ ناطقہ کے تمام قوا کے لیے یکساں ورزش کا سامان مہیا کرے۔ ادراک، تخیل، تاثر اور مشیت، غرض یہ کہ نفسِ ناطقہ کی ہر قوت تحریک میں آنی چاہیے، کیوں کہ کامل طریق تعلیم کا منشا یہ ہے کہ نفسِ ناطقہ کی پوشیدہ قوتیں کمال پذیر ہوں، نہ یہ کہ بہت سی علمی باتیں دماغ میں جمع ہو جائیں۔

مندرجہ بالا سطور سے واضح ہو گیا ہوگا کہ ایک عمدہ اور مضبوط تعلیمی بنیاد رکھنے کے لیے بچے کے نشوونما کا مطالعہ کہاں تک ضروری ہے۔

معلم حقیقت میں قوم کے محافظ ہیں، کیوں کہ آئندہ نسلوں کو سنوارنا اور ان کو ملک کی خدمت کے قابل بنانا انھی کی قدرت میں ہے۔ سب محنتوں سے اعلیٰ درجے کی محنت اور سب کارگزاریوں سے زیادہ بیش قیمت کارگزاری ملک کے معلموں کی کارگزاری ہے۔ اگرچہ بدقسمتی سے اس ملک میں اس مبارک پیشے کی وہ قدر نہیں جو قدر ہونی چاہیے۔ معلم کا فرض تمام فرضوں سے زیادہ مشکل اور اہم ہے، کیوں کہ تمام قسم کی اخلاقی، تمدنی اور مذہبی نیکیوں کی کلید اسی کے ہاتھ میں ہے، اور تمام ترملکی ترقی کا سرچشمہ اسی کی محنت ہے۔ پس، تعلیم پیشہ اصحاب کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے پیشے کے تقدس اور بزرگی کے لحاظ سے اپنے طریق تعلیم کو اعلیٰ درجے کے علمی اصولوں پر قائم کریں، جس کا نتیجہ یقیناً یہ ہوگا کہ اُن کے دم قدم کی بدولت علم کا ایک سچا عشق پیدا ہو جائے گا، جس کی گرمی میں وہ تمدنی اور سیاسی سرسبزی [سیاسی صحت مندی] مخفی ہے، جس سے قومیں معراج کمال تک پہنچ سکتی ہیں۔

بادشاہ اور چڑیا

حفیظ جالندھری

ابا جان بھی بچوں کی کہانیاں سن کر ہنس رہے تھے اور چاہتے تھے کہ کسی طرح ہم بھی ایسے ہی ننھے بچے بن جائیں۔ نہ رہ سکے۔ بول ہی اٹھے۔ بھئی ہمیں بھی ایک کہانی یاد ہے۔ کہو تو سنا دیں!

"آہا جی آہا۔ ابا جان کو بھی کہانی یاد ہے۔ ابا جان بھی کہانی سنائیں گے۔ سنائیے ابا جان۔ ابا جان سنائیے نا۔"

ابا جان نے کہانی سنانی شروع کی:

کسی شہر میں ایک تھا بادشاہ
مگر بادشاہ تھا بہت ہی غریب
نہ آتا تھا کوئی بھی اس کے قریب

بادشاہ اور غریب۔ سب بچے سوچنے لگے کہ بادشاہ غریب بھی ہو سکتا ہے یا نہیں؟ شاید ہوتا ہو اگلے زمانے میں۔ ابا سنا رہے تھے:

کئے ایک دن جمع اس نے فقیر
کھلائی انہیں سونے چاندی کی کھیر
فقیروں کو پھر جیب میں رکھ لیا
امیروں وزیروں سے کہنے لگا
کہ آؤ چلو آج کھیلیں شکار
قلم اور کاغذ کی دیکھیں بہار
مگر ہے سمندر کا میدان تنگ
کریں کس طرح کوئی مچھر سے جنگ
تو چڑیا یہ بولی کہ اے بادشاہ
کروں گی میں اپنے چڑے کا بیاہ
مگر مچھ کو گھر میں بلاؤں گی میں
سمندر میں ہرگز نہ جاؤں گی میں

ابا جان نے ابھی اتنی ہی کہانی سنائی تھی کہ سب حیران ہو کر ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔ بھائی جان سے رہا نہ گیا۔ کہنے لگے "یہ تو عجیب بے معنی کہانی ہے، جس کا سر نہ پیر۔"

ابا جان بولے "کیوں بھئی کون سی مشکل بات ہے، جو تمہاری سمجھ میں نہیں آتی۔"

منجھلے بھائی نے کہا "سمجھ میں تو آتی ہے مگر پتا نہیں چلتا۔" یہ سن کر سب ہنس پڑے "خوب بھئی خوب۔ سمجھ میں آتی ہے اور پتا نہیں چلتا۔" آپا نے کہا "ابا جان بادشاہ غریب تھا۔ تو اس نے فقیروں کو بلا کر سونے چاندی کی کھیر کیسے کھلائی اور پھر ان کو جیب میں کیسے رکھ لیا۔ مزا یہ کہ بادشاہ کے پاس کوئی آتا بھی نہیں تھا۔ یہ امیر وزیر کہاں سے آ گئے۔ شکار میں قلم اور کاغذ کی بہار کا مطلب کیا ہے۔ اور پھر لطف یہ کہ سمندر کا میدان اور ایسا تنگ کہ وہاں مچھر سے جنگ نہیں ہو سکتی۔ پھر درمیان میں یہ بی چڑیا کہاں سے کود پڑیں جو اپنے چڑے کا بیاہ کرنے والی ہیں۔ مگر مچھ کو اپنے گھونسلے میں بلاتی ہیں اور سمندر میں نہیں جانا چاہتیں۔"

ننھی بولی "توبہ توبہ۔ آپا جان نے تو بکھیڑا نکال دیا۔ ایسی اچھی کہانی ابا جان کہہ رہے ہیں۔ میری سمجھ میں تو سب کچھ آتا ہے۔ سنائیے ابا جان پھر کیا ہوا۔"

ابا جان نے کہا "بس ننھی میری باتوں کو سمجھتی ہے۔ ہوا یہ کہ:

سنی بات چڑیا کی گھوڑے نے جب
وہ بولا یہ کیا کر رہی ہے غضب
مرے پاس دال اور آٹا نہیں
تمہیں دال آٹے کا گھاٹا نہیں
یہ سنتے ہی کرسی سے بنیا اٹھا
کیا وار اٹھتے ہی تلوار کا
وہیں ایک مکھی کا پر کٹ گیا
جلاہے کا ہاتھی پرے ہٹ گیا

یہاں سب بچے اتنا ہنسے کہ ہنسی بند ہونے میں نہ آتی تھی لیکن بھائی جان نے پھر اعتراض کیا "یہ کہانی تو کچھ اول جلول سی ہے" منجھلے بھائی نے کہا "بھئی اب تو کچھ مزا آنے لگا تھا۔" ننھی نے کہا "خاک مزا آتا ہے۔ تم تو سب کہانی کو بیچ میں کاٹ دیتے ہو۔ ہوں۔ ہوں۔ ہاں ابا جان جلاہے کا ہاتھی ڈر کر پرے ہٹ گیا ہوگا۔ تو پھر کیا ہوا۔"

ابا نے کہا "ننھی اب بڑا تماشا ہوا کہ:

مچایا جو گیہوں کے انڈوں نے شور

"کس کے انڈوں نے؟ کیا گیہوں کے بھی انڈے ہوتے ہیں؟"

"بھئی مجھے کیا معلوم۔ کہانی بنانے والے نے یہی لکھا ہے۔"

"یہ کہانی کس نے بنائی ہے؟"

"حفیظ صاحب نے۔"

"ابا اب میں سمجھا۔ اب میں سمجھا۔ آگے سنائیے ابا جان جی۔" ابا جان آگے بڑھے۔

مچایا جو گیہوں کے انڈوں نے شور
لگا ناچنے سانپ کی دم پہ مور
کھڑا تھا وہیں پاس ہی ایک شیر
بہت سارے تھے اس کی جھولی میں بیر
کریلا بجانے لگا اٹھ کے بین
لئے شیر سے بیر چوہیا نے چھین

چوہیا نے شیر سے بیر چھین لیے۔ جی ہاں بڑی زبردست چوہیا تھی نا۔ اب بچوں کو معلوم ہو گیا تھا کہ ابا جان ہم کو آزمانے کے لئے کہانی کہہ رہے ہیں۔ اماں جان بھی ہنستی ہوئی بولیں "اور تو خیر، یہ کریلے نے بین اچھی بجائی۔" ننھی بہت خفا ہو رہی تھی۔ سلسلہ ٹوٹتا تھا تو اس کو برا معلوم ہوتا تھا۔ ابا جی کہتے کہتے آگے کہتے۔ ابا جان نے کہا "بیٹی میں تو کہتا ہوں، یہ لوگ کہنے نہیں دیتے۔ ہاں میں کیا کہہ رہا تھا۔

لئے شیر سے بیر چوہیا نے چھین
یہ دیکھا تو پھر بادشاہ نے کہا
ارے پیاری چڑیا ادھر کو تو آ
وہ آئی تو مونچھوں سے پکڑا اسے
ہوا کی کمندوں میں جکڑا اسے

بھائی جان نے قہقہہ مارا "ہہ ہہ ہا ہا۔ لیجئے بادشاہ پھر آ گیا اور چڑیا بھی آ گئی۔ چڑیا بھی مونچھوں والی۔" منجھلے بولے "ابا جی یہ ہوا کہ کمندیں کیا ہوتی ہیں۔" ابا جان نے کہا "بیٹے کتابوں میں اسی طرح لکھا ہے۔ کمند ہوا چچا سعدی لکھ گئے ہیں۔"

آپا نے پوچھا "ابا جی یہ سعدی کے نام کے ساتھ چچا کیوں لگا دیتے ہیں؟" مگر ننھی اب بہت بگڑ گئی تھی۔ اس نے جواب کا وقت نہ دیا اور بسورنے لگی "اوں اوں اوں۔ کہانی ختم کیجئے۔ واہ ساری کہانی خراب کر دی۔" ابا جان نے اس طرح کہانی ختم کی:

غرض بادشاہ لاؤ لشکر کے ساتھ
چلا سیر کو ایک جھینگر کے ساتھ
مگر راہ میں چیونٹیاں آ گئیں
چنے جس قدر تھے وہ سب کھا گئیں
بڑی بھاری اب تو لڑائی ہوئی
لڑائی میں گھر کی صفائی ہوئی

مسکرائیے

ایک دوست (دوسرے سے): یار! تمہاری مرغی کا کیا حال ہے جو سائیکل کے نیچے آ گئی تھی؟

دوسرا دوست: اس کا حال تو ٹھیک ہے بس انڈے ٹوٹے ہوئے دیتی ہے۔

☆☆☆☆

ایک لڑکا سڑک پر بھیک مانگ رہا تھا۔ ایک عورت نے کہا، "تمہیں شرم نہیں آتی؟ تمہاری عمر کے لڑکے تو اسکول جاتے ہیں۔"

"وہاں بھی گیا تھا، مگر کسی نے ایک پیسا بھی نہیں دیا۔" لڑکے نے جواب دیا۔

☆☆☆☆

استاد (دو لڑکوں سے) اَرے! آپس میں سر کیوں ٹکرا رہے ہو؟"

ایک لڑکا: جناب! آپ ہی نے تو کہا تھا کہ ریاضی میں پاس ہونے کے لیے دماغ لڑانا ضروری ہے۔"

☆☆☆☆

ایک دوست (دوسرے سے): "ڈاکٹر نے مجھے کرکٹ کھیلنے سے منع کر دیا ہے۔"

دوسرا دوست: "شاید اس نے تمہیں کرکٹ کھیلتے ہوئے دیکھ لیا ہے۔"

☆☆☆☆

مہمان (چھوٹا کینو لیتے ہوئے میزبان سے): "اجی، کیا بتاؤں میری نظر تو بہت کمزور ہے۔"

میزبان (جل کر): "جی ہاں! جبھی آپ کینوؤں کو انگور سمجھ کر کھا رہے ہیں۔"

☆☆☆☆

مجسٹریٹ (جیب کترے سے): "تم نے اس آدمی کی جیب سے بٹوہ کس طرح نکال لیا؟"

جیب کترا (تن کر): اس علم کو سکھانے کی فیس پانچ سو روپے ہے۔"

۔ایک دفعہ ایک چھوٹا جن ایک بچے کے پاس آیا اور اسے ڈرانے لگا۔ بچے نے معصومیت سے پوچھا تم کون ہو؟

میں جن کا بچہ ہوں۔

بچے نے فوراً جواب دیا۔ اچھا تو ریڈیو پر تمہارا ہی اعلان ہو رہا تھا کہ "جن کا بچہ" ہے آ کر لے جائیں۔

۔ایک مینڈک کا بچہ باہر سیر و تفریح کے لیے نکلا راستے میں لوگوں کا ایک گروپ حوروں کے متعلق بحث کر رہا تھا۔ جب مینڈک کا بچہ گھر واپس آیا تو اپنی ماں سے پوچھنے لگا۔

ماں حور کیا چیز ہوتی ہے۔

مینڈکی نے آس پاس دیکھا اور چپکے سے کہنے لگی بیٹے! لوگوں کو مجھ پر شک ہے۔

۔استاد اتفاق کے مسئلے پر گفتگو کر رہے تھے۔ جب انہیں یقین ہو گیا کہ بچے ان کی بات سمجھ چکے ہیں تو انہوں نے سوال کیا: کیا تم میں سے کوئی اتفاق کے بارے میں مثال دے سکتا ہے؟

ایک بچہ بولا: جی ہاں آپ کو حیرت ہوگی کہ میرے ابو اور امی کی شادی اتفاق سے ایک ہی دن ہوئی تھی۔

☆☆☆☆

ایک آدمی جنگل سے گزر رہا تھا کہ شیر سامنے آ گیا شیر نے کہا: آج میں تمہارا خون پی جاؤں گا

آدمی: میرا خون ٹھنڈا ہے پیچھے ایک نوجوان آ رہا ہے۔ اس کا خون گرم ہے تم اس کا خون پینا

شیر: نہیں آج میرا دل کولڈ ڈرنک پینے کو چاہ رہا ہے۔

☆☆☆☆

جنید (اسلم سے) بتاؤ مچھر اور ہاتھی میں کیا فرق ہے؟

اسلم: مچھر ہاتھی کو کاٹ سکتا ہے مگر ہاتھی مچھر کو نہیں کاٹ سکتا۔

☆☆☆

ایک ہپی جس نے پانچ سال سے بال نہیں کٹوائے تھے، حجام کی دکان میں داخل ہوا اور کرسی پر بیٹھ گیا۔ پھر فوراً حجام سے مخاطب ہوا۔

ڈاکٹر نے کہا ہے کہ مجھے اپنا وزن پانچ کلو کم کر لینا چاہئے لہٰذا میرے بال کاٹ دو

ڈاکٹر کے بند کلینک پر لمبی لائن لگی تھی، ایک شخص بار بار لائن سے کھسک کر آگے جانے کی کوشش کر رہا تھا وہ جب بھی آگے بڑھتا لوگ اسے پیچھے دھکیل دیتے اس شخص نے تنگ آ کر کہا اور دھکے دو کلینک تو میں نے ہی کھولنا ہے!

برج ٹاؤن سی پی ایل لیگ فاتح ٹیم بریوڈا فالکنز کے کھلاڑیوں کا ٹرافی کے ہمراہ جشن مناتے ہوئے گروپ فوٹو

محمد رضوان کی میڈیا ٹاک کرنے کی اجازت مسترد

محمد رضوان آئی سی سی کو لکھے گئے خط سے متعلق تفصیلات بھی بتانا چاہتے تھے

لاہور (این این آئی) پاکستانی کرکٹر محمد رضوان کی میڈیا ٹاک کرنے کی اجازت مسترد کر دی گئی۔ محمد رضوان کے قریبی ذرائع نے بتایا کہ رضوان نے پاکستان کرکٹ بورڈ سے میڈیا ٹاک کرنے کی اجازت طلب کی تھی، وہ 2 بار پی سی بی سے میڈیا ٹاک کی اجازت طلب کر چکے، تاہم دونوں بار پی سی بی نے اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق رضوان مکمل تنازع کو پبلک کرنا چاہتے تھے، وہ لارڈز ٹیسٹ کے بعد ضبط کیے جانے والے موبائل کی تفصیل بتانا چاہتے تھے اور اپنے اوپر لگائے گئے الزامات کی تفصیلات پبلک کرنا چاہتے تھے۔ محمد رضوان آئی سی سی کو لکھے گئے خط سے متعلق تفصیلات بھی بتانا چاہتے تھے۔ وہ سینٹرل کنٹریکٹ کی شق 4.1 کا احترام کرتے ہوئے شق 16 استعمال کرنا چاہتے تھے۔ شق 4.1 کے مطابق کھلاڑی بغیر اجازت عوامی بیان نہیں دے سکتا جبکہ شق 16 کے مطابق پی سی بی اور کھلاڑی میں باہمی تعاون ہونا چاہیے۔

ایشین گیمز بھارتی ویمنز ٹیم کی کھلاڑیوں کا فتح کے بعد گولڈ میڈلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایشین گیمز بھارتی ویمنز کرکٹ ٹیم نے سری لنکا کو شکست دے کر گولڈ میڈل جیت لیا

217 رنز کے بڑے ہدف کے تعاقب میں سری لنکن ٹیم 69 رنز پر ڈھیر ہوگئی

نشین (آئی این پی) ایشین گیمز کے ویمنز کرکٹ ایونٹ میں بھارت نے سری لنکا کو شکست دے کر گولڈ میڈل جیت لیا۔ نشین میں کھیلے گئے فائنل [illegible] (11) کے علاوہ کوئی دیگر بلے باز ڈبل فیگرز میں داخل نہ ہو سکیں۔ بھارت کی جانب سے دیپتی شرما نے 3 [illegible]

رونالڈو کو پرتگال فٹبال ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ جارج جیسس نے اپنے پہلے اسکواڈ میں شامل کر لیا

تجربہ کار کھلاڑیوں روبن ڈیاس، برنارڈو سلوا اور برونو فرنینڈس کو بھی اسکواڈ میں برقرار رکھا گیا ہے، رپورٹ

بیونس آئرس (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو پرتگال فٹبال ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ جارج جیسس نے اپنے پہلے اسکواڈ میں شامل کر لیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق تجربہ کار فارورڈ کو دفاعی چیمپئن کے آنے والے یوئیفا نیشنز لیگ کے میچوں کیلئے منتخب کیا گیا۔ کرسٹیانو رونالڈو نے حال ہی میں فیفا ورلڈ کپ 2026 کے بعد ریٹائرمنٹ کا اشارہ دیا تھا اور اس بات کی تصدیق کی تھی کہ یہ ٹورنامنٹ ان کا آخری ہوگا تاہم جارج جیسس کے پہلے اسکواڈ میں ان کی شمولیت کا مطلب یہ ہے کہ وہ فی الحال قومی ٹیم کا حصہ ہیں۔ جارج جیسس نے پرتگال کے آنے والے نیشنز لیگ کے مقابلوں کیلئے 25 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کرسٹیانو رونالڈو کے ساتھ ساتھ تجربہ کار کھلاڑیوں روبن ڈیاس، برنارڈو سلوا اور برونو فرنینڈس کو بھی اسکواڈ میں برقرار رکھا ہے۔ پرتگال اپنے نیشنز لیگ کے سفر کا آغاز 24 ستمبر کو ویلز کے خلاف کرے گا۔ اس کے بعد ٹیم 27 ستمبر کو ناروے کے خلاف اس کے ہوم گراؤنڈ پر میچ کھیلے گی جس کے بعد وہ یکم اکتوبر کو ایک اور میچ کیلئے ڈنمارک روانہ ہوگی۔ پرتگال 14 اکتوبر کو ایک بار پھر ناروے سے مدمقابل ہوگا۔ جارج جیسس نے پہلے ہی یہ واضح کیا تھا کہ قومی ٹیم میں اب بھی کرسٹیانو رونالڈو کیلئے جگہ موجود ہے۔ انہوں نے اب اپنے پہلے اسکواڈ میں رونالڈو کو شامل کر کے اس بیان کو سچ ثابت کر دیا۔

بھارت کا دوغلا چہرہ، پاکستان کے سیکورٹی خدشات کے باوجود وینیو تبدیلی سے انکار

نئی دہلی (این این آئی) سیکیورٹی خدشات پر پاکستان کے وینیو تبدیلی کی درخواست مسترد کرنے والے بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے آشکار ہوگیا۔ بھارتی جریدے انڈیا ٹوڈے کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ایشین چیمپئنز ٹرافی کے میچز نیوٹرل مقام پر منتقل کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ڈیسکیمونٹی جوائن کریں رپورٹ کے مطابق پاکستان نے بھارت میں سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر وینیو تبدیل کرنے کی درخواست کی ہے۔ انڈین ہاکی فیڈریشن نے پاکستان کی جانب سے میچ کے مقام کی تبدیلی کے مطالبے کو رد کر دیا۔ بھارت نے ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کی جگہ بنگلا دیش یا عمان کو شامل کرنے کی دھمکی دے دی۔ ڈیسکیمونٹی جوائن کریں سیاسی، دفاعی اور عالمی سفارت کاری کے محاذ پر پسپائی کا شکار بھارت کھیل کو سیاست کی نذر کر چکا ہے۔

بیٹی کو چھوڑ کر ایشین گیمز کیلئے جاپان روانگی، ماحور شہزاد آبدیدہ

لاہور (این این آئی) اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر ماحور شہزاد [illegible] ہیں۔ ایشین گیمز کے لیے جاپان روانگی کے موقع پر اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر ماحور شہزاد نے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ 2 سال 3 ماہ کی بیٹی سے پہلی مرتبہ جدا ہو رہی ہوں، یہ میری زندگی کا مشکل ترین لمحہ ہے، پاکستان کی نمائندگی کے لیے کھلاڑیوں کو سمجھوتے اور قربانیاں دینا پڑتی ہیں۔ [illegible] کے لیے سمجھوتہ کرنا اور قربانی دینا پڑتی ہے۔

اب بس، بھارتی چیف سلیکٹر اجیت اگرکر کا مدت میں توسیع نہ لینے کا فیصلہ

چیف سلیکٹر کے عہدے پر اپنے موجودہ معاہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد توسیع کے لیے درخواست نہیں دیں گے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی چیف سلیکٹر اجیت اگرکر نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ چیف سلیکٹر کے عہدے پر اپنے موجودہ معاہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد توسیع کے لیے درخواست نہیں [illegible] ہے۔ سائیکیا نے بی سی سی آئی کی سالانہ جنرل میٹنگ کے بعد میڈیا میں کہا کہ ہمارے پاس ابھی 15 دن باقی ہیں۔ کرکٹ کی دنیا میں 15 دن بہت طویل عرصہ ہوتا ہے، ہم مناسب وقت پر فیصلہ کریں [illegible] رابطہ کر کے یہ جاننے کی کوشش کی تھی کہ آیا بورڈ چاہتا ہے کہ وہ 2027 کے ورلڈ کپ تک چیف سلیکٹر کے عہدے پر برقرار رہیں یا نہیں۔ جمعے کے روز بی سی سی آئی کے سیکرٹری دیوا جیت سائیکیا نے کہا کہ بورڈ کے پاس اگرکر کے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے ابھی کچھ وقت موجود [illegible] کے ساتھ مل کر مستقبل کے کھلاڑیوں کی تیاری اور جانشینی کا منصوبہ بنانے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ان کے دور میں بھارت نے دو مرتبہ ایشیا کپ (2023 اور 2025)، 2023 ورلڈ کپ کا فائنل، دو مرتبہ ٹی 20 ورلڈ کپ (2024 اور 2026) اور 2025 چیمپئنز ٹرافی جیتی۔

بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو منائی جائیگی

بنوں (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن بنوں و ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن بنوں کی زیر نگرانی بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو سپورٹس کمپلیکس زاہد اکرام خان درانی فٹ بال اسٹیڈیم، بنوں میں منائی جائے گی۔ یہ پروگرام قومی اسمبلی کے سابق ڈپٹی سپیکر زاہد اکرام خان درانی کی زیر سرپرستی ہوگا۔

ایشین گیمز، پاکستان ہاکی ٹیم کا شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

ازبکستان کو ایک کے مقابلے میں پانچ گول سے شکست دیدی

آیچی ناگویا (این این آئی) ایشین گیمز 2026 کے مینز کے ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان ہاکی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ازبکستان کو 1 کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا دوسرا میچ جیت لیا۔ تفصیلات کے مطابق 18 ویں منٹ میں پاکستان کے محمد عماد نے بہترین فیلڈ گول کر کے ٹیم کو 0-1 کی برتری دلائی۔ 30 ویں منٹ میں ازبکستان کے سلیم جونوف شوخ رخ بیگ نے پینلٹی کارنر کے ذریعے گول کر کے مقابلہ 1-1 سے برابر کر دیا۔ 33 ویں منٹ میں پاکستان کے سفیان خان نے پینلٹی کارنر کو گول میں بدل کر پاکستان کو 1-2 سے آگے کر دیا۔ 40 ویں منٹ میں عبدالرحمٰن نے پینلٹی کارنر پر گول اسکور کر کے برتری 1-3 کر دی۔ 45 ویں منٹ میں ابوبکر محمود نے پینلٹی اسٹروک پر کامیابی سے گول کر کے اسکور 1-4 کر دیا۔ 57 ویں منٹ میں سفیان خان نے میچ میں اپنا دوسرا اور ٹیم کا پانچواں گول پینلٹی کارنر کے ذریعے اسکور کر کے پاکستان کی 1-5 سے فتح یقینی بنا دی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے قومی ٹیم کی اس شاندار فتح پر کھلاڑیوں اور آفیشلز کو مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ٹیم آگے بھی اسی تسلسل کو برقرار رکھے گی۔



انگلش بلے باز ونڈے میچ میں سری لنکا کیخلاف شاٹ لگا رہا ہے

شاداب کے معاملے پر ماضی کے دو مایہ ناز اسپنرز آمنے سامنے، ایک دوسرے پر الزامات

توصیف احمد نے ثقلین مشتاق پر شاداب خان کو حد سے زیادہ فیور دینے کا الزام عائد کیا، ثقلین مشتاق نے اسے جھوٹ قرار دیا

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے اسپن آل راؤنڈر شاداب خان کے معاملے پر پاکستان کے ماضی کے دو مایہ ناز اسپنرز توصیف احمد اور ثقلین مشتاق آمنے سامنے آگئے۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر توصیف احمد نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ ثقلین مشتاق اپنے داماد شاداب خان کو کھیلنے کیلئے زور دیتے تھے، جب میں سلیکٹر تھا تو مجھے کہا کہ شاداب کو دیکھ لینا، ثقلین مشتاق کا واٹس ایپ ریکارڈ پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثقلین کو شاداب کے سوا کچھ دکھتا ہی نہیں تھا، فیور کی ایک حد ہوتی ہے، دنیا کو جا جا کر اسپن بولنگ بتائی لیکن اپنے ملک میں کیا کیا۔ انہوں نے کہا کہ شاداب ان فٹ ہو کر ہر جگہ جا رہے ہیں اور پھر فیور بھی کر رہے ہیں، پاکستان کے کچھ گریٹ پلیئر کوچنگ میں آ کر ناکام ہو گئے۔ ثقلین مشتاق نے توصیف احمد کو سوشل میڈیا پر جواب دیا کہ توصیف احمد، آپ نے کہا ہے کہ آپ کے پاس میرا واٹس ایپ میسج موجود ہے، تو اسے ثابت کریں اور عوام کے سامنے جاری کریں، میں نے آپ کو احترام کے ساتھ فون کیا تھا کیونکہ میں آپ کو اپنا سینئر سمجھ کر عزت دیتا تھا۔ ثقلین مشتاق نے کہا جھوٹ نہ بولیں، حقائق نہ چھپائیں اور نہ ہی معاملے کو توڑ مروڑ کر پیش کریں، میرے پاس بھی مکمل ریکارڈ موجود ہے، آپ اپنا ریکارڈ جاری کریں، میں بھی اپنا ریکارڈ عوام کے سامنے لے آؤں گا، عوام کو خود سچ سننے اور حقیقت جاننے دیں۔

ایشین گیمز، پاکستان ویمنز نے بنگلا دیش کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ جیت لیا

پاکستان نے 20 اوورز میں 8 وکٹوں پر 145 رنز بنائے، بنگالی ٹیم 7 وکٹوں کے نقصان پر 114 رنز بنا سکی

کوروچی (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے ایشین گیمز 2026 کے تیسرے پوزیشن کے میچ میں بنگلا دیش کے خلاف 31 رنز سے کامیابی حاصل کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ کوروچی اسپورٹس پارک نیشن میں کھیلے گئے برونز میڈل میچ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 145 رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے اوپننگ بیٹر گل فیروزہ نے 31 رنز اسکور کیے جبکہ کپتان فاطمہ ثنا نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 30 گیندوں پر 3 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 45 رنز اسکور کیے۔ بنگلا دیش کی جانب سے ناہیدہ اختر، شورنا اختر اور رتو موتی نے 2،2 وکٹیں اپنے نام کیں جبکہ سنجیدہ اختر نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ بنگلا دیشی ٹیم 146 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 114 رنز بنا سکی۔ پاکستان کی جانب سے ام ہانی نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 3 وکٹیں حاصل کیں جبکہ فاطمہ ثنا اور تسمیہ رباب، انشرا اسند ھوا اور عائشہ ظفر نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے اس فتح کے ساتھ ایشین گیمز 2026 میں کانسی کا تمغہ حاصل کر لیا۔ پاکستان اس سے قبل سیمی فائنل میں سری لنکا کے ہاتھوں 8 وکٹوں سے شکست کھا کر گولڈ میڈل کی دوڑ سے باہر ہو گیا تھا جس کے بعد اسے برونز میڈل کے میچ میں بنگلا دیش کا سامنا کرنا پڑا۔ ایونٹ میں گولڈ میڈل کی دوڑ کے لیے آج سری لنکا اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ برونز میڈل میچ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 145 رنز بنائے۔

زینت امان نے مظہر خان سے شادی کے تلخ تجربات بیان کر دیئے

ممبئی (آئی این پی) معروف بھارتی اداکارہ زینت امان نے اپنے دوسرے شوہر مظہر خان سے شادی کے تلخ تجربات بیان کر دیے۔ 74 سالہ اداکارہ نے 1985 میں سنگاپور میں مظہر خان سے شادی کی تھی، ان کے مظہر خان سے 2 بیٹے، اذان اور زہان ہیں، دونوں نے تقریباً 12 سال ساتھ زندگی گزاری، انہوں نے مظہر خان سے باضابطہ طور پر طلاق تو نہیں لی، لیکن 1998 میں مظہر خان کے انتقال سے قبل وہ انہیں چھوڑ کر چلی گئی تھیں۔ ایک حالیہ گفتگو کے دوران زینت امان نے اپنی ازدواجی زندگی اور اس دوران پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کیا۔ زینت امان نے کہا کہ کامیابی انسان کو اعتماد سکھا سکتی ہے، لیکن دل ٹوٹنے کا تجربہ اپنی حدود متعین کرنا سکھاتا ہے۔ ان کے مطابق صرف محبت ملنا کافی نہیں، اگر عزت نہ ملے تو رشتہ برقرار رکھنا ضروری نہیں۔

بجٹ سے فلم چوڑی، وژن سے بڑی بنتی ہے، پنکج ترپاٹھی

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ اداکار پنکج ترپاٹھی کا کہنا ہے کہ بجٹ سے فلم چوڑی بنتی ہے جبکہ وژن سے فلم بڑی بنتی ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران پنکج سے جب یہ پوچھا گیا کہ کیا فلم کا اسکیل سینما گھروں میں ناظرین کی تعداد پر اثر انداز ہوتا ہے، تو انہوں نے کہا ٹریلر فلم کی کشش میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اگر ٹریلر ناظرین میں تجسس پیدا کرنے میں کامیاب ہو جائے تو وہ فلم دیکھنا چاہتے ہیں۔ بڑی فلموں کے لیے یقیناً بہت زیادہ ہائپ بنانا پڑتی ہے، لیکن بجٹ سے فلم چوڑی بنتی ہے، جبکہ وژن سے فلم بڑی بنتی ہے۔ 49 سالہ پنکج ترپاٹھی کو فلم کی شوٹنگ بہار میں کرنے کا موقع ملا، اور اپنی آبائی ریاست میں شوٹنگ کا تجربہ ان کے لیے خاص رہا۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ بچپن میں جن گلیوں سے سائیکل لے کر گزرا کرتے تھے، آج وہیں شوٹنگ کر رہے تھے۔ لوگ گھروں سے نکل کر اپنی چھتوں پر آ جاتے تھے کہ پنکج شوٹنگ کر رہے ہیں۔ بہار میں آج بھی میں پنکج سر نہیں بلکہ پنکج بھیا ہوں۔

اداکارہ نادیہ افگن نے سجل علی کو سب سے پسندیدہ اداکارہ قرار دیدیا

سینئر اداکارہ نے اپنے پسندیدہ اداکاروں میں فرحان سعید کا نام بھی لیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی سینئر اداکارہ نادیہ افگن نے موجودہ دور کے اپنے پسندیدہ فنکاروں کے بارے میں بتا دیا۔ حال ہی میں سینئر اداکارہ نے نجی ٹی وی پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے پاکستان کے موجودہ ٹیلی وژن اور فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے اداکاروں کے بارے میں کھل کر گفتگو کی۔ دوران پروگرام جب ان سے موجودہ دور کی پسندیدہ اداکارہ کے بارے میں پوچھا گیا تو نادیہ افگن نے سجل علی کو سرفہرست رکھا۔ انہوں نے سجل کی غیر معمولی اداکاری کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سجل کے تاثرات اور اداکاری میں غیر معمولی وسعت ہے، وہ ایک شاندار اداکارہ ہیں، میرے خیال میں وہ سب کچھ کر سکتی ہیں۔ نادیہ نے اقرا عزیز اور سحر خان کی اداکاری کو بھی خوب سراہا۔ مرد اداکاروں میں احد رضا میر بھی ان فنکاروں میں شامل ہیں جنہوں نے نادیہ افگن کو متاثر کیا۔ سینئر اداکارہ نے بالخصوص احد رضا کے فطری انداز اداکاری کو سراہا اور وضاحت کی کہ وہ ایسے فنکاروں کو پسند کرتی ہیں جو کردار کو اس طرح نبھاتے ہیں کہ ان کی اداکاری محسوس نہ ہو، بلکہ کردار فطری انداز میں آگے بڑھتا دکھائی دے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں ایسے اداکاروں کی معترف ہوں جن کی پرفارمنس اتنی رواں اور فطری ہو کہ ناظرین یہ بھول جائیں کہ وہ کسی کی اداکاری دیکھ رہے ہیں۔ نادیہ افگن نے اپنے پسندیدہ اداکاروں میں فرحان سعید کا نام بھی لیا اور ان کے ساتھ اپنی یادگار اسکرین کیمسٹری کا ذکر کیا اور محبت سے فرحان سعید کو اپنا بیٹا قرار دیا۔

اننیا پانڈے اور واکر بلانکو کی 2 سالہ محبت کا بریک اپ پر اختتام

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ اداکارہ اننیا پانڈے اور سابق امریکی ماڈل واکر بلانکو کے درمیان گزشتہ 2 سال سے جاری محبت کے ختم ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اننیا پانڈے نے گزشتہ ہفتے بریک اپ کا فیصلہ کیا تاہم یہ بریک اپ باہمی رضامندی سے ہوا اور دونوں کے درمیان کوئی تلخی نہیں ہے۔ اننیا اور واکر کی ملاقات ایک پرتعیش بھارتی شادی کی تقریب کے دوران ہوئی تھی، گزشتہ 2 سال کے دوران دونوں کو کئی مواقع پر ایک ساتھ دیکھا گیا جبکہ وہ ایک دوسرے کی سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر تصاویر اور پوسٹس میں بھی نظر آئے، اس جوڑے کو بیرون ملک ایک ساتھ چھٹیاں مناتے بھی دیکھا گیا۔ اگرچہ دونوں نے کبھی باضابطہ طور پر اپنی محبت کی تصدیق نہیں کی تھی تاہم مداحوں کو ان کی قربت کے کئی اشارے ملتے رہے۔



TENDER NOTICE

The **Managing Director Trauma Centre Quetta** invites sealed bids from eligible bidders for following tender of Trauma Centre & Emergency Department, Quetta for the **Financial Year 2026-27**:
Tender Fee Not required **TSE-2627091197542**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	OPERATION AND MAINTENANCE OF OXYGEN PLANT AT TRAUMA CENTER & EMERGENCYDEPARTMENT QUETTA	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 1 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turnover of at least PKR.5 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Firm/Company must be agree with all the terms & conditions (Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement) **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **12 October, 2026** till **12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00 PM on EPPS System Address:** Quetta

Phone no: 0819204484 Fax no: 819204478
Email: traumacentre7868@gmail.com

Managing Director
Trauma Centre & Emergency Department, Quetta

DPRQ/PRQ No.1531/23-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشرف غنی کیلئے بہترین راستہ افغانستان واپسی

گزشتہ سے پیوستہ
ضیا شہریار

2021 میں افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد امریکہ نے اشرف غنی کے ساتھ اپنے تعلقات یا رابطوں کے حوالے سے کوئی باضابطہ موقف اختیار نہیں کیا۔ تاہم افغانستان کی تعمیر نو کی نگرانی کرنے والے امریکی ادارے سیگار (سپیشل انسپکٹر جنرل فار افغانستان ریکنسٹرکشن) نے اشرف غنی سے ان الزامات پر وضاحت طلب کی تھی جن میں کہا گیا تھا کہ وہ افغانستان چھوڑتے وقت اپنے ساتھ بڑی رقم ساتھ لے گئے تھے۔ سیگار کی ان تحقیقات میں 15 اگست 2021، یعنی افغان جمہوریہ کے خاتمے کے دن، سابق صدر محمد اشرف غنی پر لگائے گئے مالی بے ضابطگیوں اور رقوم کی منتقلی کے الزامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

اگست 2022 میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں سیگار نے الزام عائد کیا کہ اشرف غنی نے اپنے وکیل کے ذریعے ادارے کے 56 سوالات میں سے صرف چھ کے جواب دیے تھے۔ دوسری جانب رپورٹ کے مطابق سیگار سے بات کرنے والے تمام عینی شاہدین نے کہا کہ اشرف غنی ہیلی کاپٹر میں اپنے ساتھ زیادہ سامان نہیں لے گئے تھے۔ اشرف غنی نے ان الزامات کی تردید کی تھی۔

بی بی سی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انھوں نے کہا تھا کہ وہ اس معاملے پر کسی بھی آزاد بین الاقوامی یا اقوام متحدہ کی تحقیقات میں تعاون کے لیے تیار ہیں۔ حالیہ اطلاعات میں یہ بھی کہا گیا کہ اشرف غنی نے برطانیہ میں رہائش کے لیے درخواست دی ہے۔ بی بی سی نے اس بارے میں برطانوی وزارت خارجہ اور وزارت داخلہ سے رابطہ کیا۔ وزارت خارجہ نے معاملہ وزارت داخلہ کو بھیج دیا جبکہ وزارت داخلہ نے کہا کہ وہ عام طور پر انفرادی معاملات پر تبصرہ نہیں کرتی۔

سابق صدر اشرف غنی کو برسوں سے جاننے والے سیاسی تجزیہ کار طارق فرہادی کہتے ہیں کہ موجودہ حالات اور اشرف غنی کی عمر کو دیکھتے ہوئے انھیں افغانستان واپس آ جانا چاہیے اور حامد کرزئی اور عبداللہ عبداللہ کی طرح ملک میں رہنا چاہیے۔

طارق فرہادی نے کہا کہ 'شاید یہ اشرف غنی کی اپنی حیثیت اور افغانستان، دونوں کے لیے بہتر ہو۔ افغان تاریخ میں امان اللہ خان کی مثال بھی موجود ہے۔ انھیں 1929 میں افغانستان چھوڑنا پڑا تھا۔ وہ پہلے برطانوی ہند اور پھر اٹلی گئے، اور بالآخر 1960 میں زیورخ میں فوت ہوئے۔'

ان کے مطابق 'امان اللہ خان 31 برس تک ملک سے باہر رہے اور اس عرصے میں افغانستان کے حالات پر ان کا کوئی اثر نہیں رہا۔ یہ افسوسناک بات ہے۔ شاید بہتر ہوتا کہ وہ کسی نہ کسی طرح اپنے ملک واپس آ جاتے۔' طارق فرہادی کے مطابق 'سیاسی رہنماؤں کی ملک واپسی اور افغانستان کے اندر موجود گروہی فکری اور سیاسی خلیج کو کم کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ افغان تاریخ کے تناظر میں یہ بھی بہتر ہو سکتا ہے کہ ملکی رہنما اقتدار چھوڑنے کے بعد بھی اپنی سرزمین پر رہیں اور قومی مسائل کے حل کے عمل کا حصہ بنیں۔'

طارق فرہادی کا کہنا ہے کہ حالیہ جنگ کے دوران ایران کی جانب سے متحدہ عرب امارات پر میزائل اور ڈرون حملوں اور خصوصاً ابوظہبی کو نشانہ بنائے جانے کے بعد سکیورٹی تشویش کے باعث اشرف غنی کو اماراتی حکام سے ملک چھوڑنے کی درخواست کرنے کا موقع ملا جسے قبول کر لیا گیا۔ ان کا دعویٰ ہے کہ اشرف غنی جس بھی ملک میں رہیں گے انھیں ممکنہ طور پر اسی نوعیت کی پابندیوں کا سامنا رہے گا اور انھیں وسیع سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہوگی۔

'حکومت کی تبدیلی' مغربی ممالک کے ایجنڈے پر نہیں اشرف غنی کی صورت حال کی وضاحت کرتے ہوئے طارق فرہادی ان عالمی رہنماؤں کی مثال دیتے ہیں جو سیاسی تبدیلیوں کے بعد اپنے ممالک چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ انھوں نے کہا کہ 'تیونس میں 'جیسمین انقلاب' کے بعد صدر زین العابدین بن علی نے عجلت میں ملک چھوڑ کر سعودی عرب میں پناہ لی۔ اس کے بعد وہ عملاً عوامی اور سیاسی منظرنامے سے الگ ہو گئے۔ شام میں بشار الاسد بھی حالات خراب ہونے کے بعد روس چلے گئے اور کچھ عرصہ بعد اعلان کیا کہ وہ سیاسی سرگرمیوں سے دور رہ کر کاروباری معاملات میں مصروف ہیں۔'

ان کے مطابق جلاوطنی اختیار کرنے والے رہنماؤں کا مستقبل اکثر میزبان ممالک کے سیاسی مفادات اور حالات پر منحصر ہوتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ 'شیخ حسینہ کا معاملہ کچھ مختلف ہے۔ وہ بنگلہ دیش میں بڑے پیمانے پر احتجاج کے بعد انڈیا چلی گئیں لیکن نئی دہلی نے اپنے مفادات اور بنگلہ دیش سے متعلق پالیسیوں کے پیش نظر انھیں فی الحال پناہ دے رکھی ہے اور ان کے مستقبل کے بارے میں غور کر رہا ہے۔'

'اس کے برعکس اگر ہم محمد رضا شاہ پہلوی کی مثال دیکھیں تو ایرانی انقلاب کے بعد، بہت سے مغربی ممالک کے ساتھ قریبی تعلقات کے باوجود، انھیں رہائش کے لیے ملک ڈھونڈنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ آخرکار مصر کے صدر انور سادات نے انھیں پناہ دی اور وہ وہیں وفات پا گئے۔' طارق فرہادی کا کہنا ہے کہ افغانستان میں مغرب کے 20 سالہ تجربے کے بعد کئی یورپی حکومتیں ملک کے سابق رہنماؤں سے متعلق معاملات میں دوبارہ شامل ہونے سے گریز کرتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 'اشرف غنی ان ممالک میں بااثر شخصیات کو جانتے ہیں، لیکن جب ان کی رہائش کا معاملہ سامنے آتا ہے تو لوگ خاموش رہنے کو ترجیح دیتے ہیں اور انتظار کرتے ہیں کہ کوئی دوسرا ملک انھیں قبول کرنے کی ذمہ داری لے۔' طارق فرہادی کے مطابق 'اس وقت افغانستان میں حکومت کی تبدیلی مغربی ممالک اور ڈونلڈ ٹرمپ انتظامیہ [illegible]

(ختم شد)

ہمت

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالدار ہونے میں کوئی خطر نہیں ہے اور تندرستی اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالداری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور انبساط اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔"

پٹرولیم نرخوں میں پھر اضافہ

حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رد و بدل کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ روز پٹرول کی قیمت میں مزید 4 روپے 61 پیسے فی لٹر اضافہ کر دیا گیا، جس کے بعد پٹرول کی نئی قیمت 393 روپے 75 پیسے فی لٹر ہو گئی ہے۔ دوسری جانب ڈیزل کی قیمت میں اگرچہ ایک روپیہ 96 پیسے فی لٹر کمی کی گئی ہے تاہم اس کی نئی قیمت اب بھی 422 روپے 8 پیسے فی لٹر ہے۔ لانگ مارچ کے دوران پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوام سے بھاری ٹیکس وصول کر کے حکومت اپنی مینا اہلی، کرپشن اور شاہانہ اخراجات کا بوجھ غریب عوام پر منتقل کر رہی ہے۔ پٹرول پر بھاری ٹیکس اور لیوی وصول کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ترجمان جماعت اسلامی کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کا فون امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کو ملتان پہنچنے پر موصول ہوا۔ وزیراعظم نے درخواست کی کہ ان کی وطن واپسی تک مارچ ملتوی کر دیا جائے اور کہا کہ حکومت پٹرولیم لیوی کے معاملے پر جماعت اسلامی کے ساتھ نتیجہ خیز گفتگو کے لیے تیار ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے جماعت اسلامی سے رابطہ کر کے لانگ مارچ موخر کرانے کی کوشش مذاکرات کے ذریعے مسئلے کے حل کی جانب ایک قدم ہے، تاہم اس کے لیے اعتماد سازی بھی ضروری ہے۔ ایک طرف وزیراعظم لانگ مارچ موخر کرنے اور پٹرولیم لیوی پر مذاکرات کی بات کر رہے ہیں، تو دوسری طرف اسی دوران پٹرول کی قیمت میں مزید 4 روپے 61 پیسے اضافہ کر دیا گیا ہے۔ ایسے اقدامات مذاکرات کے لیے سازگار فضا پیدا کرنے کے بجائے فریقین کے درمیان اعتماد کو متاثر کر سکتے ہیں۔ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو عالمی منڈی کی صورتحال اور قیمتوں میں اتار چڑھاؤ سے جوڑتی ہے، تاہم حالیہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی بھی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ایسے میں عوام یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ عالمی سطح پر قیمتوں میں کمی کا فائدہ انہیں کس حد تک اور کتنی جلدی منتقل کیا جاتا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری اور روزمرہ اخراجات کے بڑھتے ہوئے بوجھ میں حکمرانوں کو عام آدمی کی مشکلات کا بہر صورت احساس کرنا چاہیے۔ احتجاج اور مذاکرات دونوں جمہوری عمل کا حصہ ہیں، اس لیے حکومت کو چاہیے کہ عوامی مطالبات کو سنجیدگی سے سنے، اعتماد سازی کے لیے عملی اقدامات کرے اور حالات کو اس نہج تک نہ پہنچنے دے کہ عوام کے لیے تنگ آمد، بجنگ آمد کی صورتحال پیدا ہو۔

دکھی سیارے

یہ واقعہ کراچی میں ہوا جہاں ایک گھر سے عمر رسیدہ ایک ڈاکٹر اس کی بیوی اور تین بچوں کی لاشیں برآمد ہوئیں۔ پولیس کے مطابق موت 5 روز پہلے ہوئی تھی۔ گھر کی تلاشی لی گئی تو پتہ چلا کہ ان کے گھر میں کھانے کو کچھ نہ تھا۔ باورچی خانے کے تمام برتن خالی تھے۔ آٹا تھا نہ دال نہ گھی اور نہ ہی اور کوئی چیز۔ ...

عبداللہ طارق سہیل

اب ہم کسی کے گھر اچانک کیوں نہیں جاتے؟

محمد اکرم چوہدری

پٹرول ریلیف: عوام کو معاشی دباؤ سے نکالنے کی ایک اہم کوشش

احمد علی ملک

مشکل حالات میں پٹرول ریلیف

عالمی معیشت ایک بار پھر ایسے مرحلے سے گزر رہی ہے جہاں کسی ایک خطے میں پیدا ہونے والی کشیدگی ... حکومتی اقدامات کے اثرات کو محدود کرنے اور مستحق شہریوں تک ریلیف کی رسائی کو شفاف ...

رابعہ حبیب

وزیراعظم کے کفایت شعاری اقدامات

اسداللہ غالب

تیسری راہ ڈھونڈنے کی مشق میری

نصرت جاوید

پاکستان کی نجکاری پالیسی کو ساکھ کے امتحان کا سامنا

ابوذر نذیر

بقیہ 1

کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے۔ پشتون عوام نے بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا گہوارہ ہے، جبکہ صوبے کی تمام اقوام اور ثقافتیں بلوچستان کی خوبصورتی اور اجتماعی شناخت کا حصہ ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ثقافتی روایات اور ورثے کا تحفظ نئی نسل کی اپنی شناخت سے وابستگی کو مضبوط کرتا ہے۔ پشتون کلچر ڈے باہمی احترام، رواداری، امن اور بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیتا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ ہمیں اپنی ثقافتی روایات کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام اور ثقافتوں کا بھی احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون بھائیوں اور بہنوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 2

جاری کردیے ہیں۔ جیل حکام کے مطابق محکمہ جیل کے ذمے کیسکو کی خطیر رقم واجب الادا ہے، جس سے متعلق متعلقہ حکام کو آگاہ کردیا گیا ہے۔ جیل حکام کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے فنڈز جاری ہوتے ہی کیسکو کے بجلی کے واجبات ادا کردیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق بجلی کے واجبات کی بروقت ادائیگی کے معاملے پر محکمہ جیل اور کیسکو کے درمیان رابطہ جاری ہے، جبکہ متعلقہ حکام واجبات کی ادائیگی کے لیے ضروری اقدامات کررہے ہیں۔

بقیہ 3

پیغام میں کہا ہے کہ پشتون کلچر ڈے ہماری قدیم اور شاندار ثقافت، روایات، اقدار اور تاریخی ورثے کو اجاگر کرنے کا اہم موقع ہے۔ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط تاریخ کی امین ہے جس میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، سخاوت، جرگہ، بھائی چارہ اور بزرگوں کے احترام جیسی اعلیٰ روایات نمایاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم نے ہمیشہ اپنی روایات، زبان، ادب، ثقافت اور تہذیبی اقدار کو زندہ رکھا ہے، جبکہ پشتون ثقافت میں امن، محبت، برداشت اور انسانیت کا پیغام نمایاں طور پر موجود ہے۔ پشتون کلچر ڈے منانے کا مقصد صرف روایتی لباس اور ثقافتی رنگوں کا اظہار نہیں بلکہ اپنی تاریخ، زبان، ادب، فنون اور روایتی اقدار کو نئی نسل تک منتقل کرنا بھی ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل ہمارا مستقبل ہے، اسے اپنی ثقافتی شناخت اور تاریخی ورثے سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جدید دور کے تقاضوں کے ساتھ آگے بڑھتے ہوئے ہمیں اپنی ثقافتی روایات اور مثبت اقدار کو بھی محفوظ رکھنا ہوگا تاکہ آنے والی نسلیں اپنے شاندار ماضی سے جڑی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت اپنی خوبصورتی اور منفرد روایات کے باعث نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں ایک الگ شناخت رکھتی ہے۔ پشتون معاشرے کی روایتی اقدار میں مہمان نوازی، وعدے کی پاسداری، بڑوں کا احترام اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دینا شامل ہے، جو معاشرے میں اتحاد اور بھائی چارے کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنی ثقافت کو فخر کے ساتھ اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام اور ثقافتوں کا بھی احترام کرنا چاہیے۔ پاکستان مختلف زبانوں، ثقافتوں اور روایات کا حسین گلدستہ ہے، اور تمام ثقافتوں کا باہمی احترام قومی یکجہتی، امن اور بھائی چارے کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پشتون نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی ثقافتی اور تاریخی شناخت کو بھی مضبوط بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت کا پیغام امن، محبت، رواداری اور بھائی چارے کا پیغام ہے، جسے دنیا تک مؤثر انداز میں پہنچانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 4

ایریا میں خاتون کی میت منتقل کرنے کے بعد واپس ایدھی فلات سینٹر آتے ہوئے راستے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایدھی مددگار پر تشدد کیا اور ایمبولینس اغوا کر کے لے گئے۔

بقیہ 5

مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کو قانونی کارروائی کیلئے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ گرفتار افغانی انسانی اسمگلرز کے ذریعے براستہ پاکستان، ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک ہفتے میں زیر حراست غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی تعداد 129 ہوگئی ہے۔

بقیہ 6

ترقیاتی بینک (ADB) کے نمائندوں خرم اور بلال نے کہا ہے کہ بی ٹیوٹا اور ایشیائی ترقیاتی بینک بزنس کمیونٹی کو درکار ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ بلوچستان میں کان کنی، زراعت، گلہ بانی، ٹرانسپورٹ، ماہی گیری، تعمیرات اور دیگر پیداواری شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کیے بغیر پاکستان اور بلوچستان کی معاشی خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان میں منعقدہ ایک سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی اور نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ نے بی ٹیوٹا، ایشیائی ترقیاتی بینک اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پر مشتمل مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کان کنی، ہوٹلنگ، تعمیراتی شعبے، فروٹ اینڈ ویجیٹیبل پروسیسنگ اور دیگر اہم شعبوں کے لیے ہنرمند افراد کی تعداد انتہائی کم ہے، جس کے باعث انہیں دوسرے صوبوں سے ہنرمند افراد کی ضرورت پورا کرنا پڑ رہی ہے۔ موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ اسکلڈ لیبر کی تیاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ چیمبر عہدیداران نے کہا کہ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی صوبے میں فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے فروغ کے لیے بی ٹیوٹا، ایشیائی ترقیاتی بینک اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقے کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تربیتی پروگرام تشکیل دیے جائیں تاکہ صوبے کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ صنعتی و معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور بزنس کمیونٹی کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون ہی کے ذریعے بلوچستان میں فنی تعلیم اور ہنرمند افرادی قوت کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 7

ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف اپنی ثقافت، زبان، روایات اور تاریخی ورثے سے وابستگی کا دن ہے بلکہ یہ نئی نسل کو اپنی تہذیبی اقدار سے روشناس کرانے کا بھی اہم موقع فراہم کرتا ہے۔ محترمہ بشریٰ رند نے کہا کہ بلوچستان مختلف ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا خوبصورت گلدستہ ہے اور صوبے کی ثقافتی رنگا رنگی ہماری مشترکہ طاقت اور پہچان ہے۔ ایک دوسرے کی ثقافت اور روایات کا احترام باہمی ہم آہنگی اور بھائی چارے کو مزید مضبوط بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے صوبے میں بسنے والی تمام اقوام کے درمیان اتحاد، احترام، رواداری اور باہمی تعاون کا فروغ انتہائی اہم ہے۔ سابق صوبائی وزیر نے پشتون نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی ثقافتی اقدار اور مثبت روایات کو محفوظ رکھتے ہوئے تعلیم، ہنر اور سماجی ترقی کے میدان میں بھرپور کردار ادا کریں۔ محترمہ بشریٰ رند نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر دعا اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ دن بلوچستان سمیت پورے پاکستان میں امن، بھائی چارے، قومی یکجہتی اور باہمی احترام کے فروغ کا ذریعہ بنے۔

بقیہ 8

بہادری اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا حسین امتزاج ہے، جو صدیوں پر محیط ایک شاندار تاریخ اور تہذیبی ورثے کی عکاس ہے۔ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا خوبصورت گلدستہ ہے، جہاں پشتون اور بلوچ برادریاں صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام کے رشتے میں جڑی ہوئی ہیں۔ صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی میں پشتون عوام کا کردار قابل قدر ہے۔ پشتون کلچر ڈے ہمیں اپنی ثقافتی شناخت اور روایات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ بلوچستان میں تمام اقوام کے درمیان اتحاد، یکجہتی، برداشت اور بین الثقافتی ہم آہنگی کو مزید فروغ دینے کا پیغام دیتا ہے۔ بطور صوبائی وزیر، میں پشتون قوم کی اپنی ثقافت، تاریخ، زبان اور دھرتی سے محبت کو سلام پیش کرتی ہوں اور اس عزم کا اعادہ کرتی ہوں کہ بلوچستان کی تمام ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا احترام ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ہماری مختلف ثقافتیں ہی بلوچستان کی اصل خوبصورتی اور طاقت ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس خوبصورت دھرتی کو ہمیشہ امن، ترقی، خوشحالی اور بھائی چارے کا گہوارہ بنائے اور تمام اقوام کو محبت و اخوت کے ساتھ مل کر آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 9

کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان مختلف ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا حسین امتزاج ہے۔ ملک کی تمام ثقافتیں باہمی احترام، رواداری، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کی خوبصورت مظہر ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان میں موجود تمام ثقافتوں اور روایات کا احترام کرتے ہوئے قومی اتحاد، امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 10

ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا دن ہے بلکہ تمام اقوام کے درمیان باہمی احترام، بھائی چارے، اتحاد اور ہم آہنگی کے فروغ کا بھی پیغام دیتا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے، یہاں آباد تمام اقوام کی ثقافتیں صوبے کی خوبصورتی، پہچان اور اجتماعی تشخص کا اہم حصہ ہیں۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون بھائیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 11

نے کہا کہ تہران میں پاکستان اور ایران کے درمیان ہونیوالے اعلیٰ سطحی مذاکرات، بالخصوص وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور اپنے ایرانی ہم منصب اسکندر مومنی سے ملاقاتوں کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے کے معاشی اور سیکیورٹی مستقبل کے لیے انتہائی اہم اور خوش آئند پیشرفت ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے مابین دیرینہ اور مضبوط تاریخی، ثقافتی اور دینی روابط قائم ہیں۔ تہران میں ہونیوالی یہ اعلیٰ سطحی بات چیت دوطرفہ تعلقات کو مزید پائیدار اور ٹھوس بنیادیں فراہم کرے گی۔ بارڈر سیکیورٹی پر دوطرفہ تعاون میں اضافے سے سرحد کے آر پار سمگلنگ، غیر قانونی سرگرمیوں اور دہشت گردی کے انسداد میں مدد ملے گی، جس کا براہ راست فائدہ بلوچستان کے سرحدی اضلاع، مقامی آبادی اور مجموعی طور پر ملک کے امن و امان کو ہوگا۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا ہے کہ دونوں برادر ممالک کے مابین قانونی تجارت کے راستے کھلے رکھنا اور 'بارڈر مارکیٹس' کو فعال بنانا قومی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ اس سے نہ صرف پاکستان کے زرمبادلہ اور قانونی تجارت میں اضافہ ہوگا بلکہ سرحد کے دونوں جانب آباد شہریوں کیلئے روزگار کے وسیع تر مواقع پیدا ہوں گے۔ موجودہ عالمی اور علاقائی حالات کے تناظر میں مسلم امہ کے دو اہم اور بااثر ممالک کا ایک پیج پر ہونا علاقائی رابطہ کاری اور امن و استحکام کا ضامن ہے۔ پاکستان اور ایران مل کر خطے کو درپیش چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کرسکتے ہیں۔

بقیہ 12

طور پر 349 جوانوں کو ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ حکام کے مطابق بھرتی کے پورے عمل میں میرٹ، شفافیت اور مقررہ طریقہ کار کو بنیادی اہمیت دی گئی، جبکہ امیدواروں کی اہلیت اور دیگر مقررہ تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انتخاب کا عمل مکمل کیا گیا۔ بھرتی کے عمل کی نگرانی اعلیٰ پولیس حکام کی جانب سے کی گئی تاکہ کسی بھی مرحلے پر میرٹ اور شفافیت پر سمجھوتہ نہ ہو۔ پولیس حکام نے کہا کہ نئی بھرتیوں سے ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ کی افرادی قوت میں اضافہ ہوگا، جس سے پولیس فورس کو مزید منظم، فعال اور مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ نئے بھرتی ہونے والے جوانوں کی شمولیت سے کوئٹہ شہر میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور پولیسنگ کے دیگر فرائض کی انجام دہی کے لیے دستیاب نفری میں اضافہ ہوگا۔ پولیس حکام کے مطابق بلوچستان پولیس میں بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو بنیادی اصول کے طور پر برقرار رکھا جارہا ہے تاکہ اہل، باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کو پولیس فورس میں خدمات انجام دینے کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ 349 نئے جوانوں کی شمولیت سے ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ کو ایک تازہ دم اور مزید فعال افرادی قوت میسر آئے گی، جو شہریوں کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرے گی۔

بقیہ 13

شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا، تاہم فوری طور پر کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 14

کے دوران بھاری مقدار میں شراب اور غیر قانونی ادویات پر مشتمل کھیپ ضبط کر لی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضبط کی گئی ممنوعہ اشیا کو مزید قانونی کارروائی کے لیے پاکستان کوسٹ گارڈز کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ 15

جعفر خان مندوخیل کو پشتون ثقافتی پگڑی پہنائی۔

تقریب کے دوران گورنر بلوچستان نے پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے کیک کاٹا اور ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی، امن و استحکام کیلئے خصوصی دعا کی۔ گورنر بلوچستان نے اس موقع پر پشتون ثقافت، روایات، اقدار اور تاریخی ورثے کے تحفظ اور جدید سائنس و ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 16

کی بجائے صرف اور صرف اپنے ذاتی مفادات حاصل کیے۔ یہ بات انہوں نے یہاں ملاقات کرنے والے سردار داود خلجی، میر اسماعیل شاہوانی، بہادر خان بزنجو سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر قاسم بلوچ نے کہا کہ پاکستان کے عوام پر 75 سال سے مسلط حکمرانوں نے عوام کی خدمت کی بجائے صرف اور صرف اپنے ذاتی مفادات حاصل کیے جس کی وجہ سے سیاسی اور مذہبی جماعتوں سے عوام کا اعتماد اٹھ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی بدولت مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا ہے اور عوام دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو چکے ہیں اور سرکاری نوکریاں سرعام فروخت ہورہی ہیں جس سے پڑھے لکھے نوجوانوں میں مایوسی پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اسوقت شدید بحرانوں سے دوچار ہے ان بحرانوں سے پاکستان غریبوں کی پارٹی ہی ملک کو باہر نکال سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت حکومت اور اپوزیشن جماعتیں عوام کی خدمت اور انکے مسائل حل کرنے کی بجائے اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہی ہیں اور عوام در بدر کی ٹھوکریں کھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام چاہتے ہیں کہ ملک اور انہیں مسائل سے نجات مل جائے تو عوام پاکستان غریبوں کی پارٹی کا ساتھ دیں انشاءاللہ پاکستان غریبوں کی پارٹی انہیں مایوس نہیں کریگی۔

بقیہ 17

قلعہ سیف اللہ میں ان منصوبوں پر 85 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت آئی ہے۔ مکمل ہونے والے ان ترقیاتی منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، واٹر سپلائی اسکیمیں، سولرائزیشن کے منصوبے، حفاظتی بند، سیوریج کے نظام کی بہتری اور تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی شامل ہے، جن سے ضلعی آبادی کو بنیادی نوعیت کی سہولیات میسر آئیں گی۔ ان منصوبوں کی شفافیت اور بروقت تکمیل یقینی بنانے میں ایف سی بلوچستان (نارتھ)، سول انتظامیہ اور منتخب عوامی نمائندوں پر مشتمل جوائنٹ کمیٹی نے کلیدی کردار ادا کیا۔ دوسری جانب، قلعہ سیف اللہ کے مقامی عوام نے ان ترقیاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے علاقے کی پائیدار ترقی اور زندگی کے معیار میں بہتری کی جانب ایک تاریخی اور اہم پیشرفت قرار دیا ہے۔

بقیہ 18

حاصل ہے۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے اور اقوام کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی تہذیبی شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے جدید دور کے تقاضوں سے بھی ہم آہنگ ہوں۔ پشتون نوجوان اپنی زبان، ثقافت اور روایات سے جڑے رہتے ہوئے تعلیم، ہنر اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے معاشرے اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور معاشرے کے تمام طبقات کی ذمہ داری ہے کہ پشتون ثقافت کے مثبت پہلوؤں، تاریخی ورثے اور روایتی اقدار کے تحفظ کے لیے کردار ادا کریں اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نوجوانوں کو مواقع فراہم کریں۔ پارلیمانی سیکرٹری نے پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے پشتون قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ ثقافتی تنوع پاکستان کی خوبصورتی ہے، جسے باہمی احترام اور اتحاد کے ذریعے مزید مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 19

سے متعلق کسی بھی معاملے میں مقامی زمین مالکان کو اعتماد میں لینا ضروری ہے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کے ذمہ دار نمائندگان مقامی زمین مالکان اور قبائلی عمائدین کے ساتھ باضابطہ طور پر بیٹھ کر بات چیت کریں، تاکہ تمام قانونی، انتظامی اور مقامی نوعیت کے تحفظات و خدشات کو باہمی مشاورت سے دور کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے وفد کا موقف غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ معاملے کو متعلقہ فورم پر زیر غور لایا جائے گا اور مقامی لوگوں کے تحفظات کو مناسب طریقے سے متعلقہ حکام کے سامنے رکھا جائے گا۔ ملاقات میں مقامی زمینوں کے حقوق، معدنی وسائل سے متعلق امور اور مقامی آبادی کے جائز مفادات کے تحفظ سمیت مختلف معاملات پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 20

میں مقامی لوگوں کو ترجیح دی جائے گی جبکہ محکمہ فشریز میں بھی یہاں کے مقامی افراد کو بھرتی کیا جائے گا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لسبیلہ سراج احمد بلوچ، فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر شکیل احمد اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالہادی و دیگر نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کو بریفنگ دی۔ انہوں نے محکمہ فشریز کو ہدایت کی کہ ڈام بندر میں ماہی گیروں کو احتیاطی تدابیر اور آگاہی فراہم کرنے کے لیے شکایت سیل قائم کیا جائے تاکہ ماہی گیروں کو بروقت مدد مل سکے۔ مچھلی کے دوران ماہی گیروں نے سونمیانی اور ڈام بندر میں پینے کے پانی کی قلت، اسکولوں میں اساتذہ کی غیر حاضری سمیت دیگر مسائل کی شکایات پیش کیں۔ اس موقع پر کمشنر سائرہ عطا نے اعلان کیا کہ آئندہ کھلی کچہری ڈام بندر میں منعقد کی جائے گی جس میں ماہی گیروں کو فرنٹ پر رکھا جائے گا۔ ان کے مسائل سنے جائیں گے اور ان کے حل کے لیے بھرپور کوشش کی جائے گی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے حالیہ دنوں کشتی حادثے میں مالک قادری ہاشمی بلوچ کو ہونے والے نقصانات کے ازالے کے لیے صوبائی حکومت کو خط لکھنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ اجلاس کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سونمیانی/ بندر سیف علی مغل، چیئرمین آر پبلو سوسائٹی کے چیئرمین میر اکبر زہری، وائس چیئرمین ایڈووکیٹ ارشاد پارس کلمتی، ماہی گیر رہنما و سابق چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی سردار کامران لاسی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالرزاق انگاریہ، حاجی عبدالحمید ماڈرہ، محمد انور موندرہ، وڈیرہ والطیف ماڈرہ، وڈیرہ سلیم کاکائی، وڈیرہ یعقوب، اشرف اقبال بلوچ، بلدیاتی نمائندگان آصف ولد بلوچ سیکرٹری عنایت اللہ انصور، جمیل احمد قریشی، فیض محمد خاصخیلی، غلام محمد انگاریہ، فہیم عثمان لاسی، مشتاق موندرہ، تحصیلدار ونڈر خداداد، رحمت اللہ راجپوت، صحافیوں عبداللہ الفت، سلطان انگاریہ، صدام ساجدی، اقبال حسن انگاریہ، محمد رمضان لاسی سمیت دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر ڈی ایس پی ونڈر سرکل کنراج محمد جان ساسولی، ایس ایچ او عبدالحق موسیانی، اسٹاف کمشنر عبدالسلام گزدزئی، مرتضیٰ شیخ و دیگر بھی کثیر تعداد میں موجود تھے۔

بقیہ 21

ثقافتی ورثے سے روشناس کراتا ہے۔ ملک میں تمام ثقافتیں باہمی احترام، رواداری اور قومی یکجہتی کی خوبصورت علامت ہیں۔

بقیہ 22

گیا۔ بورڈ نے بی ایس معاشیات پروگرام میں بین الشعبہ جاتی کورس "EveryoneforAI"

متعارف کرانے پر بھی غور کیا، جو معاشیات اور دیگر شعبوں میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل مہارتوں کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تجویز کیا گیا۔ بورڈ نے جامعہ گوادر کے بی ایس معاشیات پروگرام میں "بلیو اکانومی" کو ایک اہم کورس کے طور پر متعارف کرانے اور منظور کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ شرکاء کے مطابق گوادر کی معاشی اہمیت اور ساحلی و بحری ترقی کے تناظر میں اس کورس کی خصوصی اہمیت ہے۔ بورڈ نے بی ایس معاشیات پروگرام سے متعلق دیگر تعلیمی اور نصابی امور کا بھی جائزہ لیا اور نصاب کو عصر حاضر کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مزید اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے فیکلٹی ممبر سلیمان صمد، جامعہ گوادر کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رابعہ اسلم، اور شعبہ کمپیوٹر سائنس کے فیکلٹی ممبر اکرام بلوچ نے شرکت کی۔ بیرونی اراکین میں یونیورسٹی آف تربت کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم اور لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے اسسٹنٹ پروفیسر و رجسٹرار ڈاکٹر بالاچ رشید شامل تھے، جنہوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے نتائج پر روشنی ڈالتے ہوئے بورڈ کے اراکین نے نصاب کی مسلسل ترقی، جدید شعبوں کے انضمام، پیشہ ورانہ سرٹیفکیشن، بین الشعبہ جاتی تعلیم اور علاقائی اہمیت کے حامل مضامین کو نصاب کا حصہ بنانے کی اہمیت پر زور دیا، تاکہ اقتصادیات کے طلبہ کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ استعداد کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔

بقیہ 23

اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام محکموں کو اپنی کارکردگی سو فیصد یقینی بنانا ہوگی۔ انہوں نے سٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کو ہدایت کی کہ تمام فیلڈ پروجیکٹس کی کڑی مانیٹرنگ کی جائے اور عوامی ریلیف کے کاموں میں کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہ کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے تعلیم اور صحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دینے پر زور دیتے ہوئے دور دراز علاقوں کے اسکولوں اور بنیادی مراکز صحت میں اساتذہ و طبی عملے کی سو فیصد حاضری کو لازمی قرار دیا اور فرائض میں کوتاہی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا انتباہ جاری کیا۔ انہوں نے تمام جاری اسکیموں کے لیے واضح ڈیڈ لائنز مقرر کرتے ہوئے آفیسران کو وسائل کے درست اور شفاف استعمال کی تاکید کی، جس پر تمام ضلعی سربراہان نے اپنے محکموں کی پیشرفت پر تفصیلی بریفنگ دی اور مانیٹرنگ کمیٹی کو باقاعدہ رپورٹ پیش کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 24

پرائمری اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری ہر صورت یقینی بنانے کی سخت ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جو مرد یا خواتین اساتذہ باقاعدگی سے ڈیوٹی پر حاضر نہیں ہوں گے، ان کی غیر حاضری کا ریکارڈ مرتب کرکے حکومتی قواعد و ضوابط کے مطابق تنخواہ کی بندش اور تنخواہ کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ مسلسل غیر حاضری ثابت ہونے کی صورت میں ملازمت سے برطرفی کے لیے بھی قانونی تقاضے پورے کیے جائیں۔ انہوں نے ضلعی افسران تعلیم میل و فیمیل اور دیگر متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مسلسل غیر حاضر اساتذہ کی فہرست مرتب کرکے پیش کی جائے اور اسکولوں میں حاضری کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں پیش کی گئی ریئل ٹائم اسکول مانیٹرنگ رپورٹ کے مطابق ستمبر 2026 کے دوران مختلف سرکاری اسکولوں کے معائنے میں 72 اساتذہ و ملازمین غیر حاضر پائے گئے، جن میں 61 فعال جبکہ 11 غیر فعال یا بند اسکولوں سے متعلق ہیں۔ رپورٹ میں 22 ملازمین کی طویل مدتی غیر حاضری، 11 کی ایجنسیز منسوخ ہونے اور تعلیلات کے بعد اصل اسکولوں میں رپورٹ نہ کرنے، جبکہ 6 افراد کو حوالے سے متبادل افراد کے ذریعے ڈیوٹی جاری رکھنے کی نشاندہی کی گئی۔ مزید 33 ملازمین معائنے کے وقت غیر حاضر پائے گئے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اسکولوں اور اساتذہ کا ڈیٹا ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے جبکہ مستقبل میں تبادلے اور تعیناتیاں شفاف ڈیجیٹل نظام کے تحت ہوں گی، جس سے غیر ضروری ایجنسیوں کے خاتمے اور اساتذہ کی مؤثر تعیناتی میں مدد ملے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ دور دراز اور مشکل رسائی والے علاقوں میں اساتذہ کی دستیابی، اسکولوں کی فعالی اور تدریسی عمل کا تسلسل یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ طلبہ کی تعلیم کا تسلسل اولین ترجیح ہے اور کسی بھی صورت تدریسی عمل متاثر نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ 25

متعلق موجودہ صورتحال سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور تمام اسکیمات کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور تعمیراتی کام میں مقررہ معیار اور تکنیکی تقاضوں کی مکمل پاسداری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مانیٹرنگ کے عمل کے حوالے سے بھی ہدایت دی کہ تمام مراحل مقررہ قواعد و ضوابط اور شفاف طریقہ کار کے مطابق بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے آغاز میں غیر ضروری تاخیر سے بچا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ ترقیاتی اسکیمات میں ناقص کارکردگی، غیر ضروری تاخیر اور سست روی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو اپنی ذمہ داریاں بروقت اور مؤثر انداز میں ادا کرنے کی ہدایت کی انہوں نے مزید کہا کہ ترقیاتی منصوبوں یا ٹینڈرنگ کے عمل میں غفلت، بلا جواز تاخیر یا سست روی کے ذمہ دار افسران و اہلکاروں کا تعین کیا جائے گا اور ان کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کے تحت جاری منصوبے عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی بہتری سے براہ راست منسلک ہیں، اس لیے ان کی بروقت تکمیل، شفاف عملدرآمد اور معیار کی یقینی نگرانی متعلقہ محکموں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 26

لوگوں سے ان گھروں کے بند ہونے کی وجوہات دریافت کیں۔ انہوں نے متعلقہ ٹیموں کو ہدایت کی کہ ہر لاک ہاؤس کی صورتحال کو مقامی سطح پر مکمل طور پر ویریفائی کیا جائے اور غیر موجود خاندانوں سے متعلق درست معلومات حاصل کرنے کے بعد ہی ریکارڈ کو حتمی شکل دی جائے، تاکہ کوئی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ ڈپٹی کمشنر نے پولیو ٹیموں کے ہمراہ تعینات پولیس اہلکاروں سے بھی ملاقات کی، ان کی ڈیوٹی اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور مہم کے دوران فرائض انجام دینے پر پولیس اہلکاروں کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران فیلڈ میں بھرپور محنت، ذمہ داری اور احتیاط کے ساتھ کام جاری رکھا جائے

اور تمام بچوں تک پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 27

کیمپ اور پروگرام کے انتظامات، شجرکاری، طلبہ کی شرکت، پھولوں کی نمائش اور دیگر ضروری امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر تعلیمی اداروں اور متعلقہ محکموں کے تعاون سے مہم کو مؤثر انداز میں منعقد کرنے اور گوادر میں شجرکاری، ماحولیاتی تحفظ اور شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 28

اور منشیات کے کاروبار کی روک تھام کے لیے قانون کے مطابق کارروائیوں کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا، نوجوان نسل کو منشیات کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے آگاہی مہمات کو مؤثر بنانے، تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر شعور اجاگر کرنے اور منشیات کے کاروبار کی روک تھام کے لیے قانون کے مطابق کارروائیوں کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس، ایف سی، اینٹی نارکوٹکس فورس، متعلقہ سیکیورٹی اداروں اور دیگر محکموں کے درمیان باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ جبکہ ڈپٹی کمشنر خالد شس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع برشور کو منشیات سے پاک بنانے، نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 29

ڈی گاڑیوں کو مسافروں سمیت روکنے سے خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر مسافروں کو شدید مشکلات اور اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دور دراز علاقوں سے سفر کرنے والے مسافروں میں متعدد افراد ضروری کاموں، علاج معالجے اور دیگر اہم امور کے لیے سفر کرتے ہیں، ایسے میں انہیں راستے میں روکنا انسانی ہمدردی کے تقاضوں کے بھی منافی ہے۔ ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا کہ حکومتی اقدامات کے باعث ٹرانسپورٹرز کو بھی بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، جبکہ سیاسی سرگرمیوں کے خدشات کی بنیاد پر عام مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کو مشکلات سے دوچار کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر تمام مسافر گاڑیوں کی آمد و رفت بحال کرے، طور ناصر میں روکے گئے مسافروں اور گاڑیوں کو اپنی منزل کی جانب جانے کی اجازت دی جائے اور آئندہ مسافر ٹرانسپورٹ کو غیر ضروری طور پر روکنے سے گریز کیا جائے۔

بقیہ 30

بازیابی کے لیے آواز اٹھانے، رابطے کرنے اور مختلف سطحوں پر کردار ادا کرنے والے تمام علاقائی و قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات، علماء، تاجر برادری، میڈیا نمائندگان اور دیگر تمام طبقہ ہائے فکر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ مشکل وقت میں جن افراد نے جانان بڑیچ کی بحفاظت بازیابی کے لیے خلوص کے ساتھ ہر ممکن کوشش کی اور خاندان کے ساتھ کھڑے رہے، وہ سب کے بے حد مشکور ہیں۔ خاندان نے تمام معاونین کی ہمدردی، تعاون اور خلوص کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 31

کامیاب تکمیل کا جشن منانا اور گریجویٹس کی محنت، سیکھنے کے عمل اور شہری و جمہوری سرگرمیوں میں ان کی شمولیت کو سراہنا تھا۔ تقریب کا آغاز شرکاء اور مدعو مہمانوں کے تعارف سے ہوا، جس کے بعد WIDA اقدام اور اس کی کامیابیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر خواتین کے لیے ایسے مواقع پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا جہاں وہ علم، اعتماد، قائدانہ صلاحیتیں اور سیاسی و جمہوری عمل کی بہتر سمجھ بوجھ حاصل کر سکیں۔ WIDA کی گریجویٹس محترمہ جان بی بی اقبال، محترمہ ندا اور محترمہ یسریٰ آفریدی نے اپنے تجربات بیان کرتے ہوئے کہا کہ WIDA پلیٹ فارم نے ان کے اعتماد میں اضافہ کیا اور شہری و سیاسی معاملات میں شرکت سے متعلق ان کی سمجھ بوجھ کو بہتر بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے ذریعے خواتین کو سیکھنے، خیالات کے تبادلے، کمیونٹی کے مسائل پر گفتگو اور فیصلہ سازی کے عمل میں اپنی آواز کی اہمیت کو سمجھنے کے مواقع میسر آئے۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز، منتخب نمائندگان، سول سوسائٹی کے کارکنان، نوجوان، خواتین و مرد سیاسی رہنما اور کمیونٹی نمائندگان نے شرکت کی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ خواتین کی قیادت کو تسلیم کرنا صرف انفرادی کامیابی کا اعتراف نہیں بلکہ نچلی سطح کے اقدامات اور باضابطہ سیاسی و حکومتی ڈھانچوں کے درمیان روابط مضبوط بنانے کا بھی ایک اہم ذریعہ ہے۔ سیاسی و شہری شعبے سے وابستہ شرکاء نے جمہوری عمل میں خواتین اور نوجوانوں کی شمولیت کی اہمیت پر بھی اظہار خیال کیا۔ محترمہ سعیدہ نے خواتین کے لیے سیاسی اور عوامی امور میں شرکت کے مواقع پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا، جبکہ عاصم سعید خان نے خواتین کے حقوق، نمائندگی اور جمہوری عمل تک رسائی کے حوالے سے قانونی و شہری نقطہ نظر پیش کیا۔ جناب منظور احمد اور جناب علی احمد نے شہریوں کی شمولیت اور جامع شرکت کو مضبوط بنانے کی اہمیت اجاگر کی۔

بقیہ 32

مہمان نوازی، احترام انسانیت اور بھائی چارے کی اقدار کی وجہ سے منفرد پہچان رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافتی دن منانے کا مقصد اپنی روایات اور مثبت اقدار کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو اپنی تہذیب و ثقافت سے جوڑے رکھنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان مختلف ثقافتوں کا گہوارہ ہے اور ہر ثقافت کا احترام اور فروغ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے پشتون عالمی کلچر ڈے کے موقع پر پشتون قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اپنی زبان، ثقافت اور روایات کا تحفظ ہی ہماری شناخت اور آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ثقافتی ورثے کے تحفظ، فروغ اور نئی نسل کو اپنی تہذیبی شناخت سے روشناس کرانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے پشتون عالمی کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون بھائیوں اور بہنوں کو دلی مبارکباد پیش کی۔

بقیہ 33

کوئٹہ بیورو کے ڈیسک انچارج اور سینئر صحافی سید عابد بخاری کے اچانک انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید عابد بخاری ایک شفیق، مخلص، ملنسار، خوش اخلاق اور محبت کرنے والے صحافتی ساتھی تھے جن کا اچانک بچھڑ جانا صحافتی برادری کے لیے ناقابل تلافی نقصان اور ذاتی طور پر میرے لیے گہرے صدمے کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایکسپریس نیوز ٹی وی اور اخبار میں خدمات کے دوران عابد بخاری صاحب ٹیم اور ڈیسک کے انچارج کی حیثیت سے کام کرتا تھا وہ اپنے پیشہ ورانہ فرائض کے ساتھ ساتھ ساتھیوں کے ساتھ

خلوص، شفقت اور حسن اخلاق کے باعث ایک منفرد مقام رکھتے تھے۔ ان کی خوش مزاجی اور محبت بھرا رویہ ان سے وابستہ ہر شخص کے لیے ہمیشہ ایک خوبصورت یاد بن کر زندہ رہے گا۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ سید عابد بخاری کی وفات پر ان کے اہل خانہ، عزیز و اقارب اور صحافتی برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی قبر کو نور سے منور فرمائے، کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، جبکہ پسماندگان کو صبر جمیل اور یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 34

روایتی کھیلوں، فنون اور تہذیبی اقدار کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو اپنی شاندار ثقافت سے روشناس کرانا اور معاشرے میں اتحاد، بھائی چارے اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے۔ پشتون کلچر ڈے کے اس خصوصی فیسٹیول میں مختلف روایتی، ثقافتی اور تفریحی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا، جن میں ضلع کے روایتی مقابلے میں اچکزئی اور نورزئی قبائل کی ٹیموں کے درمیان مقابلہ، رسہ کشی، روایتی اتڑ، کلاسیکی پشتون تلوار رقص، میوزیکل شو، شاندار آتش بازی، خصوصی فنکارانہ پرفارمنس، فلبال فائنل میچ اور دیگر ثقافتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ فیسٹیول میں ثقافتی اسٹالز بھی قائم کیے جائیں گے، جہاں پشتون ثقافت کے روایتی لباس، دستکاری، کھانوں اور دیگر ثقافتی ورثے کو نمایاں کیا جائے گا، جبکہ اسٹیڈیم میں کتابوں کی نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا تاکہ ثقافت کے ساتھ علم و ادب کو بھی فروغ دیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق یہ منفرد ثقافتی فیسٹیول چمن کی سرزمین پر پشتون روایات اور ثقافتی ورثے کو بھرپور انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کا اہم ذریعہ ثابت ہوگا۔ ضلعی انتظامیہ چمن کی جانب سے تمام صحافیوں، میڈیا نمائندگان اور اہل علاقہ کو اس تاریخی ثقافتی پروگرام کی کوریج اور شرکت کی دعوت دی گئی ہے تاکہ پشتون ثقافت کے رنگوں، روایات اور خوبصورت اقدار کو وسیع پیمانے پر اجاگر کیا جاسکے۔

بقیہ 35

ریلوے سفری سہولت کی عدم دستیابی کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ٹرین سروس علاقے کے عوام کے لیے سستا، محفوظ اور آرام دہ سفری ذریعہ تھی، تاہم طویل عرصے سے سروس بند ہونے کے باعث مسافروں کو دیگر ذرائع نقل و حمل پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے حکومت پاکستان وفاقی وزیر ریلوے سے مطالبہ کیا کہ جیکب آباد، استا محمد اور گڑھی خیرو کے درمیان ٹرین سروس بحال کی جائے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں اور علاقے کے عوام کی مشکلات کم ہوں

بقیہ 36

موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ حکام نے کارروائی شروع کر دی، جبکہ قتل کی وجوہات اور ملزمان سے متعلق مزید معلومات اکٹھی کی جارہی ہیں۔

بقیہ 37

جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران و اہلکاروں کی فزیکل چیکنگ کی۔ اس موقع پر پولیس اہلکاروں کو موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر دوران ڈیوٹی مکمل چوکسی، احتیاط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ حالیہ سیکیورٹی واقعے کے تناظر میں اہلکاروں کو اپنی اور پولیو ٹیموں کی حفاظت کے لیے مقررہ سیکیورٹی SOPs پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی تاکید کی گئی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کی نقل و حرکت کے دوران اردگرد کے ماحول پر مسلسل نظر رکھی جائے، مشکوک یا غیر معمولی سرگرمیوں پر فوری توجہ دی جائے، حساس مقامات اور داخلی و خارجی راستوں پر مناسب سیکیورٹی یقینی بنائی جائے جبکہ اہلکار بلا ضرورت اپنے سیکیورٹی پوائنٹس نہ چھوڑیں۔ انہوں نے اس موقع پر تمام SHOs، SDPOs اور سپروائزری افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ فیلڈ میں سیکیورٹی انتظامات کی مسلسل نگرانی، باقاعدہ اور اچانک چیکنگ کو یقینی بنائیں اور اہلکاروں کو ڈیوٹی سے قبل مناسب بریفنگ دیں۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ وقت کی پابندی، نظم و ضبط اور سیکیورٹی SOPs پر مکمل عملدرآمد ہر اہلکار کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تمام اہلکار پولیو ٹیم کی ڈیوٹی مکمل ہونے تک مکمل طور پر الرٹ رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔

بقیہ 38

عنایت اللہ، اور ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے شرکت کی۔ ان کے ہمراہ مختلف ضلعی محکموں کے افسران، معزز قبائلی عمائدین، اساتذہ، طلباء اور عوام کی ایک بڑی تعداد بھی تقریب میں شریک تھی۔ اس موقع پر طلباء کی جانب سے پشتون معاشرے کی روایتی اقدار، مہمان نوازی، بہادری، اور رواداری کی خوبصورت انداز میں پیش کرنے کے لیے مختلف ثقافتی خاکے، ٹیبلو اور دیگر دلچسپ پروگرام پیش کیے گئے۔ طلباء کی جانب سے پیش کی گئی اس ثقافتی عکاسی کو تقریب میں شریک تمام افراد نے بے حد سراہا اور بھرپور داد دی۔ تقریب کے اختتام پر مختلف مقررین نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پشتون ثقافت کی اہمیت، اس کی تاریخی افادیت اور امن و محبت کے پیغام پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ اپنی شاندار ثقافت کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو ان روایات سے روشناس کرانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 39

حاجی حیات اللہ کاکڑ مفتی شفیع الدین مولانا رحمت اللہ حقانی اور دیگر ممتاز صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ کے نیوز ایڈیٹر اور سینئر صحافی سید عابد بخاری نہ صرف بھی وہ انتہاء ملنسار عاجزی سپیشل اتائیکوفات سیلو چستان کیصحافی برادری ایک مخلص ساتھی سے محروم ہوگیا انہوں نے کہا کہ سید محمد عابد بخاری انتہائی مشفق مخلص انکسار دار اخلاق و محبت کرنے والے شخص تھا اور دوسروں کا احترام کرنے والی شخصیت کے مالک تھے۔ صحافت کے میدان میں بھی وہ مجبور انسانوں کی آواز تھا انہوں نے اپنی ذمہ داریاں محنت، دیانت اور پیشہ ورانہ وابستگی کے ساتھ انجام دیں۔ ان کی اچانک وفات پر ہم نہیں انکے متعلقین رنجیدہ بجمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے رہنماؤں نے مرحوم کے تمام سوگوار خاندان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، درجات عالیہ بلند فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان، اہل خانہ، دوست احباب اور صحافتی برادری کو یہ ناقابل تلافی صدمہ سانحہ کی صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائیں جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان

مرحوم کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 40

کے تحت بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل، ٹیموں کی کارکردگی اور مقررہ اہداف کے حصول کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مختلف پولیو ٹیموں سے ملاقات کی اور ان کی فیلڈ میں موجودگی، حاضری، بچوں کی کوریج اور مہم کے دوران درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ٹیموں کی جانب سے گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا بھی جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں تک رسائی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور کوئی بچہ پولیو کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی وجہ سے رہ جانے والے بچوں کی فوری نشاندہی کرکے انہیں دوبارہ کور کیا جائے تاکہ مہم کے مقررہ اہداف مکمل طور پر حاصل کیے جا سکیں

بقیہ 41

نصیر آباد ڈویژن بشیر ناصر نے ضلع استا محمد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر پہنچ کر تفصیلی معائنہ کیا اور مختلف اسکیموں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران سے تعمیراتی امور کے بارے میں بریفنگ حاصل کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کی ہدایات کی روشنی میں جاری ترقیاتی عمل کا جائزہ لیتے ہوئے چیف انجینئر نے ڈی سی کمپلیکس، ڈی پی او آفس و رہائش گاہ، پری فیب، ایگرو پروجیکٹ سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبوں کے تعمیراتی معیار، کام کی رفتار اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ انجینئرز اور افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ چیف انجینئر بشیر ناصر نے کہا کہ سرکاری ترقیاتی منصوبے عوامی سہولیات میں بہتری کا اہم ذریعہ ہیں، اس لیے تمام منصوبوں میں معیار، پائیداری اور مقررہ مدت کی تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انجینئرز اپنے زیر نگرانی جاری اسکیموں پر مسلسل نظر رکھیں اور تعمیراتی کام میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت کا مظاہرہ نہ کیا جائے۔ منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے ساتھ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی میں بھی مزید بہتری آئے گی۔

بقیہ 42

رجسٹریشن، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی تنخواہوں، انتظامی امور اور تعلیمی معیار میں بہتری سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ نے کہا کہ ضلع کیچ میں پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کو منظم اور فعال بنانے کی ضرورت ہے تاکہ نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل اور تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے مربوط اقدامات کیے جاسکیں۔ انہوں نے ایسوسی ایشن کے لیے ایک مضبوط کمیٹی تشکیل دینے اور پی ای آر اے کے تحت رجسٹریشن کا عمل مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کیچ کے تمام نجی اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو مختلف اسکولوں کا دورہ کرکے پانی، بجلی، واش روم، تعلیمی ماحول اور دیگر بنیادی سہولیات کا جائزہ لے گی۔ اے ڈی سی کیچ نے کہا کہ اسکولوں کے معائنے کے دوران حقیقی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی یا مقررہ ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ اداروں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں نجی اسکولوں کے تدریسی عملے کو درپیش مسائل، بالخصوص اساتذہ کی تنخواہوں کے معاملے پر بھی غور کیا گیا اور اس کے حل کے لیے ضروری اقدامات پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع کیچ میں مجموعی طور پر 52 نجی اسکول قائم ہیں، تاہم بیشتر اداروں میں بنیادی سہولیات کی صورتحال تسلی بخش نہیں۔ اجلاس کے شرکاء نے نجی تعلیمی اداروں کی سہولیات، انتظامی امور اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے، مسائل کے حل اور ضلع کیچ میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 43

رکھنے والے سینکڑوں امیدواروں نے شرکت کی ان آسامیوں میں میڈیکل آفیسر اور ڈینٹل سرجنز کی خالی نشستیں شامل ہیں، جن کے لیے لورالائی، موسیٰ خیل، زیارت، ڈکی اور ہرنائی سمیت ڈویژن کے مختلف اضلاع سے بڑی تعداد میں امیدوار انٹرویو کے لیے پہنچے۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے متعلقہ افسران اور ماہرین نے امیدواروں کے تعلیمی ریکارڈ، پیشہ ورانہ قابلیت اور متعلقہ معیار کے مطابق انٹرویوز لیے۔ انٹرویوز کے عمل کو منظم انداز میں مکمل کرنے کے لیے امیدواروں کی دستاویزات اور دیگر متعلقہ امور کا بھی جائزہ لیا گیا انٹرویوز کے دوران کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے خود بھی انٹرویو کے عمل کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے بھرتی کے طریقہ کار، امیدواروں کی شرکت اور انتظامات کے حوالے سے بریفنگ حاصل کیا اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مقبول احمد، ایم ایس ڈی کی ڈاکٹر جوہر خان، ایم ایس لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران بھی موجود تھےکمشنر لورالائی ڈویژن نے انٹرویوز کے عمل کے دوران متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام امیدواروں کو میرٹ اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق یکساں مواقع فراہم کیے جائیں اور بھرتی

کے تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت میں خالی آسامیوں پر اہل اور قابل ڈاکٹرز کی تعیناتی سے ڈویژن کے مختلف اضلاع میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے شعبے میں افرادی قوت کی کمی دور کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 44

دونوں طرف کے تعلقات کو مزید منظم کرنے کے لیے پاک۔ یورپی یونین پارلیمانی فرینڈشپ گروپ قائم کرنے کی اہم تجویز پیش کی، جسے مہمان وفد نے سراہا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے رکن ممالک کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے دونوں خطوں کے مابین تجربات اور معلومات کے تبادلے کے لیے پاک۔ یورپی یونین پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے قیام کی باضابطہ تجویز پیش کی تاکہ پارلیمانی روابط کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ یورپی یونین کے وفد نے پرتپاک استقبال پر اسپیکر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یورپی یونین پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ امن و امان کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی نے واضح کیا کہ پاکستان کو اس وقت افغانستان کی سرزمین سے دہشت گردی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جو کہ ایک بڑا چیلنج ہے۔ اس کے باوجود پاکستان نے چار دہائیوں تک لاکھوں افغان مہاجرین کی میزبانی کی ہے۔

بقیہ 45

اجاگر کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم کی ثقافت ایک عظیم اور تابناک ورثہ ہے جس کی بنیاد امن، محبت، رواداری، جرگہ، ننواتے، میلمستیا اور باہمی احترام جیسی اعلیٰ اقدار پر رکھی گئی ہے۔ ہمیں اپنی ثقافت اور روایات پر فخر ہے کیونکہ یہ ہماری قومی و ثقافتی شناخت کا ناقابل فراموش حصہ ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پشتون ثقافت نے ہمیشہ امن اور بھائی چارے کا درس دیا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی ثقافت، اپنی مادری زبان پشتو اور اپنی مثبت روایات کو جدید تقاضوں کے مطابق محفوظ بنائیں اور انہیں نئی نسل تک منتقل کریں تاکہ ہماری تہذیبی شناخت ہمیشہ قائم و دائم رہے۔ ایک سوال کے جواب میں حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام کا گلدستہ ہے اور تمام اقوام کی ثقافتوں کا احترام اور ان کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ثقافتی ہم آہنگی ہی صوبے میں پائیدار امن اور ترقی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر دنیا بھر میں بسنے والے تمام پشتون بھائیوں اور بہنوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک اور صوبہ بلوچستان میں امن، بھائی چارہ، ترقی اور خوشحالی کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔

بقیہ 46

بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمان خان نے کہا کہ ہمارے آج کے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی ثقافت کو زندہ رکھیں اور اسے نئی نسل تک منتقل کریں تاکہ دنیا بھر میں پشتون قوم کی روایات اور اخلاقی اقدار کو مثبت انداز میں پیش کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں جتنی بھی اقوام رہتی ہیں ان کی اپنی تاریخ ہے لہٰذا ہم سب کو چاہیے کہ ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی کے لیے ہم سب اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے یہ ملک ہے تو ہم ہیں ہماری پہچان پاکستان سے ہے۔ نسیم الرحمٰن ملاخیل نے کہا ہے کہ ثقافت ایک تاریخی تسلسل ہے جس کے ذریعے ہمارا ماضی اور حال جڑا ہوا ہے، جس کی بنیاد پر ہم اپنے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارتقاء اور ترقی کا سفر جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے تو ماضی کی کئی چیزیں قصہ پارینہ بن جاتی ہیں۔ اور انسان نئے حالات، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق نئی اقدار اور اشیاء کو اختیار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم بھائی چارہ، بردباری اور بشر دوست کی مضبوط اور شاندار اقدار و روایات کا آمین ہے لہٰذا ضروری ہے پشتون کلچر کی تقریبات کے ذریعے اپنی مترقی سوچ اور شاندار اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں۔ ضروری ہے کہ ہم مختلف ثقافتوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے کے باوجود امن، محبت اور یگانگت سے رہیں

بقیہ 47

صورتحال پر تشویش بڑھنے لگی ہے، جبکہ تاجکستان سمیت وسطی ایشیا کے ممالک بھی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ تاجک سرحد سے متصل صوبہ بدخشاں میں مسلح جھڑپوں نے طالبان رجیم کے امن اور مکمل گرفت کے بیانیے کا پردہ چاک کر دیا۔ احمد مسعود، جنرل یاسین ضیاء اور جنرل سمیع سادات سمیت مختلف مزاحمتی تحریکیں بھی متحرک ہیں۔ معروف افغان جریدہ افغانستان انٹرنیشنل کے مطابق افغانستان فریڈم فرنٹ، یونائیٹڈ فرنٹ اور نیشنل ریزسٹنس فرنٹ نے محض اگست میں افغان طالبان کیخلاف کم از کم 50 مزاحمتی کارروائیاں کیں۔ اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ بھی افغان طالبان رجیم کے نام نہاد امن کے بیانیے کے برعکس بگڑتی سیکیورٹی صورتحال کی نشاندہی کر چکی ہے۔ اقوام متحدہ سیکیورٹی کونسل کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق مئی سے جولائی کے دوران 2 ہزار 947 سیکیورٹی واقعات رپورٹ ہوئے، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 11 فیصد زیادہ ہیں۔ افغانستان میں سرگرم 14 مسلح مخالف گروہوں نے ملک کے 21 صوبوں میں 88 بڑے حملوں کی ذمہ داری قبول کی۔ وسطی ایشیا کے امور پر نظر رکھنے والے معروف جریدہ دی ٹائمز آف سینٹرل ایشیا کے مطابق افغانستان سے پھیلتی اس دہشت گردی اور دراندازی کے بڑھتے خطرے نے تاجکستان سمیت دیگر اجتماعی سلامتی معاہدہ تنظیم کے رکن ممالک کو "روبیز 2026" جنگی مشقوں کے انعقاد پر مجبور کیا۔

LAND ACQUISITION

Notification Under Section 6 &7 Land Acquisition Act 1894

Whereas, it has appear to the Commissioner, Kalat Division that the land specified under section-5 of Land Acquisition Act 1894, vide Notification No. 3131-34/12(10)/Land/RB dated 25th May 2026 in various **Mouzas of Tehsil Hub, Gaddani and Tehsil Sonmiani District Hub** to be acquired by the **National Highway Authority** for construction Dualization of Karachi- Khuzdar Road N-25, that ***land details can be seen obtained from the office of the undersigned during office hours*** for public purpose.

2. And whereas the Commissioner, Lasbela Division is satisfied that the provision of sub section (1) of Section 6 of the Land Acquisition, Act, 1894 are applicable to the aforesaid land.

3. Now therefore, in exercise of power under sub section (1) of section 6 of the said Act, the Commissioner Lasbela Division is pleased to make a declaration of acquisition of land for Government purpose under the provision of section 6 of the Land Acquisition Act 1894 to all whom it may concern, the Deputy Commissioner/ Collector Hub is hereby directed to take order for acquisition of said land under provisions of Section 7 of the aforesaid Act.

4. The detailed plan alongwith the fixation of rate as per law may be inspected and finalized in the office of the Collector Hub as per his job description under the law. The rate of compensation be fixed in a way that maximum benefit is given to the national exchequer.

5. This notification is meant for general public and whoever has any reservation of any kind, may file his objection within 15 days of publication of this notification.

Commissioner
Lasbela Division

PRQ No.1542/23-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

فورسز کا کلیئرنس آپریشن جاری ہے، کارروائی کے دوران اب تک 13 دہشت گرد ہلاک کردیے گئے جبکہ ان کے متعدد ٹھکانے تباہ کرکے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کرلیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق انٹیلی جنس اداروں نے ضلع کوئٹہ کے عمومی علاقے شعبان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع دی تھی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ بنے ہوئے تھے مقامی آبادی کے تحفظ اور علاقے کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے لیے سیکیورٹی فورسز نے 21 ستمبر 2026 سے شعبان میں کلیئرنس آپریشن شروع کیا کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں کلیئر کیا شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد اب تک 13 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد ہلاک ہوچکے ہیں جبکہ کلیئر کیے گئے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا ہے علاقے میں خطرے کے مکمل خاتمے تک کلیئرنس آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 2

روایات نمایاں ہیں، جنہوں نے معاشرے کی تشکیل اور اجتماعی اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور یہی ثقافتی ولسانی تنوع صوبے کی اصل خوبصورتی اور قوت ہے۔ تمام اقوام اپنی منفرد ثقافتی شناخت کے ساتھ بلوچستان کی اجتماعی پہچان کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پشتون برادری نے بلوچستان کی سماجی، ادبی، سیاسی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، جسے قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ثقافتی ورثے کا تحفظ نئی نسل کو اپنی تاریخ، اقدار اور شناخت سے جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنی ثقافتوں، زبانوں اور روایات کو محفوظ بنائیں اور انہیں آنے والی نسلوں تک منتقل کریں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بسنے والی تمام اقوام کی ثقافتیں اور زبانیں صوبے کے مشترکہ ثقافتی ورثے کا حصہ ہیں۔ تمام ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا احترام اور فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا موقع ہے بلکہ امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور رواداری کے فروغ کا بھی پیغام ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تمام اقوام باہمی احترام، ہم آہنگی اور بھائی چارے کے ساتھ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار جاری رکھیں۔

بقیہ 3

کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کنک وادی میں 9 دہشتگردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کو بروقت اور مؤثر انداز میں ناکام بنایا۔ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور 3 موٹر سائیکلوں کی برآمدگی بھی اہم کامیابی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران زخمی ہونے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکار کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اور کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشتگرد عناصر بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت سے سرگرم عمل ہیں۔

بقیہ 4

بدھ کو جوش وخروش سے منایا گیا اس دن کی مناسبت سے جہانیاں کے پشتون علاقوں سمیت مختلف شہروں اور علاقوں میں ثقافتی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا پشتون نوجوانوں نے روایتی پگڑیاں باندھ کر تقریبات میں شرکت کی اس موقع پر مختلف سٹالز بھی لگائے گئے جن میں اُن ثقافتی اشیاء کو رکھا گیا جن کا استعمال اب ختم ہو رہا ہے۔ تقریبات میں پشتون کلچر کے مختلف رنگ نمایاں کیے گئے جن میں کشیدہ کاری سے مزین پوشاک، شادی بیاہ کے موقع پر استعمال ہونے والے خصوصی زیورات، خوراک، رہن سہن، ملبوسات، روایتی رقص شامل تھے۔ پشتون کلچر ڈے ہر سال 23 ستمبر کو منایا جاتا ہے، پشتون کلچر ڈے نہ صرف رسم ورواج کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے بلکہ اتحاد، امن اور اپنی شناخت پر فخر کرنے کا پیغام بھی دیتا ہے، پشتون ثقافت بہت کم دوسری ثقافتوں سے اثر انداز ہوئی اور پشتون ثقافت ان چند ثقافتوں میں سے ہے جو زیادہ تر اپنی اصل حالت میں برقرار ہے پشتون کلچر ڈے درحقیقت پشتون قوم کے بھرپور ثقافتی ورثے، روایات اور اقدار کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے پشتونوں کی مہمان نوازی، بہادری اور اجتماعی خدمت کے جذبے کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 5

لیگ ن کے نائب صدر حمزہ شہباز شریف کی زیر صدارت وزیر اعظم خصوصی فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا، جس میں ملک بھر سے مسلم لیگ ن کے ارکان قومی اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں سکیم کے نفاذ، عوام تک رسائی بڑھانے اور کم آمدنی والے طبقات کو ریلیف کی فراہمی کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکا کو بتایا گیا کہ خصوصی فیول ریلیف سکیم مکمل ڈیجیٹل نظام کے تحت جاری ہے۔ اجلاس کے دوران پیٹرول پمپس پر رجسٹریشن، ڈیجیٹل نظام اور عملی طور پر درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، جبکہ ارکان قومی اسمبلی نے اپنے اپنے حلقوں میں سکیم سے متعلق مسائل اور تجاویز بھی اجلاس کے سامنے رکھیں۔ حمزہ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ حلقوں میں مستحق افراد تک سکیم سے متعلق معلومات پہنچانے اور انہیں اس سہولت سے فائدہ اٹھانے میں معاونت فراہم کرنے کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی آگاہی مہم اور سہولت کاری کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ سکیم کا مؤثر نفاذ اور اہل شہریوں تک ریلیف کی یقینی رسائی اولین ترجیح ہے۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ حکومتی اداروں، پیٹرول پمپس اور عوامی نمائندوں کے درمیان روابط کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ پیٹرول سبسڈی کا فائدہ مستحق شہریوں تک پہنچانے میں کوئی رکاوٹ نہ رہے۔ انہوں نے مسلم لیگ ن کے ارکان قومی اسمبلی اور عوامی نمائندوں پر زور دیا کہ وہ اپنے حلقوں میں اہل افراد کو سکیم سے متعلق آگاہی فراہم کرنے اور انہیں ریلیف کے حصول میں معاونت دینے کے لیے فعال کردار ادا کریں۔

بقیہ 6

نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر بوسنیا وہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر ڈینس بیچیروویچ سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، اقتصادی، دفاعی، تعلیمی اور ثقافتی تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی وعالمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا بوسنیا وہرزیگووینا کو یورپی اور مغربی بلقان کی منڈیوں تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی کے لیے خطے کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے تاریخی، قریبی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 7

ملاقاتیں کی ہیں۔ ان مذاکرات کا بنیادی محور توانائی کا تحفظ، پی آئی اے کی جدید کاری، ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے قومی پروگرام میں تیزی لانا اور موسمیاتی فنانسنگ تک مؤثر رسائی حاصل کرنا رہا ہے۔ ورلڈ اکنامک فورم کے مکالمے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ عالمی سطح پر اب توجہ "توانائی کی منتقلی" سے ہٹ کر "توانائی کے تحفظ" پر مرکوز ہوچکی ہے۔ انہوں نے نجی شعبے کے تعاون سے پاکستان میں شمسی توانائی کے فروغ کو سراہا۔ بوئنگ گلوبل کے صدر ڈاکٹر برینڈن نیلسن سے ملاقات میں پی آئی اے کے بیڑے کی تجدید، نئے طیاروں کی خریداری، لیزنگ کے انتظامات اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی مالی معاونت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایبٹ فارماسیوٹیکل کے نمائندوں سے ملاقات میں ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے پروگرام میں سست رفتار پیش رفت پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور ٹیسٹس کے استعمال کو تیز کرنے کے لیے فوری اقدامات کی یقین دہانی کرائی گئی۔ کلائمیٹ فنانس سلوشنز ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کے شدید خطرات سے دوچار ملک قرار دیا اور عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ فنڈز کی فراہمی کے پیچیدہ طریقہ کار کو آسان بنایا جائے۔ وزیر خزانہ کے ان دوروں اور ملاقاتوں کا مقصد پاکستان کی معاشی اصلاحات، بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ اور موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا ہے۔

بقیہ 8

81ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی حصے کے موقع پر کینیا کے صدر ولیم روٹو سے ملاقات کی۔ وزیراعظم پاکستان نے مشرقی افریقی برادری کے ساتھ پاکستان کے روابط اور تعاون کو مزید فروغ دینے میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا اور کہا کہ دواسازی، ٹیکسٹائل، جراحی کے آلات، زراعت اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں کینیا کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ وزیراعظم اور صدر روٹو نے پاکستان اور کینیا کے باہمی تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور تعلقات کے مثبت سمت میں آگے بڑھنے پر اظہار اطمینان کیا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کینیا کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سیاسی، اقتصادی، تجارتی، دفاعی، تعلیمی اور عوامی سطح پر روابط سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ اقتصادی شعبے میں وزیراعظم نے دونوں ممالک کی باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے وسیع امکانات سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے بالخصوص دواسازی، ٹیکسٹائل، جراحی کے آلات، زراعت اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان روابط اور باہمی تعاون بڑھانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کینیا کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔

بقیہ 9

نے خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں 18 ستمبر کو مسجد میں ہونے والے خودکش دہشتگرد حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ سلامتی کونسل کے صدر اور فرانس کے نمائندے جیروم بونافونٹ کی جانب سے جاری پریس بیان کے مطابق حملے میں کم از کم 24 پاکستانی شہری جاں بحق ہوئے، جن میں 7 عام شہری اور 17 قانون نافذ کرنے والے اہلکار شامل ہیں، جبکہ کم از کم 88 افراد زخمی ہوئے۔ سلامتی کونسل کے ارکان نے حملے کو بزدلانہ اور قابل مذمت دہشت گرد کارروائی قرار دیتے ہوئے متاثرہ خاندانوں، حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام سے گہری ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 10

قرار دیا ہے۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق شاہ سلمان نے کہا ہے کہ مقدس شہر کو نشانہ بنانا دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو مشتعل کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے سعودی فوج اور سیکیورٹی اداروں کو مقدس مقامات، زائرین اور شہریوں کے دفاع پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی عرب نے گزشتہ ہفتے کہا تھا کہ حوثیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی طرف بھیجا گیا ڈرون روک لیا گیا ہے تاہم حوثیوں نے اس الزام کی تردید کرتے ہوئے اسے جھوٹا قرار دیا تھا۔

بقیہ 11

امریکا تک پہنچا دیں، ایرانی شرائط میں تمام محاذوں پر جنگ کے خاتمے اور امریکی کارروائیوں کو روکنا شامل ہے۔ اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ بحری ناکہ بندی، معاشی جنگ کا خاتمہ اور ایرانی اثاثوں کی بحالی بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کی تقریر کے دوران ایرانی وفد نے یو این اجلاس سے واک آؤٹ کیا، وزیر خارجہ عباس عراقچی نے متعدد ممالک سے دوطرفہ ملاقاتیں کیں، امریکا سے ایرانی وفد کے خصوصی حفاظتی اقدامات کی درخواست نہیں کی۔ اس سے پہلے ایرانی میڈیا نے دعویٰ کیا تھا کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے نیو یارک میں ٹرمپ کے خصوصی مندوب وٹکوف سے ملاقات کی ہے۔ دوسری جانب امریکی اہلکار نے دعویٰ کیا تھا کہ عباس عراقچی جیرڈ کشنر سے بھی ملے تھے۔

بقیہ 12

کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے اجلاس سے خطاب کیا۔ اسحاق ڈار نے غزہ میں جاری انسانی تکالیف فوری ختم کرنے اور متاثرہ فلسطینیوں تک بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے ناقابل واپسی سیاسی عمل آگے بڑھانا ضروری ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ ایک آزاد، خودمختار اور متصل فلسطینی ریاست کا قیام ناگزیر ہے، جو 1967 سے قبل کی سرحدوں کی بنیاد پر قائم ہو اور القدس الشریف کو اس کا دارالحکومت بنایا جائے۔ دو ریاستی حل کے حوالے سے اعلیٰ سطحی عالمی اجلاس کی میزبانی فرانس، کینیڈا اور برطانیہ نے کی۔ اجلاس میں فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون، کینیڈین وزیراعظم مارک کارنی اور برطانوی وزیراعظم اینڈی برنھم کی میزبانی میں مختلف ممالک کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے افتتاحی خطاب سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کیے، جبکہ فلسطینی صدر محمود عباس نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں اسپین، قطر، مصر، اردن، ناروے، آئرلینڈ، فن لینڈ اور ترکیہ سمیت متعدد ممالک کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 13

اب عوام کے سامنے آچکا ہے۔ مذکورہ خاتون کے اعتراف کے مطابق ان کے خاوند ذیشان کیانی پچھلے چھ برس سے اٹلی میں مقیم ہیں اور یورپی ملک کی شہریت حاصل کرنے کے لیے اس نے نام نہاد فسادی جتھے کی کال پر اپنی بیٹیوں کے ہمراہ پھٹر کے مقام پر احتجاج میں پیش پیش رہے۔

بقیہ 14

صوبوں، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ایک مطالعاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ 76 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 24 فیصد نے مخالفت کی۔ دی انسٹی ٹیوٹ آف انسائٹس اینڈ امپیکٹ کے اسٹریٹجک اسٹڈیز کی مطالعاتی رپورٹ کے مطابق 31 جولائی سے 20 ستمبر 2026 کے دوران سوشل میڈیا، آن لائن ذرائع اور دستیاب مطبوعہ رپورٹنگ سمیت مختلف ذرائع سے 98** ہزار 368 نوجوانوں** کی رائے کا جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 79 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 21 فیصد نے مخالفت کی۔ خیبر پختونخوا میں 75 فیصد نے حمایت اور 25 فیصد نے مخالفت کی، جبکہ وفاقی دارالحکومت میں 74 فیصد نوجوان نئے صوبوں کے قیام کے حق میں اور 26 فیصد مخالفت میں سامنے آئے۔

بقیہ 15

بڑی مقدار میں شراب اور غیر قانونی ادویات برآمد کی گئیں، جبکہ ضبط شدہ ممنوعہ اشیا مزید قانونی کارروائی کے لیے پاکستان کوسٹ گارڈز کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ مشترکہ کارروائی بین الادارہ جاتی رابطہ کاری اور مؤثر تعاون کے ذریعے اسمگلنگ کی روک تھام میں اداروں کے فعال کردار کی عکاسی ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے سمندری حدود اور ملکی سرزمین کو غیر قانونی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے سے روکنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے اسمگلنگ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور مشترکہ کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 16

شیر آفریدی کے انتقال پر تعزیت کے لیے شاہ جی گل آفریدی کی رہائش گاہ پہنچ گئے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سابق گورنر خیبر پختونخوا اقبال ظفر جھگڑا اور وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی خان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ حاجی تاج محمد آفریدی اور الحاج جنت شیر آفریدی کی وفات پر دلی افسوس ہوا۔ ان کی سماجی وسیاسی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ مرحومین کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا آسانی سے پر نہیں ہوسکے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔

بقیہ 17

کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے 2 سنیچرز سمیت 10 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 4 پسٹل، 2 موبائل فون، موٹر سائیکلیں برآمد کرکے قبضے میں لے لیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ کچلاک کے عملے نے سنیچرز 3 خطرناک موٹر سائیکل سنیچرز کے خلاف کارروائی کی تو ملزمان نے گلی اتوزئی میں کارروائی کی تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کردی پولیس کی جوابی فائرنگ کے بعد 2 ملزمان اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے 2 زخمی ملزمان سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 پسٹل بمعہ راؤنڈ چھینی گئی 2 موٹر سائیکلیں، موبائل فون اور 3 ہزار روپے برآمد کرلیے۔ اسی طرح صدر پولیس نے سنیچر یونس مسیح کو گرفتار کرکے پسٹل اور راؤنڈ برآمد کرلیے۔ اسی طرح منظور شہید کے عملے نے 2 اشتہاری ملزمان موسیٰ کلیم اور امیر خان کو گرفتار کرلیا۔ اس کے علاوہ خروٹ آباد پولیس نے نصیب اللہ کے قبضے سے چھینا گیا موبائل اور شہید امیر محمد دستی کے عملے نے بسم اللہ کے قبضے سے ایک پسٹل اور راؤنڈ برآمد کرلیے بروری پولیس نے عبدالشکور کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیے۔ غنی شہید تھانہ خروٹ آباد کے عملے نے اشتہاری حاجی نذر محمد کو اور نصیب اللہ کے قبضے سے چھینا گیا موبائل برآمد کرلیا پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی

بقیہ 18

(آئی ایم ایف) اور پاکستانی حکام کے درمیان اقتصادی و مالیاتی امور پر مذاکرات کا باضابطہ آغاز ہوگیا ہے۔ آئی ایم ایف کے حکام نے میڈیا سے غیررسمی گفتگو کرتے ہوئے تصدیق کی ہے کہ موجودہ دورے کے دوران پاکستان کے ساتھ اہم مالیاتی پروگرام کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ آئی ایم ایف ذرائع کے مطابق عالمی ادارے کے وفد کی قیادت آئیوا پیٹرووا کررہی ہیں۔ مذاکرات کے دوران بنیادی طور پر ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے تحت اب تک کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا، جبکہ اس کے علاوہ آر ایس ایف اور آرٹیکل فور مشاورت کے تحت بھی تفصیلی بات چیت جاری ہے۔ موجودہ اقتصادی سیٹ اپ میں پاکستان کے مجموعی معاشی اور مالیاتی امور کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ ملکی معیشت کو استحکام کی طرف گامزن رکھنے کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل کا تعین کیا جاسکے گا۔

بقیہ 19

امور خواتین اور پنجاب کمیشن برائے امور خواتین کے چیئرپرسنز کی تقرری میں مسلسل تاخیر پر شدید ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی کا اجلاس چیئرپرسن ڈاکٹر نفیسہ شاہ کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ اجلاس میں ارکان نے کہا کہ طویل عرصے سے خالی آسامیوں کے باعث خواتین کے حقوق سے متعلق کمیشنز کی مؤثر کارکردگی، ادارہ جاتی اختیار اور کام کے تسلسل پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ کمیٹی نے متعلقہ قانونی تقاضوں کے مطابق تقرریوں کا عمل مزید تاخیر کے بغیر مکمل کرنے پر زور دیا۔

بقیہ 20

میں دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ روم میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ہونے والی اعلیٰ سطحی ملاقات میں وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے بنگلہ دیشی وزرا سے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں مشترکہ موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے، پائیدار اور موسمیاتی لچکدار زرعی نظام کے فروغ اور غذائی تحفظ کے لیے دونوں ممالک کے تجربات سے استفادے پر زور دیا گیا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش مشترکہ موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تعاون کو مزید وسعت دے سکتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے پائیدار اور لچکدار زرعی نظام کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان زرعی تحقیق، جدید ٹیکنالوجی اور لائیوسٹاک کی ترقی کے شعبوں میں بنگلہ دیش کے ساتھ تعاون بڑھانے کے لیے تیار ہے۔ دونوں ممالک تحقیق اور فنی مہارتوں کے تبادلے کے ذریعے ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بقیہ 21

ہوئے 8 ڈرونز کو مار گرایا، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں جبکہ 4 ڈرونز کوہاٹ سے متصل سرحدی پہاڑی علاقوں میں گرائے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ افواج پاکستان اور پاک فضائیہ نے عوامی مقامات کو نشانہ بنانے کی کوشش کو پیشہ ورانہ انداز میں ناکام بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق ڈرونز کی دراندازی افغان طالبان رجیم کی جانب سے دہشتگردوں کی براہ راست معاونت اور سرپرستی کا مزید ثبوت ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات افواج پاکستان نے کرم سیکٹر میں افغان طالبان رجیم کے متعدد مورچوں اور ٹھکانوں کو اشتعال انگیز فائرنگ کے جواب میں نشانہ بنایا تھا۔ افواج پاکستان ملک اور عوام کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔

بقیہ 22

قومی دن کے موقع پر پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان عشروں پر محیط برادرانہ، تاریخی اور اسٹریٹجک تعلقات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سعودی قومی دن دونوں برادر ممالک کے درمیان اخوت کے لازوال رشتے اور مضبوط شراکت داری کی تجدید کا موقع ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات محض سفارتی روابط تک محدود نہیں بلکہ عقیدت، اعتماد، اخوت اور باہمی احترام کے مضبوط بندھن پر قائم ہیں۔ کئی دہائیوں پر محیط یہ تعلقات وقت کے ساتھ دفاع، سلامتی، معیشت اور اسٹریٹجک تعاون سمیت ہر شعبے میں مزید گہرے ہوئے ہیں۔ دونوں ممالک نے ہر مشکل گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ دے کر باہمی اعتماد کی مضبوط روایت قائم کی ہے۔

بقیہ 23

بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کنک وادی میں کارروائی کے دوران 9 دہشتگرد ہلاک کیے گئے، جو دہشتگردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں اہم پیش رفت ہے۔ دہشتگردوں کی جانب سے سیکیورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کو سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کرکے مزید 7 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا، سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ کارروائی کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کے ایک جوان کے زخمی ہونے پر افسوس ہے، قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلوچستان میں امن واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں، دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں۔

بقیہ 24

خودارادیت کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا اور او آئی سی سیکریٹری جنرل، رابطہ گروپ کے ارکان، خصوصی نمائندہ برائے جموں وکشمیر اور او آئی سی آزاد مستقل انسانی حقوق کمیشن کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ پاکستان کی وزارت خارجہ نے 81ویں جنرل اسمبلی اجلاس کے دوران اسحاق ڈار کی او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کو پہلے ہی اپنے پروگرام کا حصہ قرار دیا تھا۔ نیویارک میں او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں وکشمیر کے وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ بھارت کے زیر انتظام جموں وکشمیر میں سیاسی اور شہری آزادیوں پر مسلسل پابندیاں تشویشناک ہیں۔ ان کے مطابق علاقے کی آبادیاتی، سیاسی اور ثقافتی شناخت تبدیل کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ جموں وکشمیر کا تنازع عالمی سطح پر تسلیم شدہ معاملہ ہے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود ہے۔

بقیہ 25

ہے، اس مقصد کیلئے ڈیجیٹل سہولیات کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، ٹیکس امور سے متعلق مسائل کے فوری حل اور پالیسی سازی میں ٹیکس پریکٹیشنرز سمیت تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹیکس انتظامی نظام میں بہتری لانا ایف بی آر کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر رانا ثاقب منیر اور جنرل سیکرٹری فاروق گھر کی قیادت میں ملاقات کرنے والے عہدیداران کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ممبر آپریشنز ایف بی آر، چیف ڈومین پی آر اے ایل (پرال) لاہور کے چیف کمشنرز ایل ٹی او، سی ٹی او اور آر ٹی او ون اور آر ٹی او ٹو سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ٹیکس دہندگان، ٹیکس پریکٹیشنرز اور ایف بی آر کے فیلڈ فارمیشنز سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ لاہور ٹیکس بار کے وفد نے ٹیکس سے متعلق تکنیکی اور سسٹم کے مسائل کے فوری حل کیلئے لاہور میں پی آر اے ایل (پرال) کا دفتر قائم کرنے کا مطالبہ کیا تاکہ ٹیکس دہندگان اور ٹیکس ماہرین کو درپیش مشکلات کا بروقت ازالہ ممکن بنایا جاسکے۔

بقیہ 26

دراندازی کی مبینہ کوشش ناکام بنادی گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغانستان کے صوبوں ننگرہار اور پکتیا میں موجود افغان پوسٹوں سے فتنہ الخوارج کی مبینہ دراندازی کی کوشش کی گئی، جسے پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دراندازی کی کوشش ناکام ہونے کے بعد افغان طالبان کی جانب سے کرم سیکٹر میں پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ شروع کی گئی۔ افغان جانب سے بھاری ہتھیاروں، مارٹرز اور دیگر اسلحے کا استعمال کیا گیا۔ پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے فائرنگ کا فوری اور بھرپور جواب دیا۔ ذرائع کے مطابق جوابی کارروائی میں افغان طالبان کی متعدد سرحدی پوسٹوں، مارٹر پوزیشنز اور دفاعی چوکیوں کو نشانہ بنایا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ مؤثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان کی متعدد پوسٹیں خالی کیے جانے کی اطلاعات ہیں، جبکہ پاکستانی فورسز نے سرحدی علاقوں میں اپنی پوزیشنز اور کنٹرول برقرار رکھا۔ ذرائع کے مطابق سرحدی صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے اور سیکیورٹی فورسز کسی بھی ممکنہ اشتعال انگیزی یا دراندازی کی کوشش کا فوری جواب دینے کے لیے مکمل طور پر الرٹ ہیں۔

بقیہ 27

اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے آسٹریا کی وزیر خارجہ سے علاقائی وعالمی امور سمیت غزہ سمیت مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں اسحاق ڈار نے تنازعات کے حل کیلئے مکالمے، سفارت کاری اور پرامن طریقہ اختیار کرنے پر زور دیا اور کہا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر اور عالمی قوانین کے اصولوں کی پاسداری ضروری ہے۔ آسٹریا کی وزیر خارجہ نے علاقائی امن واستحکام کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا اور کہا کہ علاقائی و عالمی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مسلسل سفارتی روابط کی ضرورت ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تمام فریقین کی جانب سے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے۔

بقیہ 28

میں امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب میں رجب طیب اردوان نے کہا کہ کشمیر سمیت تمام تنازعات کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت حل کیا جائے۔ انہوں نے پاک بھارت تنازعات کے حل کے لیے بامقصد مذاکرات پر بھی زور دیا۔ ترک صدر نے ایک بار پھر کشمیری عوام کی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے پاکستان کے مؤقف کی تائید کی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی موجودگی میں ترک صدر نے مسئلہ کشمیر پر مؤقف پیش کیا۔ ترک صدر نے فلسطین سمیت تمام مظلوم اقوام کا مقدمہ بھی جنرل اسمبلی میں پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ اپنا کردار ادا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق ترک صدر کا خطاب عالمی میڈیا میں بھی نمایاں رہا۔

بقیہ 29

انٹرویو میں وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ آرٹیکل 232 کے تحت گورنر راج لگانے کے حوالے سے غور کر رہے ہیں۔ بیرسٹر عقیل ملک کا اپنی گفتگو میں مزید کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کے اندر گورننس کے ایشوز ہیں، صوبے کے عوام کو بے یارو مددگار چھوڑ دیا گیا ہے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے پشاور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کے اسلام آباد جانے کا نہیں بلکہ اقتدار سے جانے کا وقت آگیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والوں کو اسلام آباد میں انتشار نہیں پھیلانے دیں گے، تحریک انصاف پی ٹی آئی بی ٹیم ہے، یہ سیاسی لوگ نہیں ہیں، انتشار پھیلاتے ہیں۔

بقیہ 30

امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے اپنی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا تھا کہ ایران جنگ میں کم از کم 22 امریکی فوجی ہلاک ہوچکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایران جنگ میں امریکی فوجیوں کی ہلاکتیں پینٹاگون کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار سے کہیں زیادہ ہیں۔ دوسری جانب امریکا نے ایران سے جنگ میں 18 فوجیوں کی ہلاکت اور 417 کے زخمی ہونے کا اعتراف کیا تھا۔

بقیہ 31

گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سفارتخانے نے پاکستانی شہریوں کو سوشل میڈیا کے استعمال میں بھی مقامی قوانین کی پابندی اور احتیاط برتنے کا مشورہ دیا ہے۔ سفارتخانے کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام میں کہا گیا ہے کہ سعودی قوانین کے تحت کسی بھی قسم کی سیاسی سرگرمی میں ملوث ہونا ممنوع ہے۔

بقیہ 32

قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی اور ریاستی مہمان وفد نے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان مالدیپ فرینڈشپ گروپ کی کنوینر اور رکن قومی اسمبلی محترمہ شائستہ خان بھی وفد کے ہمراہ موجود تھیں۔ سی ای او پی آئی اے ایئر وائس مارشل عامر حیات نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا، جہاں دونوں برادر ممالک کے درمیان تجارت، سیاحت اور عوامی روابط کو فروغ دینے کے لیے براہ راست فضائی آپریشن شروع کرنے پر تفصیلی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 33

ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے انہیں ادارے کی کارکردگی اور سائبر جرائم کے خلاف اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کی نئی جرائم کے انسداد کی حکمت عملی، سائبر جرائم سے نمٹنے کے اقدامات، غیر قانونی کال سینٹرز اور آن لائن فراڈ کے نیٹ ورکس کے خلاف جاری کارروائیوں سے آگاہ کیا گیا۔ سیکرٹری داخلہ احمد رضا سرور نے غیر قانونی کال سینٹرز اور آن لائن فراڈ نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سائبر کرائم موجودہ دور کا ایک بڑا چیلنج ہے اور اس سے نمٹنے میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کا کردار کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو سائبر فراڈ، ہراسگی اور مالیاتی جرائم سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کو جدید، مضبوط اور پیشہ ورانہ ادارہ بنانے کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ احمد رضا سرور نے ادارے کی استعداد کار بڑھانے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور افرادی قوت میں اضافے کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

بقیہ 34

کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ مستونگ کے علاقے کنک وادی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے چوکی پر حملے کی بزدلانہ کوشش کی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا انہوں نے کہا کہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا سیکیورٹی فورسز نے تعاقب کیا اور کارروائی کے دوران مزید 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا، جس کے بعد کارروائی میں ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 9 ہوگئی ہے۔

بقیہ 35

کے منصوبوں کو مؤثر بنانے کی ضرورت ہے، بیرونی مالی معاونت کے ساتھ ملکی وسائل کو متحرک کرنا ناگزیر ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کے حکومتی اقدامات پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید خطرات کا سامنا ہے، سیلاب سے بنیادی ڈھانچے اور آبادیوں کو پہنچنے والے نقصانات نمایاں ہیں، آفات سے نمٹنے کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، قبل از وقت انتباہ کے نظام کو بہتر بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ موسمیاتی سرمایہ کاری کے منصوبوں کو مؤثر بنانے کی ضرورت ہے، بیرونی مالی معاونت کے ساتھ ملکی وسائل کو متحرک کرنا ناگزیر ہے، مالیاتی گنجائش کو مستحکم رکھنا موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ضروری ہے، عالمی بینک اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے ذریعے مالی وسائل کے حصول کے اقدامات جاری ہیں، بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس کے ذریعے بھی مالی وسائل کے حصول پر کام جاری ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ عالمی موسمیاتی فنڈز تک رسائی آسان بنائیں۔ وزیر خزانہ نے گرین کلائمیٹ فنڈ اور لاس اینڈ ڈیمج فنڈ کے طریقہ کار کو آسان بنانے پر زور دیا اور کہا کہ موسمیاتی فنانسنگ تک رسائی کو تیز کرنا ہوگا، آفات سے نمٹنے، موافقت اور بحالی وتعمیر نو کے لیے مالی وسائل ضروری ہیں۔

بقیہ 36

کے موقع پر پشتون عوام سمیت پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، وفاداری اور بھائی چارے کی خوبصورت پہچان ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط ایک ایسی تہذیبی میراث ہے جس نے امن، محبت اور انسان دوستی کے رنگوں سے پاکستان کی قومی شناخت کو مالا مال کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون عوام نے پاکستان کی تعمیر، جمہوریت اور ملکی سلامتی کے لیے ہمیشہ بے مثال قربانیاں دی ہیں، جبکہ پشتون ماؤں، بزرگوں اور نوجوانوں کی استقامت اور قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابل فخر باب ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پاکستان کی خوبصورتی اس کے تمام ثقافتی رنگوں کے باہمی احترام اور یکجہتی میں ہے۔ پیپلز پارٹی ایک ایسے پاکستان پر یقین رکھتی ہے جہاں ہر قوم، زبان اور ثقافت کو مساوی احترام اور اپنی شناخت کے اظہار کا حق حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ کلچر ڈے ہمیں اپنی ثقافتی جڑوں سے جڑنے، ایک دوسرے کا احترام کرنے اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنانے کا پیغام دیتا ہے۔

بقیہ 37

پاک امریکا تعلقات کے فروغ، سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور خطے میں امن واستحکام کے لیے مشترکہ کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران خطے کی تازہ ترین صورتحال، علاقائی سیکیورٹی کے امور اور پاکستان کی جانب سے امن کے لیے جاری کوششوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ دونوں جانب سے دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے باہمی رابطوں کو مستحکم بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات میں پاکستان اور امریکا کے درمیان تعلقات کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ باہمی تعاون کے ذریعے سرمایہ کاری اور دیگر شعبوں میں تعاون کے نئے امکانات پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ دنیا اور دہشت گردی کے درمیان پاکستان ایک مضبوط دیوار ہے۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں اور اس کے عزم کو اجاگر کیا۔ امریکی سفیر نٹالی بیکر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں اور کوششوں کو سراہا۔ ملاقات میں خطے میں امن و استحکام کے لیے تعاون اور سیکیورٹی امور پر رابطے جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 38

بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے واقعے میں فرض کی راہ میں جام شہادت نوش کرنے والے دو پولیس اہلکاروں عبدالرؤف اور محمد یاسر کی قربانی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ سے گہرے دکھ اور دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان بہادر جوانوں نے اپنے فرض کی ادائیگی میں جان کا نذرانہ پیش کرکے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تونسہ میں پولیو ٹیم پر حملہ دراصل انسانیت اور ہمارے ملک کے بچوں کے محفوظ مستقبل پر حملہ ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے عزم ظاہر کیا کہ پوری قوم اپنے بچوں کے بہتر اور محفوظ مستقبل کے لیے جانوں کا نذرانہ دینے والے ان شہداء کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، اور ملک سے اس موذی مرض کے خاتمے کی جنگ پوری عزم کے ساتھ جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 39

ہوئے کہا کہ وہ اپنی تاریخ سے روشنی، اپنی ثقافت سے شناخت، علم سے طاقت اور اپنے مستقبل سے امید حاصل کریں۔ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں اپنی ثقافتی جڑوں سے وابستگی اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگی ایک دوسرے کی ضد نہ ہوں بلکہ ایک دوسرے کی تکمیل بنیں۔ انسانی تہذیب کا سفر دراصل انسان کی مسلسل تخلیقی، فکری اور سماجی ترقی کی داستان ہے۔ لفظ کلچر کی جڑیں لاطینی زبان کے لفظ کلتور سے وابستہ ہیں، جس کا بنیادی مفہوم زمین کی کاشت اور زرخیزی سے متعلق ہے۔ وقت کے ساتھ یہی تصور انسانی ذہن، معاشرے اور تہذیب کی تعمیر ونشوونما تک پھیل گیا۔

بقیہ 40

علامہ طاہر محمود اشرفی نے نجی بینک کا دورہ کرکے دینی مدارس کے بینک اکاؤنٹس کھولنے کے عمل کا جائزہ لیا ہے، جہاں بینک عملے نے انہیں اس حوالے سے جاری کارروائی سے تفصیلی آگاہ کیا۔

بقیہ 41

میں سول ایوارڈز عطا کرنے کے موجودہ نظام پر نظر ثانی کرنے کا بڑا فیصلہ کرتے ہوئے طریقہ کار کو مزید شفاف، معروضی اور میرٹ پر مبنی بنانے کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی 16 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ کابینہ ڈویژن نے اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر قائم کی جانے والی اس جائزہ کمیٹی کے کنوینر سابق سیکرٹری محمود کھوسہ ہوں گے۔ کمیٹی سول ایوارڈز کی نامزدگیوں، جانچ پڑتال، قانونی فریم ورک اور اہلیت کے معیار کا جامع جائزہ لے گی۔ اس کے علاوہ یہ کمیٹی موجودہ نظام میں موجود خامیوں اور ابہام کی نشاندہی کرکے ایوارڈز کے عمل کو سیاسی اور دیگر غیر ضروری اثر ورسوخ سے مکمل طور پر آزاد بنانے کے لیے ٹھوس سفارشات مرتب کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی میں چیئرمین واپڈا سمیت کابینہ ڈویژن، پارلیمانی امور، ایف بی آر اور کامرس کے سیکرٹریز کے علاوہ پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کے چیف سیکرٹریز بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ نامور شخصیات سجاد قاضی اور جمال شاہ بھی کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ کمیٹی قومی شمولیت اور مساوات کو یقینی بناتے ہوئے ایوارڈز کے نظام کو غیر صوابدیدی اور زیادہ معتبر بنانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کرے گی۔

بقیہ 42

پیش رفت جاری رکھے ہوئے ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کو سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی اور آزمودہ برادرانہ تعلقات پر بے حد فخر ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات ایمان، باہمی اعتماد اور دونوں برادر عوام کے درمیان گہرے اور دیرینہ رشتے پر استوار ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ولی عہد کی سرپرستی میں پاک سعودی برادرانہ رشتہ مزید مضبوط اسٹریٹجک شراکت داری میں تبدیل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے اور مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ وزیراعظم نے سعودی عرب پر حالیہ حوثی حملوں، بالخصوص مقدس شہر مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی قابل مذمت کوشش کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کے تقدس اور سلامتی کو لاحق کوئی بھی خطرہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو شدید مجروح کرتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور اسلام کے مقدس ترین مقامات کے تقدس کے تحفظ کے لیے ہمیشہ ثابت قدمی کے ساتھ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔ وزیراعظم نے سعودی قومی دن کے موقع پر اس امید اور دعا کا اظہار کیا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ دوستی اور تعلقات مزید مضبوط سے مضبوط تر ہوتے رہیں۔ انہوں نے اپنے پیغام کا اختتام پاکستان سعودی عرب دوستی پائندہ باد کے عزم کے ساتھ کیا۔

بقیہ 43

ے بلوچستان کے علاقے پشکان میں اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنانے پر پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کارروائی میں حصہ لینے والے اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور تیاری کی تعریف کی ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جوائنٹ اینٹی اسمگلنگ آپریشن کے دوران شراب اور غیر قانونی ادویات سمیت ممنوعہ اشیاء کا ایک بڑا ذخیرہ ضبط کیا گیا۔ انہوں نے کامیاب کارروائی پر پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز کے اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملک سے اسمگلنگ کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر باہمی رابطہ اور تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے اداروں کی مربوط اور بروقت کارروائیاں ملکی معیشت کے تحفظ اور قانون کی عملداری یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ وزیراعظم نے پشکان میں کامیاب کارروائی میں حصہ لینے والے اہلکاروں کی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور تیاری کو سراہتے ہوئے اسمگلنگ کے خلاف مؤثر اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 44

وفاقی وزیر نوابزادہ میر اسرار اللہ زہری اور مرکزی کابینہ کے اراکین نے پشتون ثقافتی دن کے موقع پر دنیا بھر میں آباد پشتون عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت، تاریخی شعور اور اجتماعی اقدار کا آئینہ دار ہوتی ہے۔ اپنی ثقافت، زبان، روایات اور تاریخی ورثے کا تحفظ دراصل آنے والی نسلوں کے ساتھ اپنے تہذیبی رشتے کو مضبوط بنانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط روایات اور اعلیٰ انسانی اقدار کی امین ہے جن میں رواداری، برداشت، بھائی چارہ، مہمان نوازی، خودداری اور باہمی احترام نمایاں ہیں۔ یہ اقدار نہ صرف پشتون معاشرے کی تہذیبی شناخت کا حصہ ہیں بلکہ خطے میں سماجی ہم آہنگی، باہمی احترام اور امن کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور اس متنوع ثقافتی ورثے کا احترام ہی باہمی اعتماد، سماجی ہم آہنگی اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ پشتون ثقافتی دن اپنی تہذیبی شناخت، روایات اور تاریخی ورثے سے تجدید عہد کا بھی موقع فراہم کرتا ہے۔

بقیہ 45

اقتصادی سرگرمیوں میں بہتری کی نشاندہی کرتے ہوئے شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کا تخمینہ پیش کیا گیا ہے، جبکہ مالی سال 2027 میں بھی شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق خطے میں جاری مشرق وسطیٰ کے تنازع اور توانائی کی بلند قیمتیں آئندہ مالی سال بھی پاکستان کی معاشی سرگرمیوں پر اثرانداز ہوسکتی ہیں۔ اے ڈی بی کے مطابق مالی سال 2025 میں پاکستان کی اقتصادی شرح نمو 3.2 فیصد رہی تھی، جبکہ مالی سال 2026 کے پہلے نو ماہ میں اوسط شرح نمو تقریباً 4 فیصد رہی۔ تاہم مشرق وسطیٰ کے تنازع کے باعث مالی سال کی آخری سہ ماہی میں معاشی سرگرمیوں پر دباؤ آیا۔

بقیہ 46

نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کرتے ہوئے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں 9 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے اور کہا ہے کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ محسن نقوی نے ایک بیان میں کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں۔ آپریشن ردالفتنہ 3 میں حصہ لینے والے وطن کے بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشنز پوری قوت سے جاری ہیں اور جاری رہیں گے۔

بقیہ 47

لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود، ہلال امتیاز (ملٹری) کو مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم کیے جانے والے اتحاد کا پہلا سیکریٹری جنرل مقرر کرنے کا اعلان کردیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم ہونے والے اتحاد کے جنرل سیکریٹریٹ کی قیادت سیکریٹری جنرل کریں گے، جبکہ اتحاد کا جنرل سیکریٹریٹ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جارہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود معاہدے کے تحت اتحاد کے پہلے سیکریٹری جنرل کی حیثیت سے ذمہ داریاں انجام دیں گے۔

بقیہ 48

قومی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں عوام سے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی صحت، سلامتی اور کامیابی کے لیے دعا کرنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی قیادت کی بصیرت اور رہنمائی ملک کی سلامتی، خوشحالی اور قومی اتحاد کے لیے اہم ہے۔ قرآن وسنت کی روشنی میں حکمرانوں کے لیے خلوص دل سے دعا کرنا، وفاداری کا اظہار اور وطن سے محبت کو عملی طور پر اپنانا ضروری ہے۔ الشیخ ایاد بن احمد الشکری نے کہا کہ وفاداری اور حب الوطنی کے بہترین اظہار میں حکمرانوں کے لیے خیر و بھلائی کی دعا بھی شامل ہے، تاکہ ان کی رہنمائی میں معاشرہ مضبوط ہو، اقوام عزت حاصل کریں اور عوام کی زندگیوں میں امن، تحفظ اور خوشحالی کو فروغ ملے۔

بقیہ 49

نے گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس سے ملاقات کی، جس میں پاکستان میں پولیو کے خاتمے، ماں اور بچے کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ڈیجیٹلائزیشن، مالیاتی شمولیت اور زرعی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے رواں ماہ کے اوائل میں گیٹس فاؤنڈیشن کی ٹیم کے دورہ پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے صحت عامہ اور سماجی و اقتصادی ترقی کے مختلف شعبوں میں فاؤنڈیشن کے تعاون کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس مقصد کے لیے گیٹس فاؤنڈیشن کی طویل عرصے سے جاری معاونت پر بل گیٹس کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے اپنے ذاتی عزم کا بھی اظہار کیا۔ اس موقع پر بل گیٹس نے وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان کی پولیو کے خاتمے کے لیے جاری کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ آئندہ نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو کا مکمل خاتمہ انتہائی اہم ہے۔ بل گیٹس نے ملک بھر میں پولیو ویکسینیشن پروگرام کے حوالے سے صوبائی حکومتوں کو وزیراعظم کی جانب سے فراہم کی جانے والی ذاتی رہنمائی کو بھی سراہا۔ ملاقات میں وزیراعظم نے پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں گیٹس فاؤنڈیشن کے شراکت دارانہ کردار کو سراہتے ہوئے صحت عامہ، زراعت، ڈیجیٹل جدت اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے بل گیٹس کو حکومت کی جانب سے زرعی شعبے میں کی جانے والی اصلاحات سے بھی آگاہ کیا۔

بقیہ 50

ایس پی آر) نے خصوصی نغمہ ایک دوجے کے دل و جان جاری کردیا، جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ، برادرانہ اور باہمی محبت پر مبنی تعلقات کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس نغمے میں خوبصورت دھن کے ساتھ اردو اور عربی دونوں زبانوں کے ذریعے پاک سعودی دوستی، برادرانہ تعلقات، مشترکہ اقدار اور امن کے عزم کا پیغام اجاگر کیا گیا ہے۔ نغمے میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مضبوط دفاعی تعاون اور باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔

بقیہ 51

میں بے ضابطگیوں اور بجلی چوری سے متعلق قائم کمیٹی کے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔ اجلاس میں بجلی چوری کی روک تھام، تقسیم بجلی کے نقصانات کم کرنے اور بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی کو پاور ڈویژن، نیپرا، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن، پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی اور دیگر متعلقہ اداروں نے بجلی چوری، تقسیم کے نقصانات، ریکوری اور شعبہ توانائی میں ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ غور وخوض کے بعد کمیٹی نے بجلی کی تمام تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کا جامع تکنیکی آڈٹ کرانے کا فیصلہ کیا، تاکہ بجلی چوری کے اصل حجم، وجوہات اور متاثرہ علاقوں کے ساتھ ساتھ تکنیکی و تجارتی نقصانات کا بھی تعین کیا جاسکے۔

TENDER NOTICE

TSE-2627091198453 The ASSISTANT DIRECTOR KACHHI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 2000 and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF PCC STREET SIDE DRAIN & SOLAR STREET LIGHTSBRHAIM BARAN DHADAR DISTRICT KACHHI	20,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 14,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **09 October, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **09 October, 2026** till **11:00 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Local Government Office, Dhadar

Phone no: 0832415425
Email: qazi.shoran@gmail.com

DPRQ/PRQ No.1526/23-9-2026

ASSISTANT DIRECTOR
Local Government and R&D
KACHHI

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgprbalochistan